سنیں گے اور نہ گناہ کی بات (فحش)، بس ان کا کلام

سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ

سلام ہی سلام ہوگا، اور داہنے ہاتھ والے (واہ)

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾ فِيْ سِدْرٍ

داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا، بے کانٹے کی بیریوں اور لدے گتھے ہوئے کیلوں،

مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾

اور لمبی لمبی چھاؤں، اور جھرنے کے پانی اور الغاروں

وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾

میووں میں ہوں گے جو کبھی ختم نہ ہوں گے، اور نہ ان کی

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا

کوئی روک ٹوک، اور اونچے اونچے (نرم گدوں کے) فرشوں میں

مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾

(مزے کرتے) ہوں گے (ان کو وہ حوریں ملیں گی) جن کو ہم نے

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ

نت نیا پیدا کیا ہے تو ہم نے کنواریاں پیاری پیاری ہمجولیاں

أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِّأَصْحٰبِ

بنایا (یہ سب سامان) داہنے ہاتھ (میں اعمال نامہ لینے) والوں کے واسطے

الْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَ

ہے، (ان میں) بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے اور

ثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿٤٠﴾ وَأَصْحٰبُ

بہت سے پچھلے لوگوں میں سے اور بائیں ہاتھ (میں

الشِّمَالِ ۥ مَا أَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾

نامہ اعمال لینے) والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں

فِي سَمُومٍ وَّحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَّظِلٍّ

(دوزخ کی) لوں اور کھولتے ہوئے پانی اور کالے سیاہ دھوئیں

مِّن يَّحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا

کے سایہ میں ہوں گے، جو۔۔۔۔۔۔۔نہ ٹھنڈا ہے اور نہ

كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ

خوش آئند، یہ لوگ اس سے پہلے (دنیا میں)

ذٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا

خوب عیش اڑا چکے تھے اور بڑے

يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾

گناہ (شرک) پر اڑتے رہتے تھے،

وَكَانُوا يَقُولُونَ ۙ أَئِذَا مِتْنَا

اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مرجائیں گے اور (سڑ گل کر)

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَإِنَّا

مٹی اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں) رہ جائیں گی تو کیا

لَمَبْعُوثُونَ ﴿۴۷﴾ أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿۴۸﴾

ہمیں یا ہمارے اگلے باپ داداؤں کو پھر اٹھنا ہے

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿۴۹﴾

(اے رسول) تم کہہ دو کہ اگلے اور پچھلے

لَمَجْمُوعُونَ ۙ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ

سب کے سب روز معین کی معیاد پر ضرور

مَّعْلُومٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ

اکٹھے کیے جائیں گے پھر تم کو بے شک اے

الْمُكَذِّبُونَ ﴿۵۱﴾ لَآكِلُونَ مِن

گمراہو جھٹلانے والو، یقیناً (جہنم میں) تھوہر کے

شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِئُونَ مِنْهَا

درختوں میں سے کھانا ہوگا تو تم لوگوں

الْبُطُونَ ﴿۵۳﴾ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ

کو اسی سے (اپنا) پیٹ بھرنا ہوگا اس کے اوپر کھولتا ہوا

الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾

پانی پینا ہوگا اور پیو گے بھی تو پیاسے اونٹ کا سا ڈگڈگا کے ،

هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ

پینا قیامت کے دن یہی ان کی مہمانی ہوگی تم لوگوں کو (پہلی بار بھی)

خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾

ہم ہی نے پیدا کیا ہے پھر تم لوگ (دوبارہ کی) کیوں نہیں تصدیق

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ

کرتے تو جس نطفہ کو تم (عورتوں کے) رحم میں ڈالتے ہو کیا تم

تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾

نے دیکھ بھال لیا ہے ؟ کیا تم اس سے آدمی بناتے ہو؟ یا ہم

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ

بناتے ہیں ہم نے تم لوگوں میں موت کو مقرر کر دیا ہے اور ہم

وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰٓى

اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے ایسے

اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ

اور لوگ بدل ڈالیں اور تم لوگوں کو اس (صورت)

فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ

میں پیدا کریں جسے تم مطلق نہیں جانتے ، اور تم نے پہلی

عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا

پیدائش تو سمجھ ہی لی ہے (کہ ہم نے کی) پھر تم غور کیوں

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

نہیں کرتے، بھلا دیکھو تو جو کچھ

تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ

تم لوگ بوتے ہو، کیا تم لوگ اُسے

اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ

اُگاتے ہو یا ہم اُگاتے ہیں...، اگر ہم چاہتے

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ

تو اسے چور چور کر دیتے! تو تم باتیں ہی بناتے

تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

رہ جاتے، کہ (ہائے) ہم تو (مفت) تاوان میں پھنسے،

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾

نہیں ہم تو بدنصیب ہی ہیں،

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾

تو کیا تم نے پانی پر بھی نظر ڈالی؟ جو دن رات پیتے ہو

ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ

کیا اس کو بادل سے تم نے برسایا ہے یا

أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُونَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَاءُ

ہم برساتے ہیں............ اگر ہم

جَعَلْنٰهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ﴿٧٠﴾

چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں تو تم لوگ شکر کیوں نہیں کرتے؟

أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ﴿٧١﴾

تو کیا تم نے آگ پر بھی غور کیا ہے؟ جسے تم لکڑی سے نکالتے ہو،

ءَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ

کیا اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا

نَحْنُ الْمُنْشِـُٔونَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ

ہم پیدا کرتے ہیں، ہم نے

جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا

آگ کو (جہنم) کی یاد دلانی اور مسافروں کے نفع کے

لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ

واسطے پیدا کیا ہے، تو (اے رسولؐ) تم اپنے

رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ أُقْسِمُ

بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو، تو میں

بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهُ

تاروں کی منازل کی قسم کھاتا ہوں،........ اور

لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾

اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے،

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ

کہ بے شک یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے، جو کتاب

كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ

(لوح) محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے، اس کو تو بس وہی لوگ

اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ

چھوتے ہیں جو پاک ہیں، سارے جہان کے پروردگار

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

کی طرف سے (محمدؐ) پر نازل ہوا ہے، تو کیا تم لوگ

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

اس کلام سے انکار رکھتے ہو، تم نے اپنی روزی

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾

یہ قرار دے لی ہے کہ (اس کو) جھٹلاتے ہو،

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾

تو کیا جب جان گلے تک آ پہنچتی ہے؟

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَ

اور تم اس وقت (کی حالت) پڑے دیکھا کرتے ہو،

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے زیادہ نزدیک ہوتے

لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ

ہیں لیکن تم کو دکھائی نہیں دیتا، تو اگر تم کسی کے دباؤ

غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ

میں نہیں ہو، اور اگر (اپنے دعوے میں) تم سچے ہو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ

تو روح کو پھیر کیوں نہیں دیتے؟ پس اگر وہ

كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ

مرنے والا خدا کے مقربین سے ہے، تو اس کے لیے

وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾

آرام و آسائش ہے اور خوشبودار پھول اور نعمت کے باغ

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ

اور اگر وہ داہنے ہاتھ والوں میں سے ہے تو

الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

(اس سے کہا جائے گا)، تم پر داہنے ہاتھ والوں

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ

کی طرف سے سلام ہو، اور اگر جھٹلانے.

مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾

والے گمراہوں میں سے ہے ......، تو

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّ

(اس کی) مہمانی کھولتا ہوا پانی ہے، اور

تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ اِنَّ هٰذَا

جہنم میں داخل کر دینا، بے شک

لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ

یہ (خبر) یقیناً صحیح ہے، تو (اے رسولؐ)

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

تم اپنے پروردگار کی تسبیح کرو۔

سورۂ ملک کے محاسن

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السّلام سے روایت ہے کہ جناب رسولِ خدا نے فرمایا جو شخص اس سورے کو پڑھے گا وہ قیامت کے روز نجات پائے گا، ملائکہ کے پروں پر اڑے گا اور جناب یوسف جیسا حسن پائے گا" اور امام محمدؐ باقر علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ ملک سورہ مانعہ ہے اس لیے کہ بچاتا ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اس کا نام سورۂ ملک ہے جو شخص اس سورے کو بوقت شب پڑھے تو صاحب برکت قرار پائے گا اور خوش رہے گا اور میں اس سورے کو عشاء کے بعد پڑھتا ہوں۔

اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں جو شخص تبارک الذی پڑھے گا۔ خاص کر سونے سے پہلے تو وہ ہمیشہ خدا کی امان میں رہے گا اور قیامت کے روز خدا کی پناہ

میں ہوگا اور اس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ عذاب قبر سے محفوظ رکھنے والا ہے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "انہا واقیۃ من عذاب القبر"۔

(۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (۷۷)

اٰيَاتُهَا ۳۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝۱

ہے وہ بڑی برکت والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَيٰوةَ

جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط

آزمائے کہ تم میں سے کام میں سب سے اچھا کون

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝۲ الَّذِيْ

ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے، جس

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا

نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے بھلا تجھے

تَرٰى فِىْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ

خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی

تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے کوئی

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ

شگاف نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اٹھا

الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ

کر دیکھ تو (ہر بار تیری) نظر ناکام اور

الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾

تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی،

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان کو (تاروں کے)

بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے ان

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ

کو شیطانوں کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے

عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿۵﴾ وَلِلَّذِيْنَ

ان کے لیے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ

لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کے لیے جہنم کا

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٦﴾ إِذَآ أُلْقُوْا

عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب یہ لوگ اس میں

فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ

ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ

تَفُوْرُ ﴿٧﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ

جوش مار رہی ہوگی، بلکہ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی

كُلَّمَآ أُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ

جب اس میں (ان کا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو ان سے داروغہ

خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيْرٌ ﴿٨﴾

جہنم پوچھے گا کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں آیا تھا؟

قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ۵

وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس ڈرانے والا ضرور

فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا

مِنْ شَيْءٍ ۚ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِيْ

کہ خدا نے کچھ نازل نہیں کیا تم تو بڑی (گمراہی)

ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا

گمراہی میں (پڑے) ہو، اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ

(ان کی بات) سنتے یا سمجھتے تو (آج) دوزخیوں

اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوْا

میں نہ ہوتے، .... غرض

بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ

وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیں گے، تو دوزخیوں

السَّعِيْرِ ﴿١١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

کو خدا کی رحمت سے دوری ہے، بے شک جو لوگ اپنے

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

پروردگار سے بے دیکھے بھالے ڈرتے ہیں ان کے

وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١٢﴾ وَاَسِرُّوْا

لیے مغفرت اور بڑا بھاری اجر ہے، اور تم لوگ

قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ

اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿١٣﴾

تو دل کے بھیدوں تک سے خوب واقف ہے

اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَھُوَ
بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے وہ تو

اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾ ھُوَ الَّذِیْ
بڑا باریک بیں اور واقف کار ہے، وہی تو ہے

جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا
جس نے زمین کو تمہارے لیے نرم (و ہموار) کر دیا

فَامْشُوْا فِیْ مَنَاکِبِھَا وَ کُلُوْا
تو اس کے اطراف و جوانب میں چلو اور اس کی (دی ہوئی)

مِنْ رِّزْقِہٖ ؕ وَ اِلَیْہِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾
روزی کھاؤ اور پھر اسی کی طرف (قبر سے) اٹھ کر جانا ہے،

ءَ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ
کیا تم اس شخص سے (جو آسمان میں) حکومت کرتا ہے

اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمُ الْاَرْضَ
اس بات سے بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے

فَاِذَا ھِیَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ
پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کر لیں گے، یا تم اس بات سے

مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ
بے خوف ہو کہ جو آسمان میں (سلطنت کرتا) ہے

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ط فَسَتَعْلَمُوْنَ

کر تم پر پتھر بھری آندھی چلائے تو نہیں عنقریب

كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿١٧﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ

ہی معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے؟ اور جو لوگ ان

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ

سے پہلے تھے انھوں نے جھٹلایا تھا تو (دیکھو) کہ

كَانَ نَكِيْرِ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

میری ناخوشی کیسی تھی؟ کیا لوگوں نے اپنے سروں پر

اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے

وَّيَقْبِضْنَ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ

رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے

اِلَّا الرَّحْمٰنُ ط اِنَّهٗ بِكُلِّ

سوا انہیں کوئی نہیں روک رہ سکتا بے شک

شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ﴿١٩﴾ اَمَّنْ هٰذَا

وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا خدا کے سوا ایسا کون

الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ

ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری مدد کرے

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ

کافر لوگ تو دھوکے ہی دھوکے

اِلَّا فِىْ غُرُوْرٍۚ ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا

میں ہیں ، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی)

الَّذِىْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ

روزی روک لے تو کون ایسا ہے........ جو

رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِىْ عُتُوٍّ وَّ

تمہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور

نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ يَّمْشِىْ مُكِبًّا عَلٰى

نفرت (کے بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں ، بھلا جو شخص

وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِىْ

اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت

سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۲﴾

یافتہ ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہ راست پر چل رہا ہو،

قُلْ هُوَ الَّذِىْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ

(اے رسول) تم کہہ دو کہ خدا تو وہی ہے جس

جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ

نے تم کو نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾

آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو،

قُلْ هُوَ الَّذِىْ ذَرَاَكُمْ فِى

کہہ دو کہ وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

پھیلا دیا اور اسی کے سامنے جمع کیے جاؤ گے۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

اور (کفار) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (آخر) یہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ

وعدہ کب پورا ہوگا، (اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ

اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَآ

(اس کا) علم تو بس خدا کو ہے اور میں تو صرف

اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ

صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں۔ تو جب یہ

زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ

لوگ اسے قریب دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے

كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِىْ

کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا

كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ

جائے گا یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے (اے رسولؐ)

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

تم کہہ دو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا مجھ کو اور میرے

وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ

ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے

يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ

تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون پناہ

اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا

دے گا، تم کہہ دو کہ وہی (خدا) بڑا رحم کرنے والا

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ

ہے جس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے اسی پر بھروسہ

مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں (پڑا) ہے

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا

(اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر تمہارا پانی زمین

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

کے اندر چلا جائے تو کون ایسا ہے جو تمہارے لیے پانی کا چشمہ بہا لائے!

سورۂ مزمّل کے خصوصیات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ مزمّل نماز عشاء میں یا آخر شب پڑھے تو یہ سورہ اس کے نیک افعال کا شاہد ہوگا اور خدا کے نزدیک اس کی گواہی دے گا اور حق تعالیٰ اسے نہایت پاک پاکیزہ زندگی اور اچھی موت سے نوازے گا اور حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورۂ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ نیز مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد نماز عشاء اس سورۂ کو گیارہ بار پڑھے تو اسے خوش حالی نصیب ہو۔!

(۷۳) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ (۳)

اٰيَاتُهَا ۲۰ — رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدا ر اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ① قُمِ الَّيْلَ

اے (میرے) چادر لپیٹنے والے (رسولؐ) رات کو (نماز کے واسطے)

اِلَّا قَلِيْلًا ② نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ

کھڑے رہو مگر (پوری رات نہیں) بلکہ تھوڑی رات، آدھی رات

مِنْهُ قَلِيْلًا ③ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ

یا اس سے بھی کم کر دو، یا اس سے کچھ بڑھا دو

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ④

اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو،

إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ⑤

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے،

إِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ

اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب (نفس کا)

وَطْأً وَّأَقْوَمُ قِيلًا ⑥ إِنَّ لَكَ

پامال کرنے اور بہت ٹھکانے ذکر کا وقت ہے ، دن کو

فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ⑦

تو تمہارے اور بہت سے بڑے بڑے اشغال ہیں

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور سب سے

إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ⑧ رَبُّ الْمَشْرِقِ

ہٹ کر اسی کے ہو رہو ، وہی مشرق اور

وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ

مغرب کا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ⑨ وَاصْبِرْ عَلَىٰ

تو تم اسی کو کارساز بناؤ ؛ اور جو کچھ لوگ بکا

مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا

کرتے ہیں اس پر صبر کرو اور ان سے بعنوانِ شائستہ

جَمِيلًا ⑩ وَ ذَرْنِي وَ الْمُكَذِّبِينَ

الگ تھلگ رہو ، اور مجھے ان جھٹلانے والوں سے جو

أُولِي النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ⑪

دولت مند ہیں سمجھ لینے دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو ،

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَّجَحِيمًا ⑫

بے شک ہمارے پاس بیڑیاں بھی ہیں اور جلانے والی آگ بھی ،

وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا

اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی) اور دکھ دینے والا

أَلِيمًا ⑬ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ

عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے

وَالْجِبَالُ وَ كَانَتِ الْجِبَالُ

لگیں گے اور پہاڑ ریت کے ٹیلے جیسے بھربھرے

كَثِيبًا مَّهِيلًا ⑭ إِنَّا أَرْسَلْنَا

ہو جائیں گے ، (اے مکہ والو) ہم نے تمہارے

إِلَيْكُمْ رَسُولًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ

پاس (اسی طرح) ایک رسول (محمد) کو بھیجا

كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ

جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جس طرح فرعون

رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

کے پاس ایک رسول (موسیٰؑ) کو بھیجا تھا، تو فرعون نے

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ

اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے بھی (اس کی سزا) میں اس کو بہت سخت پکڑا، تو

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

اگر تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیسے بچو گے

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ

جو بچوں کو بوڑھا بنا دے گا، جس دن آسمان

مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ

پھٹ پڑے گا، یہ اس کا وعدہ ہے جو پورا

مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

ہو کر رہے گا، بے شک یہ نصیحت ہے تو جو

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾

شخص چاہے اپنے پروردگار کی راہ اختیار کرے،

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ

(اے رسولؐ) تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور

اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَ

تمہارے ساتھ کے چند لوگ کبھی دو تہائی رات کے

نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ

قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَ اللّٰهُ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہو اور خدا ہی رات

يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ؕ عَلِمَ

اور دن کا اچھی طرح اندازہ کر سکتا ہے اسے

اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

معلوم ہے کہ تم لوگ اس پر پوری طرح سے حاوی

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ

نہیں ہو سکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ

ہو سکے اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں

وَ اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ

سے بعض بیمار ہو جائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَ

میں روئے زمین پر سفر اختیار کریں گے اور کچھ

اٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ

لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے

اللّٰهِ ؕ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ

تو جتنا تم سے آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اور نماز پابندی سے پڑھ لیا کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو

وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ

اور خدا کو قرض حسنہ دو اور

مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

جو نیک عمل اپنے واسطے خدا کے

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

سامنے پیش کرو گے اس کو خدا کے ہاں بہتر

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ

اور صلہ میں بزرگ تر پاؤ گے اور خدا سے مغفرت کی دعا مانگو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾

بے شک خدا بڑا بخشنے والا مہربان ہے

سورۂ مدثر کے امتیازات

مجمع البیان میں بروایت ابی ابن کعب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص اس سورے کو پڑھے گا تو خداوند عالم اس کو جناب

رسالت مآبؐ کی تصدیق کرنے والوں کے مثل دس نیکیاں عطا فرمائے گا اور حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا کہ جو شخص فریضہ میں اس سورے کو پڑھے تو خداوند عالم پر اس کا حق ہوگا کہ اس کو جناب رسول خدا کے ساتھ آپؐ کے درجہ میں جگہ دے نیز اس کے پڑھنے سے اس کی زندگی میں کبھی کوئی شقاوت ظاہر نہیں ہوگی اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص پابندی سے یہ سورہ پڑھتا رہے تو اسے اجر عظیم حاصل ہوگا اور بعد ختم سورہ حفظ قرآن کی دعا کرے تو جب تک یاد نہ کرے گا موت نہیں آئے گی! جو شخص مداومت کرے اور آخر میں جس حاجت کے لیے دعا کرے گا وہ بر آئے گی۔

(۷۴) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ (۴)

اٰیاتُھا ۵۶　　رکوعاتُھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿۲﴾

اے (میرے) کپڑا اوڑھنے والے (رسولؐ) اٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ،

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿۳﴾ وَثِيَابَكَ

اور اپنے پروردگار کی بڑائی (بیان) کرو .... اور اپنے کپڑے

فَطَهِّرْ ﴿۴﴾ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾

پاک رکھو، .... اور گندگی سے الگ رہو ....،

وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾ وَلِرَبِّكَ

اور اس طرح احسان نہ کرو کہ زیادہ کے خواستگار بنو اور اپنے پروردگار

فَاصْبِرْ ﴿٧﴾ فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ﴿٨﴾

کے لیے صبر کرو، پھر جب صور پھونکا جائے گا،

فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيرٌ ﴿٩﴾

تو وہ دن انتہائی سخت ہوگا

عَلَى الْكٰفِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ﴿١٠﴾

اور کافروں پر آسان ہرگز نہیں ہوگا،

ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيدًا ﴿١١﴾

(اے رسول) مجھے اور اس شخص کو چھوڑ دے جسے میں نے اکیلا پیدا کیا،

وَّجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ﴿١٢﴾ وَّ

اور اسے بہت سا مال دیا، اور

بَنِينَ شُهُودًا ﴿١٣﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهُ

نظر کے سامنے رہنے والے بیٹے دیئے اور اسے ہر طرح کے سامان

تَمْهِيدًا ﴿١٤﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ﴿١٥﴾

میں وسعت دی، پھر اس پر بھی وہ طمع رکھتا ہے کہ اور بڑھاؤں،

كَلَّا ۭ إِنَّهُ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيدًا ﴿١٦﴾

یہ ہرگز نہ ہوگا یہ تو میری آیتوں کا دشمن تھا،

سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ﴿١٧﴾ إِنَّهُ فَكَّرَ

تو میں عنقریب اسے سخت عذاب میں مبتلا کروں گا، اس نے

وَقَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾

فکر کی اور تجویز کی، تو یہ (کمبخت) مار ڈالا جائے گا اس نے کیوں کر تجویز کی.

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ

پھر مارا جائے اس نے کیوں کر تجویز کی، پھر

نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ

غور کیا، پھر تیوری چڑھائی پھر منہ بنا لیا، پھر

أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ إِنْ

پیٹھ پھیر کر چلا گیا اور اکڑ بیٹھا، پھر کہنے لگا کہ

هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ إِنْ هٰذَآ

یہ تو بس جادو ہے جو (اگلوں پر چلا آتا ہے) یہ تو بس

إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَأُصْلِيهِ

آدمی کا کلام ہے (خدا کا نہیں) میں اسے عنقریب

سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾

جہنم میں جھونک دوں گا، اور تم کیا جانو کہ جہنم کیا ہے؟

لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ

وہ نہ باقی رکھے گی اور نہ چھوڑ دے گی۔ اور بدن

لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾

کو جلا کر سیاہ کر دے گی، اس پر انیس (فرشتے متعین) ہیں،

وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا

اور ہم نے جہنم کا نگہبان تو بس

مَلٰٓئِكَةً ص وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ

فرشتوں کو بنایا ہے ان کا یہ شمار بھی

اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لا

کافروں کی آزمائش کے لیے مقرر کیا

لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

تاکہ اہل کتاب (فوراً) یقین کر لیں،

وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اِيْمَانًا

اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو

وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور اہل کتاب اور مومنین (کسی طرح)

وَالْمُؤْمِنُوْنَ لا وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ

شک نہ کریں اور جن لوگوں کے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ

(نفاق کا) مرض ہو اور کافر لوگ کہہ

مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ط

بیٹھیں کہ اس مثل (کے بیان کرنے) سے خدا کا کیا مطلب ہے؟

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ

یوں خدا جسے چاہتا ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے ۔

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَمَا

اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور تمہارے

يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ط

پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا

وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿٣١﴾

اور یہ تو آدمیوں کے لیے بس نصیحت ہے ،

كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿٣٢﴾ وَالَّيْلِ اِذْ

سن رکھو (ہمیں) چاند کی قسم ہے ، اور رات کی جب

اَدْبَرَ ﴿٣٣﴾ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ﴿٣٤﴾

جانے لگے ، اور صبح کی جب روشن ہو جائے ،

اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿٣٥﴾ نَذِيْرًا

کہ وہ جہنم بھی ایک بہت بڑی (آفت) ہے اور لوگوں

لِّلْبَشَرِ ﴿٣٦﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ

کو ڈرانے والی ہے ، (سب کے لیے نہیں) بلکہ تم میں

اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿٣٧﴾ كُلُّ

سے جو شخص (نیکی کی طرف) آگے بڑھنا اور (برائی سے) پیچھے ہٹنا چاہے ، ہر شخص

نَفۡسٍۭ بِمَا كَسَبَتۡ رَهِينَةٌ ﴿۳۸﴾
اپنے اعمال کے بدلے گرو ہے

إِلَّآ أَصۡحَٰبَ ٱلۡيَمِينِ ﴿۳۹﴾ فِي جَنَّٰتٖ
مگر داہنے ہاتھ (میں نامہ اعمال لینے) والے بہشت کے باغوں

يَتَسَآءَلُونَ ﴿۴۰﴾ عَنِ ٱلۡمُجۡرِمِينَ ﴿۴۱﴾
میں گنہگاروں سے باہم پوچھ رہے ہوں گے،

مَا سَلَكَكُمۡ فِي سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُواْ لَمۡ
کہ آخر تمہیں دوزخ میں کون سی چیز (کھسیٹ) لائی،

نَكُ مِنَ ٱلۡمُصَلِّينَ ﴿۴۳﴾ وَلَمۡ نَكُ
وہ لوگ کہیں گے نہ تو ہم نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ محتاجوں

نُطۡعِمُ ٱلۡمِسۡكِينَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوضُ
کو کھانا کھلاتے تھے، اور اہل باطل کے ساتھ ہم

مَعَ ٱلۡخَآئِضِينَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ
بھی بُرے کاموں میں گھس پڑے تھے، اور روزِ جزا کو

بِيَوۡمِ ٱلدِّينِ ﴿۴۶﴾ حَتَّىٰٓ أَتَىٰنَا
جھٹلایا کرتے تھے، (اور یوں ہی رہے) یہاں تک کہ

ٱلۡيَقِينُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنفَعُهُمۡ شَفَٰعَةُ
ہمیں موت آگئی، تو اس وقت انہیں سفارش کرنے

الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ

والوں کی سفارش کچھ کام نہ آئے گی، اور انہیں کیا ہو گیا ہے؟

التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾ كَاَنَّهُمْ

کہ نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں، گویا وہ وحشی

حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾ فَرَّتْ مِنْ

گدھے ہیں، کہ شیر سے (دم دبا کر) بھاگتے

قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ

ہیں، اصل بات یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص

مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾

اس کا متمنی ہے کہ اسے کھلی ہوئی (آسمانی کتابیں عطا کی جائیں)

كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾

یہ تو ہرگز نہ ہوگا بلکہ یہ تو آخرت ہی سے نہیں ڈرتے،

كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾ فَمَنْ شَآءَ

ہاں ہاں! بے شک یہ (قرآن سراسر) نصیحت ہے، تو چاہے

ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ

اسے یاد رکھے، اور خدا کی مشیت بغیر تو یہ لوگ

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى

یاد رکھنے والے نہیں وہی (بندوں کے) ڈرانے کے قابل

وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

اور بخشش کا مالک ہے۔

سورۂ دہر کی اچھائیاں

تفسیر برہان میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اس کا پانی پیئے گا تو وہ اپنے مرض سے شفا پائے گا اور جو اس سورے کو پڑھے گا تو جزا کے طور پر اسے جنت حاصل ہوگی اور جو کوئی اس سورے کی مداومت کرے تو اس کا ضعیف نفس قوی ہوگا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنا نفس کو قوی کرتا ہے اگر پڑھنے سے عاجز ہو تو لکھوائے اور دھو کر پیئے۔ اور جو شخص اس کو لڑائی میں پڑھے تو اس کا دشمن مقہور ہوگا۔ حضرت امام علی نقی علیہ السّلام نے فرمایا کہ جو شخص روز دوشنبہ کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو وہ صبح کی نماز کی پہلی رکعت میں سورۂ دھر پڑھے۔

(٧٦) سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ (٩٨)

اٰیَاتُهَا ٣١ رُکُوْعَاتُهَا ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ

بے شک انسان پر ایک ایسا وقت آچکا ہے

مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا

کہ وہ کوئی چیز قابل ذکر نہ تھا،

مَذْكُورًا ① إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ

ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا

مِنْ نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيهِ

کیا کہ ہم اسے آزمائیں تو ہم

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ②

نے اسے سنتا دیکھتا بنایا ،

إِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا

اور اس کو رستہ بھی دکھایا اب وہ خواہ

وَّإِمَّا كَفُورًا ③ إِنَّآ أَعْتَدْنَا

شکر گذار ہو یا ناشکرا ، ہم نے کافروں کے

لِلْكٰفِرِينَ سَلٰسِلَا۟ وَأَغْلٰلًا وَّ

لیے زنجیریں طوق اور دہکتی ہوئی آگ

سَعِيرًا ④ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ

تیار کر رکھی ہے ، بے شک نیکو کار لوگ شراب

مِنْ كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ⑤

کے وہ ساغر پیئں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی ،

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ

یہ ایک چشمہ ہے جس میں خدا کے (خاص) بندے پیئں

يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿٦﴾ يُوْفُوْنَ

گے اور جہاں چاہیں گے بہالے جائیں گے ، یہ لوگ

بِالنَّذْرِ وَ يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ

ہیں جو نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن

شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿٧﴾ وَ يُطْعِمُوْنَ

سے جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی ڈرتے ہیں ، اور اس

الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ

کی محبت میں محتاج اور یتیم اور اسیر کو کھانا

يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ

کھلاتے ہیں ، اور کہتے ہیں کہ ہم تو تم

لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ

کو بس خالص خدا کے لیے کھلاتے ہیں - ہم

جَزَآءً وَّ لَا شُكُوْرًا ﴿٩﴾ اِنَّا نَخَافُ

نہ تو تم سے بدلے کے خواہستگار ہیں اور نہ شکر گذاری کے ، ہم کو تو

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿١٠﴾

اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر ہے جس میں منہ بن جائیں گے اور چہرے پر ہوائیاں

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اڑتی ہوں گی ، تو خدا انہیں اس دن کی تکلیف سے بچالے گا

وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ⑪ وَ

اور ان کو تازگی اور خوشدلی عطا فرمائے گا، اور

جَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّ

ان کے صبر کے بدلے (بہشت کے) باغ اور ریشم کی پوشاک

حَرِيْرًا ⑫ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى

عطا فرمائے گا، وہاں وہ تختوں پر تکیے

الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا

لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں وہ (آفتاب کی)

شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ⑬ وَدَانِيَةً

دھوپ دیکھیں گے اور نہ شدت کی سردی، اور گھنے

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا

درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے

تَذْلِيْلًا ⑭ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ

گچھے ان کے قریب ہر طرح ان کے اختیار میں، اور ان کے سامنے

بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

چاندی کے ساغر اور شیشے کے نہایت صاف اور شفاف

كَانَتْ قَوَارِيْرَا ⑮ قَوَارِيْرَا مِنْ

گلاس کا دور چل رہا ہوگا، اور شیشے بھی (کانچ کے نہیں)

فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾ وَ

چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں، اور

يُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا

وہاں انہیں ایسی شراب پلائی جائے گی جس میں زنجبیل

زَنْجَبِيلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى

(کے پانی) کی آمیزش ہوگی، یہ بہشت میں ایک چشمہ

سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾ وَ يَطُوفُ عَلَيْهِمْ

ہے جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ ایک حالت

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ

میں رہنے والے نوجوان لڑکے چکر لگاتے ہوں گے کہ

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُورًا ﴿١٩﴾ وَ

جب تم ان کو دیکھو تو سمجھو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں، اور

إِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَّ

جب تم وہاں نگاہ اٹھاؤ گے تو ہر طرح کی نعمت

مُلْكًا كَبِيرًا ﴿٢٠﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ

اور عظیم الشان سلطنت دیکھو گے، ان کے اوپر سبز

سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّ إِسْتَبْرَقٌ ز وَّ

کریب اور اطلس کی پوشاک ہوگی اور انہیں

وَ حُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ج

اور ان چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے

سَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾

کا پروردگار انہیں نہایت پاکیزہ شراب پلائے گا،

اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّ

یہ یقینی تمہارے لیے ہوگا تمہاری (کارگزاریوں کے)

كَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ ع اِنَّا

صلہ میں اور تمہاری کوشش قابل شکرگزاری ہے۔ (اے رسولؐ)

نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ

ہم نے تم پر قرآن کو رفتہ رفتہ کرکے نازل

تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ ج فَاصْبِرْ لِحُكْمِ

کیا، تو تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں

رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ

صبر کیے رہو اور ان لوگوں میں گنہگار اور

كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ ج وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

ناشکرے کی پیروی نہ کرنا، اور صبح اور شام اپنے

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ ج وَمِنَ

پروردگار کا نام لیتے رہو، اور کچھ رات گئے

الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَ سَبِّحْهُ

اس کا سجدہ کرو اور بڑی رات تک اس

لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

کی تسبیح کرتے رہو ، یہ لوگ یقینی دنیا کو

يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَ يَذَرُوْنَ

پسند کرتے ہیں اور بڑے بھاری دن کو اپنے

وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿٢٧﴾ نَحْنُ

پس پشت چھوڑ بیٹھے ہیں ، ہم نے ان کو

خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَ

پیدا کیا اور ان کے اعضاء کو مضبوط بنایا اور

اِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿٢٨﴾

اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے ان ہی کے ایسے لوگ لے آئیں

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ

بے شک یہ قرآن سراسر نصیحت ہے تو جو

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٢٩﴾ وَ مَا

شخص چاہتا ہے کہ اپنے پروردگار کی راہ لے ، اور جب

تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ

تک خدا کو منظور نہ ہو تم لوگ کچھ بھی چاہ

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٣٠﴾

نہیں سکتے، بے شک خدا بڑا واقف کار دانا ہے،

يُدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرلے

وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ

اور ظالموں کے واسطے اس نے دردناک

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣١﴾

عذاب تیار کررکھا ہے

سورۂ نبار کی رفعت

اس سورے کو معصرات اور تسار لون بھی کہتے ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں جو شخص اس سورے کو پابندی سے ہر روز پڑھے گا اس کو اسی سال حج بیت اللہ کا شرف حاصل ہوگا۔

(۷۸) سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ (۸۰)

اٰيَاتُهَا ۴۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدار اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١﴾ عَنِ النَّبَاِ

یہ لوگ آپس میں کس چیز کا حال پوچھتے ہیں، ایک

الْعَظِيْمِ ﴿٢﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

بڑی خبر کا حال، جس میں لوگ اختلاف

مُخْتَلِفُوْنَ ﴿٣﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿٤﴾

کر رہے ہیں، دیکھو انہیں عنقریب ہی معلوم ہو جائے گا،

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿٥﴾ اَلَمْ

پھر انہیں عنقریب ہی ضرور معلوم ہو جائے گا، کیا ہم

نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿٦﴾

نے زمین کو بچھونا، اور پہاڑوں کو زمین کی)

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿٧﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ

میخیں نہیں بنایا، اور ہم نے تم لوگوں کو

اَزْوَاجًا ﴿٨﴾ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

جوڑا جوڑا پیدا کیا، اور تمہاری نیند کو آرام

سُبَاتًا ﴿٩﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿١٠﴾

(کا باعث) قرار دیا، اور رات کو پردہ بنایا،

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿١١﴾ وَّ

اور ہم ہی نے دن کو (کسب) معاش (کا وقت) بنایا، اور

بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿١٢﴾

تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے

وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿١٣﴾ وَّ

اور ہم ہی نے (سورج) کو روشن چراغ بنایا ، اور

اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً

ہم ہی نے بادلوں سے موسلادھار پانی

ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا

برسایا ، تاکہ اس کے ذریعہ سے دانے اور

وَّ نَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿١٦﴾

سبزی ، اور گھنے باغ پیدا کریں،

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾

بے شک فیصلے کا دن مقرر ہے،

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ

جس دن صور پھونکا جائے گا اور تم لوگ

اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ

گروہ گروہ حاضر ہوگے ، اور آسمان کھول دیئے

فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّ سُيِّرَتِ

جائیں گے تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے ، اور

الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ اِنَّ

پہاڑ (اپنی جگہ سے) چلائے جائیں تو ریت ہوکر رہ جائیں گے

جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾

بے شک جہنم گھات میں ہے،

لِّلطَّاغِينَ مَآبًا ﴿٢٢﴾ لَّابِثِينَ فِيهَآ

سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے، اس میں مدتوں

أَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا

پڑے چھینکتے رہیں گے، نہ وہاں ٹھنڈک کا مزہ

بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ إِلَّا حَمِيمًا

چکھیں گے، اور نہ کھولتے ہوئے پانی اور بہتی ہوئی پیپ

وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾

کے سوا کچھ پینے کو ملے گا، یہ ان کی کارستانیوں کا پورا پورا بدلہ ہے،

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾

بے شک یہ لوگ آخرت کے حساب کی امید ہی نہ رکھتے تھے،

وَّكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَ

اور ان لوگوں نے ہماری آیات کو بُری طرح جھٹلایا، اور

كُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ﴿٢٩﴾

ہم نے ہر چیز کو لکھ کر منضبط کر رکھا ہے،

فَذُوقُوا فَلَنْ نَّزِيدَكُمْ إِلَّا

تو اب تم مزہ چکھو کہ ہم تو تم پر عذاب

عَذَابًا ﴿٣٠﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿٣١﴾

ہی بڑھاتے جائیں گے، بے شک پرہیزگاروں ہی کے لیے بڑی کامیابی ہے

حَدَآئِقَ وَأَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ

(یعنی بہشت کے) باغ اور انگور، اور عورتیں جن کی اٹھتی

أَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّكَأْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا

جوانیاں اور باہم ہمجولیاں ہیں، اور شراب کے لبریز ساغر،

يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَّلَا

وہاں نہ تو بیہودہ باتیں سنیں گے اور نہ

كِذَّابًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

جھوٹ، (یہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے کافی انعام

حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

اور صلہ ہے، جو سارے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان

وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُونَ

دونوں کے بیچ میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان

مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُومُ

لوگوں کو اس سے بات کرنے کا یارانہ ہوگا، جس دن جبرئیل اور

الرُّوحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا

فرشتے (اس کے سامنے) پرا باندھ کر کھڑے ہوں گے

يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

(اس دن) اس سے کوئی بات نہ کر سکے گا مگر جسے خدائے مہربان

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ

اجازت دے اور وہ ٹھکانے کی بات کہے ، وہ دن برحق

الْيَوْمُ الْحَقُّ ج فَمَنْ شَآءَ

ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ

بارگاہ میں (اپنا) ٹھکانا بنائے ، ہم نے

اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ

تم لوگوں کو عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا

يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ

جس دن آدمی اپنے ہاتھوں پہلے سے بھیجے ہوئے

وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِىْ

(اعمال کو دیکھے گا اور کافر کہے گا کاش!

كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

میں خاک ہو جاتا

آیت الکرسی کی تاثیر

مصباح کفعمی میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی پابندی سے پڑھے گا خداوند عالم اس کے قلب کو حکمت، ایمان، خلوص، توکل اور وقار سے بھر دے گا اور جو اس کو آب زمزم یا آب باراں سے لکھ کر پیئے گا اس کے جسم سے ہر بیماری دور ہو جائے گی نیز وسوسہ شیاطین اور نسیاں سے نجات پائیگا اور جو اس کو تعویذ بنا کر پہنے گا وہ جانورانِ وحشی، حشرات الارض، سحر اور ہر مرض سے بچا رہے گا اور جو آیۃ الکرسی کا ورد کرے گا وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہے گا۔

آیۃ الکرسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ

خدا ہی وہ ذات (پاک ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ) زندہ ہے۔

اَلۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

(اور) سارے جہاں کا سنبھالنے والا ہے اس کو نہ اونگھ آتی ہے نہ

نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا

نیند، جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض سب کچھ)

فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ

اسی کا ہے ...... کون ایسا ہے جو بدون اس کی اجازت

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

کے اس کے پاس (کسی کی) شفارش کرے،

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

جو کچھ ان کے سامنے (موجود) ہے (وہ) اور جو کچھ ان کے

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ

پیچھے (ہو چکا) ہے (خدا سب کو) جانتا ہے اور وہ لوگ اس

مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

کے علم میں سے کسی چیز پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ

وہ (جسے) جتنا چاہے (سکھا دے) اس کی کرسی سب آسمانوں اور زمینوں کو گھیرے ہوئے ہے

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ

اور ان دونوں (آسمان و زمین) کی نگہداشت اس پر (کچھ بھی گراں) نہیں اور وہ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ

بڑا عالی شان و بزرگ مرتبہ ہے، دین میں کسی طرح کی زبردستی نہیں

فِي الدِّيْنِ ۚ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ

کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ) ظاہر ہو چکی ہے تو

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

جس شخص نے جھوٹے خداؤں (بتوں) سے انکار

وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

کیا اور بس خدا ہی پر ایمان لایا تو اس نے وہ

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا ط

مضبوط رسی پکڑلی جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِيُّ

اور خدا (سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے ، خدا ان لوگوں کا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ

سرپرست ہے جو ایمان لا چکے کہ انہیں (گمراہی کی)

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۵ وَالَّذِيْنَ

تاریکیوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے ، اور جن

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ لا

لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی) تاریکیوں میں

الظُّلُمٰتِ ط اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج

ڈال دیتے ہیں۔ یہی لوگ تو جہنمی ہیں (اور) یہی

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ ع

اس میں ہمیشہ رہیں گے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وبہ نستعین

أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ

بھلا وہ کون ہے کہ جب مضطر اسے پکارے تو دعا قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دور کرتا ہے (سورۃ النمل)

حدیثِ کساء کی سند

حدیث کساء کی شہرت و مقبولیت کا کیا کہنا! اس کے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں، آیۂ فی ہدایہ "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ یُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" اہلبیت عصمت و طہارت، کی شان میں نازل ہوئی ہے جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلی اللہ مقامہ کتاب المنتخب فی المراثی و الخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ "آیۂ تطہیر" خمسہ نجبا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ، حضرت علی مرتضیٰؑ جناب فاطمۃ الزہرا، جناب حسنؑ مجتبیٰ اور جناب حسینؑ شہید کربلا صلوات اللہ و سلامہ علیہم اجمعین کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ حدیثِ کساء میں اسی آیت کے سببِ نزول کی تفصیل ہے۔

مومنین کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص کے ساتھ تین مرتبہ حضرات محمدؐ و آلِ محمدؐ صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین پر درود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور اختتام پر بھی تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور اگر دوران تلاوت چند قطرۂ اشک خضوع و خشوع کی وجہ سے نکل آئیں تو جو دعا کریں گے اسے خدائے

مجیب الدعوات بہ طفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا

کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کے پڑھنے کا سلسلہ قائم رکھیں۔ انشاء اللہ تسکین قلب اور خیر و برکت سے بہرہ مند ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِیْ

بیان کیا جناب جابر ابنِ عبد اللہ انصاریؓ نے کہ

عَنْ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ عَلَيْهَا السَّلَامُ

روایت بیان کی گئی ہے جنابِ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

بنتِ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَاٰلِهٖ قَالَ: سَمِعْتُ فَاطِمَةَ اَنَّهَا

و آلہ سے کہ آپ معصومہ (صلوٰۃ اللہ علیہا)

قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَبِیْ رَسُوْلُ

نے فرمایا کہ ایک روز میرے پدرِ بزرگوار

اللهِ فِیْ بَعْضِ الْاَيَّامِ فَقَالَ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ تشریف لائے اور فرمایا:

السَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ فَقُلْتُ:

سلامتی ہو تم پر اے فاطمہؑ، میں نے کہا:

عَلَيْكَ السَّلَامُ قَالَ: اِنِّيْ اَجِدُ فِيْ

آپ پر بھی سلامتی ہو اے بابا، پس آپؐ نے فرمایا:

بَدَنِيْ ضُعْفًا فَقُلْتُ: لَهُ اُعِيْذُكَ

اے فاطمہؑ میں اپنے جسم میں ضعف پاتا ہوں، حضرت فاطمہؑ

بِاللّٰهِ يَآ اَبَتَاهُ مِنَ الضُّعْفِ فَقَالَ:

نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ میں آپ کو خدا کی پناہ میں دیتی ہوں اے بابا

يَا فَاطِمَةُ اِيْتِيْنِيْ بِالْكِسَآءِ الْيَمَانِيْ

ضعف سے، آنحضرتؐ نے فرمایا: اے فاطمہؑ! میرے لیے چادر یمانی لاؤ،

فَغَطِّيْنِيْ بِهٖ فَاَتَيْتُهٗ بِالْكِسَآءِ الْيَمَانِيْ

اور مجھے اُڑھادو، فرمایا حضرت فاطمہؑ نے کہ میں چادر یمانی لائی،

فَغَطَّيْتُهٗ بِهٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ

اور میں نے آنحضرتؐ کو اُڑھا دی اور میں آن جنابؐ کو

وَاِذَا وَجْهُهٗ يَتَلَاْلَؤُ كَاَنَّهُ الْبَدْرُ

دیکھ رہی تھی کہ چہرہ حضرتؐ کا نورانی اور روشن ہو کر چمکنے

فِيْ لَيْلَةِ تَمَامِهٖ وَكَمَالِهٖ فَمَا كَانَتْ

لگا مثل چودھویں رات کے چاند کے، فرمایا حضرت فاطمہؑ

اِلَّا سَاعَةً وَّ اِذَا بِوَلَدِی الْحَسَنِؑ

نے: پھر ایک ساعت گزری تھی کہ میرا فرزند حسنؑ آیا

قَدْ اَقْبَلَ وَ قَالَ: السَّلَامُ عَلَیْكِ

اور کہا: سلام ہو آپ پر میرا اے مادرِ گرامیؑ،

یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ: وَ عَلَیْكَ السَّلَامُ یَا

پس! کہا میں نے: اور تم پر بھی میرا سلام ہو،

قُرَّةَ عَیْنِیْ وَ ثَمَرَةَ فُؤَادِیْ

اے خنکی چشم اور میرے میوۂ دل،

فَقَالَ یَا اُمَّاهُ اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ

پس! حسنؑ نے مجھ سے کہا: اے اماں جان میں سونگھ

رَآئِحَةً طَیِّبَةً كَاَنَّهَا رَآئِحَةُ جَدِّیْ

رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا پاک

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ: نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہے، فرمایا حضرت فاطمہؑ نے: کہ ہاں بتحقیق کہ تمہارے

تَحْتَ الْكِسَاۤءِ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُؑ

نانا آرام کر رہے ہیں زیرِ چادر، پس! حسنؑ چادر کی طرف

نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَ قَالَ: السَّلَامُ عَلَیْكَ

متوجہ ہوئے اور عرض کیا: سلام ہو آپ پر

يَا جَدَّاهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَتَاْذَنُ

اے میرے نانا جان اور اے رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ

لِیْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكَ تَحْتَ الْكِسَآءِ

کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں داخل ہوں آپ

فَقَالَ: وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا وَلَدِیْ

کے پاس چادر میں؟ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا: تم پر

وَيَا صَاحِبَ حَوْضِیْ قَدْ اَذِنْتُ

بھی سلام ہو اے میرے بیٹے! اور میرے حوض (کوثر) کے مالک!

لَكَ فَدَخَلَ مَعَهٗ تَحْتَ الْكِسَآءِ

میں تم کو اجازت دیتا ہوں، پس امام حسنؑ آنحضرت کے پاس

فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَّاِذَا بِوَلَدِیْ

چادر میں داخل ہوئے۔ فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السّلام نے: ابھی ایک

الْحُسَيْنِؑ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ السَّلَامُ

ساعت گزری تھی کہ میرا بیٹا حسینؑ آیا اور عرض کیا: سلام ہو

عَلَيْكِ يَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ: وَ عَلَيْكَ

آپ پر اے مادر گرامی، پس میں نے جواب دیا: تم پر بھی سلام

السَّلَامُ يَا وَلَدِیْ وَيَا قُرَّةَ عَيْنِیْ

ہو اے میرے فرزند اے خنکیٔ چشم اور اے میرے میوۂ دل

وَ ثَمَرَةَ فُؤَادِیْ فَقَالَ لِیْ یَا اُمَّاهُ

پس! عرض کیا امام حسین علیہ السّلام نے:

اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَةً طَیِّبَةً

اے اماں جان میں آپ کے پاس ایسی خوشبو سونگھ رہا

كَاَنَّهَا رَآئِحَةُ جَدِّیْ رَسُوْلِ

ہوں کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا جان جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ فَقُلْتُ:

کی ہے، پس! میں نے جواب دیا: ہاں! اے میرے فرزند

نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ وَ اَخَاكَ تَحْتَ

تمہارے نانا جان صلی اللہ علیہ وآلہ اور تمہارے برادر محترم

الْكِسَاءِ فَدَنَى الْحُسَیْنُ ؑ نَحْوَ الْكِسَاءِ

دونوں زیرِ چادر آرام کر رہے ہیں، پس امام حسین علیہ السّلام

وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا جَدَّاهُ

چادر کے قریب گئے اور عرض کیا: سلام ہو آپ پر اے نانا جان!

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ

اور سلام ہو آپ پر اے وہ بزرگوار جن کو خدا نے منتخب کیا ہے

اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا

کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ دونوں بزرگوں

تَحْتَ الْكِسَاءِ فَقَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ

کے پاس زیر چادر داخل ہوں؟ فرمایا رسول خدا نے امام حسینؑ سے:

يَا وَلَدِي وَ يَا شَافِعَ اُمَّتِي قَدْ

تم پر بھی سلام ہو اے فرزند اور اے میری امت کی شفاعت کرنے والے!

اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ مَعَهُمَا تَحْتَ

میں تمہیں اجازت دیتا ہوں، پس! امام حسینؑ دونوں

الْكِسَاءِ فَاَقْبَلَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَبُوالْحَسَنِ

بزرگوں کے پاس زیر چادر داخل ہوئے، فرمایا جناب فاطمہ علیہا السّلام نے!

عَلِيُّ بْنُ اَبِيطَالِبٍؑ وَ قَالَ: السَّلَامُ

ابھی تھوڑی دیر گذری تھی کہ حضرت ابوالحسن علی ابنِ ابی طالب علیہ السّلام

عَلَيْكِ يَا بِنْتَ رَسُولِ اللهِ فَقُلْتُ:

تشریف لائے اور فرمایا: سلام ہو تم پر اے رسول خدا کی بیٹی، حضرت فاطمہ نے کہا:

وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَبَا الْحَسَنِؑ وَ

آپ پر بھی سلام ہو اے ابوالحسنؑ اور اے امیر المومنینؑ،

يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ

امیر المومنین نے فرمایا اے فاطمہ میں سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس

اِنِّي اَشَمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً

ایسی خوشبو گویا وہ خوشبو میرے بھائی اور میرے ابن عم

كَاَنَّهَا رَائِحَةُ اَخِيْ وَابْنِ عَمِّيْ

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہے، میں نے کہا:

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ: نَعَمْ هَا هُوَ مَعَ

آپ آگاہ ہوں وہ جناب مع آپ کے دونوں فرزندوں

وَلَدَيْكَ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ فَاَقْبَلَ عَلِيٌّ

کے آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے پس! علی ابن ابی طالب علیہ السّلام

نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

متوجہ ہوئے چادر کی طرف اور عرض کیا آپ پر اے رسولؐ خدا

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَكُوْنَ

سلام ہو! کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں بھی

مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ قَالَ: لَهٗ وَ

آپ کے پاس زیر چادر حاضر ہو جاؤں؟ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَخِيْ وَيَا وَصِيِّيْ

نے: تم پر بھی سلام ہو اے میرے بھائی اور میرے وصی اور میرے

وَخَلِيْفَتِيْ وَصَاحِبَ لِوَاۤئِيْ قَدْ

خلیفہ اور میرے علمدار میں تمہیں چادر کے نیچے داخل

اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ عَلِيٌّ تَحْتَ

ہونے کی اجازت دیتا ہوں، پس علی ابن ابی طالب علیہ السّلام

اَلْكِسَاءِ. ثُمَّ اَتَيْتُ نَحْوَ الْكِسَاءِ

چادر میں داخل ہوئے، فرمایا حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے : کہ بعد

وَ قُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَتَاهُ يَا

اس کے میں خود اس چادر کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض کیا میں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِىْ اَنْ اَكُوْنَ

سلام ہو آپ پر اے بابا جان اے رسولؐ خدا کیا آپ اجازت

مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَاءِ قَالَ: وَ عَلَيْكِ

دیتے ہیں مجھے کہ میں بھی اس چادر میں آپ کے ساتھ داخل ہو جاؤں،

السَّلَامُ يَا بِنْتِىْ وَ يَا بَضْعَتِىْ قَدْ

فرمایا رسولؐ خدا نے: ہاں اے میری بیٹی اور میری پارۂ جگر ،

اَذِنْتُ لَكِ فَدَخَلْتُ تَحْتَ الْكِسَاءِ

میں تم کو چادر میں داخل ہونے کی اجازت دیتا ہوں حضرت فاطمہؑ

فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ الْكِسَاءِ

کہتی ہیں کہ میں آنحضرتؐ کے پاس زیر چادر داخل ہوئی، حضرت فاطمہؑ

اَخَذَ اَبِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِطَرَفَىِ الْكِسَاءِ

فرماتی ہیں کہ جب ہم سب اہلبیت چادر کے نیچے جمع ہو گئے: میرے والد محترم

وَ اَوْمَىٔ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى اِلَى السَّمَاءِ

رسولؐ خدا نے چادر کے دونوں سرے تھامے اور اپنے ہاتھ کو آسمان

وَ قَالَ: اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ اَھْلُ

کی طرف بلند کر کے گویا ہوئے، بار الہا! یہی ہیں فقط میرے اہلبیت

بَیْتِیْ وَ خَاصَّتِیْ وَ حَامَّتِیْ لَحْمُھُمْ

اور میرے مخصوصین اور میرے حامی و مددگار اور وہ جن کا گوشت میرا

لَحْمِیْ وَ دَمُھُمْ دَمِیْ یُؤْلِمُنِیْ مَا

گوشت اور جن کا خون میرا خون ہے، جنھوں نے ان کو

یُؤْلِمُھُمْ وَ یَحْزُنُنِیْ مَا یَحْزُنُھُمْ

اذیت دی انھوں نے مجھ کو اذیت دی، جنھوں نے انھیں غمگین

اَنَا حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَھُمْ وَ سِلْمٌ

کیا انھوں نے مجھے غمگین کیا، جس نے ان سے جنگ کی اس نے

لِّمَنْ سَالَمَھُمْ وَ عَدُوٌّ لِّمَنْ عَادَاھُمْ

مجھ سے جنگ کی، جس نے ان سے صلح کی اس نے مجھ سے صلح کی، اور

وَ مُحِبٌّ لِّمَنْ اَحَبَّھُمْ اِنَّھُمْ مِنِّیْ

جس نے ان سے دشمنی رکھی اس نے مجھ سے دشمنی رکھی، جس نے ان کو دوست

وَ اَنَا مِنْھُمْ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ

رکھا اس نے مجھ کو دوست رکھا غرض یہ سب مجھ سے ہیں اور میں ان سب سے،

بَرَكَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ وَ غُفْرَانَكَ وَ

پس خداوندا! توان پر اور مجھ پر درود، برکتیں اور رحمت نازل فرما اور

رِضْوَانَكَ عَلَيَّ وَ عَلَيْهِمْ وَ اَذْهِبْ

ان کو اور مجھے اپنے دامنِ کرم میں جگہ دے تو ہم سے راضی رہ اور ان سے ہر رجس و آلودگی کو

عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا ۔

دور رکھ اور ان کو پاک رکھ اتنا کہ جتنا پاک رکھنے کا حق ہے ،

فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا مَلٰٓئِكَتِيْ

پس خدائے عزوجل نے فرمایا: اے میرے ملائکہ اور رہنے والے

وَ يَا سُكَّانَ سَمٰوَاتِيْ اِنِّيْ مَا خَلَقْتُ

میرے آسمانوں کے ۔ قسم ہے مجھے اپنے عزت و جلال کی کہ نہیں پیدا

سَمَآءً مَّبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً

کیا میں نے آسمانوں کو جو بنایا گیا اور نہ زمین کو جو بچھائی گئی ،

وَّلَا قَمَرًا مُّنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا

اور نہ مہتاب نورانی کو اور نہ آفتاب روشن کو ،

مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا يَّدُوْرُ وَلَا

اور نہ اس فلک کو جو دورہ کرتا ہے اور نہ

بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ

دریائے جاری کو اور نہ کشتی کو جو دریا میں چلتی ہے ،

اِلَّا فِيْ مَحَبَّةِ هٰٓؤُلَآءِ الْخَمْسَةِ

مگر محبت میں ان پانچوں بزرگواروں کی ......

میں گذرتی ہے اور موجوں کے خوف سے ڈوبنے اور

وَ الْهَلَاکَ لَا یَقْدِرُ عَلٰی حِیْلَةٍ

ہلاک ہوجانے کے منتظر ہیں، مگر وہ کسی تدبیر پر قادر نہیں ہیں

اَوْ مُبْتَلًی بِصَاعِقَةٍ اَوْ هَدْمٍ

وہ مبتلا ہیں۔ بجلی کے گرنے اور مکان کے منہدم

اَوْ حَرْقٍ اَوْ شَرْقٍ اَوْ خَسْفٍ

ہونے میں اور جلنے، ڈوبنے اور دھسنے کی آفتوں میں

اَوْ مَسْخٍ اَوْ قَذْفٍ وَ اَنَا

اور صورت کے متغیر (مسخ) ہونے سے اور سنگسار ہونے کے خطروں

فِیْ عَافِیَةٍ مِنْ ذٰلِکَ کُلِّهٖ

میں، مگر میں ان تمام باتوں سے پوری طرح عافیت میں ہوں،

فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

پس اے خداوند عالم ! تو لائق حمد و ستائش ہے اور ایسا قادر مطلق ہے

لَا یُغْلَبُ وَ ذِیْ اَنَاةٍ لَا یَعْجَلُ

کہ کبھی مغلوب نہیں ہوا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ کبھی جلدی نہیں کی،

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّد

اے خدا! محمد اور آل محمد پر درود و سلام نازل فرما،

وَاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ

اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر کرنے والوں میں داخل کر،

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ ○

اور مجھے اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

اے میرے معبود! اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جو صبح و شام

مُسَافِرًا شَاخِصًا عَنْ اَهْلِهٖ وَ

مسافرت کے عالم میں رہتے ہیں اور وہ اپنے اہل و عیال

وَلَدِهٖ مُتَحَيِّرًا فِی الْمَفَاوِزِ تَائِهًا

سے دور حیران و سرگردان جنگل کے وحشیوں کے

مَعَ الْوُحُوْشِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ

ہمراہ اور چوپایوں کے ساتھ اور کیڑے مکوڑوں کے

وَحِیْدًا فَرِیْدًا لَا یَعْرِفُ حِیْلَةً وَّلَا

ہجوم میں یکہ و تنہا ہیں، کسی قسم کی تدبیر نہیں جانتے

یَهْتَدِیْ سَبِیْلًا اَوْ مُتَاَذِّیًا بِبَرْدٍ

اور نہ کسی راہ سے واقف ہیں، وہ سردی، گرمی،

أَوْ حَرٍّ أَوْ جُوْعٍ أَوْ عُرْيٍ أَوْ غَيْرِهِ

بھوک اور برہنگی کی اذیت اٹھا رہے ہیں، علاوہ ازیں اور بہت

مِنَ الشَّدَآئِدِ مِمَّا أَنَا مِنْهُ خِلْوٌ

سی ایسی سختیاں کہ جن سے میں بری ہوں، اور وہ مبتلا ہیں،

فِيْ عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ

میں ان تمام باتوں سے پوری طرح عافیت میں ہوں،

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

پس اے خداوند عالم! تو لائق حمد و ستائش ہے اور ایسا قادر مطلق ہے

لَا يُغْلَبُ وَ ذِيْ أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

کہ کبھی مغلوب نہیں ہوا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ کبھی جلدی نہیں کی،

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے خدا! محمد اور آل محمد پر درود و سلام نازل فرما،

وَاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر کرنے والوں میں داخل کر،

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ○

اور مجھے اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

اِلٰهِيْ وَ سَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ

اے میرے معبود! اے میرے مالک! اور بہت سے تیرے ایسے

اَمْسٰی وَ اَصْبَحَ فَقِیْرًا عَائِلًا عَارِیًا

بندے ہیں جو صبح و شام فقیری، ناداری، برہنگی کے عالم

مُمْلِقًا مُخْفِقًا مَهْجُوْرًا جَائِعًا ظَمْاٰنَ

میں گزارتے ہیں تنگی معاش سے ان کے اعضاء لرزتے ہیں دوستوں سے دور

یَنْتَظِرُ مَنْ یَعُوْدُ عَلَیْهِ بِفَضْلٍ اَوْ

اس بات کے منتظر ہیں کہ تیرا کونسا بندہ ان پر احسان کرتا

عَبْدٍ وَجِیْهٍ عِنْدَكَ هُوَ اَوْجَهُ مِنِّیْ

ہے یا تیرا کونسا ایسا بندہ ہے جو حاجت براری میں تیرے نزدیک

عِنْدَكَ وَ اَشَدُّ عِبَادَةً لَكَ مَغْلُوْلًا

مجھ سے زیادہ عبادت گزار ہے، گردہ طوق پہنے ہوئے

مَقْهُوْرًا قَدْ حُمِّلَ ثِقْلًا مِنْ تَعَبِ

ہے، مغلوب ہے اور مشقت تنگدستی، شدت بندگی،

الْعِنَاءِ وَ شِدَّةِ الْعُبُوْدِیَّةِ وَ كُلْفَةِ

تنگی رزق، اور لگان کی گرانی کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہے

الرِّقِّ وَ ثِقْلِ الضَّرِیْبَةِ اَوْ مُبْتَلًا

اور بلائے سخت میں مبتلا ہے اس بلا سے پناہ نہیں

بِبَلَاءٍ شَدِیْدٍ لَا قِبَلَ لَهٗ اِلَّا بِمَنِّكَ

ملتی مگر تیرا احسان ہے کہ میں خدمت گار

عَلَيْهِ وَاَنَا الْمَخْدُوْمُ الْمُنَعَّمُ

رکھتا ہوں اور تیری نعمتوں سے مالامال ہوں،

الْمُعَافَى الْمُكَرَّمُ فِي عَافِيَةٍ مِمَّا هُوَ فِيْهِ

محفوظ و مکرم ہوں اور ان تمام باتوں سے جن میں وہ گرفتار ہیں عافیت میں ہوں،

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

پس اے خداوند عالم! تو لائق حمد و ستائش ہے اور ایسا قادر مطلق ہے

لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

کہ کبھی مغلوب نہیں ہوا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ کبھی جلدی نہیں کی،

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے خدا! محمد اور آل محمد پر درود و سلام نازل فرما،

وَاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر کرنے والوں میں داخل کر،

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ○

اور مجھے اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ

اے میرے معبود! اور اے میرے مالک! اور بہت سے تیرے ایسے بندے

اَمْسٰى وَاَصْبَحَ عَلِيْلًا مَرِيْضًا سَقِيْمًا

ہیں کہ جو صبح و شام اس حالت میں گزارتے ہیں کہ علیل ہیں مریض

مُدْنِفًا عَلٰى فُرُشِ الْعِلَّةِ وَفِيْ لِبَاسِهَا

ہیں ان کی بیماری کا سلسلہ طویل ہے وہ بستر مرض پر لیٹے ہیں

يَتَقَلَّبُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا لَا يَعْرِفُ شَيْئًا

کبھی داہنی کروٹ لیتے ہیں کبھی بائیں، اور اب کسی شے

مِنْ لَذَّةِ الطَّعَامِ وَلَا مِنْ لَذَّةِ الشَّرَابِ

کے کھانے میں انہیں مزہ نہیں آتا اور نہ کسی چیز کے پینے ہی میں کوئی مزہ باقی ہے

يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيْعُ

وہ اپنے نفس کی طرف حسرت و یاس سے نگاہ کرتے

لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَ اَنَا خِلْوٌ مِنْ

ہیں اور نفع رسانی پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ضرر سے بچ سکتے

ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ

ہیں مگر میں تیرے جود و کرم کے صدقے میں ان تمام باتوں سے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

محفوظ ہوں، پس! کوئی معبود نہیں اور لائق پرستش نہیں سوائے تیرے، پاک

مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَ ذِيْ اَنَاةٍ لَا

ہے تو ایسا صاحب قدرت کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل کہ

يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ

کبھی جلدی نہیں کرتا، درود نازل فرما محمد پر اور

مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِیْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ

آل محمدؐ پر اور مجھے اپنے عبادت گزاروں میں شمار کر

وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ

اور اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں میں داخل کر

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ

اور اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اور مجھ پر اپنی رحمت کے صدقے میں مجھ پر کرم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مہربان

مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ

اے میرے مالک! اے میرے سردار! تیرے بہت سے ایسے بندے ہیں کہ

اَمْسٰی وَاَصْبَحَ وَقَدْ دَنَا یَوْمُهٗ مِنْ

جنھوں نے صبح و شام اس عالم میں کی کہ گویا ان کی موت کے

حَتْفِهٖ وَاَحْدَقَ بِهٖ مَلَكُ الْمَوْتِ

دن قریب آگئے ہیں اور انہیں موت کے فرشتے نے گھیر لیا ہے

فِیْ اَعْوَانِهٖ یُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اور وہ مددگاروں میں ہیں ، جان کنی اور موت

وَحِیَاضَهٗ تَدُوْرُ عَیْنَاهُ یَمِیْنًا

کی تکلیفوں سے کبھی داہنی طرف دیکھتے ہیں اور

وَ شِمَالًا يَنْظُرُ اِلٰى اَحِبَّآئِهٖ وَ

کبھی بائیں طرف ، اور اپنے دوستوں ، محبوں ، جان پہچان والوں

اَوِدَّآئِهٖ وَ اَخِلَّآئِهٖ قَدْ مُنِعَ مِنَ

اور سچے محبت کرنے والوں کی طرف نظر کرتا ہے ۔ ان کو بات کرنے

الْكَلَامِ وَ حُجِبَ عَنِ الْخِطَابِ

سے روک دیا گیا ہے اور کلام کرنے سے باز رکھا گیا ہے ۔

يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيْعُ

وہ اپنے نفس کی طرف حسرت و یاس سے نگاہ کرتے ہیں ،

لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَ اَنَا خِلْوٌ مِنْ

ہیں اور نفع رسانی پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ضرر سے بچ سکتے

ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ

ہیں مگر میں تیرے جود و کرم کے صدقے میں ان تمام باتوں سے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

محفوظ ہوں ، بس ! کوئی معبود نہیں اور لائق پرستش نہیں سوائے تیرے ، پاک

مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَ ذِىْ اَنَاةٍ لَا

ہے تو ایسا صاحب قدرت کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل کہ

يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

کبھی جلدی نہیں کرتا ، درود نازل فرما محمد پر اور

مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِیْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ

آل محمدؐ پر اور مجھے اپنے عبادت گزاروں میں شمار کر

وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ

اور اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں میں داخل کر

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ

اور اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اور مجھ پر اپنی رحمت کے صدقے میں کرم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مہربان

مَوْلَایَ وَ سَیِّدِیْ وَ كَمْ مِنْ

اے میرے مالک! اے میرے سردار! تیرے بہت سے ایسے بندے ہیں

عَبْدٍ اَمْسٰی وَ اَصْبَحَ فِیْ مَضَائِقِ

جن کی صبح وشام قیدخانوں کی تنگیوں اور زندانوں

الْحُبُوْسِ وَ السُّجُوْنِ وَ كُرَبِهَا وَ

کی اسیری میں گزرتی ہے اور وہ سختیوں اور ذلتوں میں مبتلا

ذُلِّهَا وَ حَدِیْدِهَا یَتَدَاوَلُهُ

ہیں نیز وہ لوہے میں جکڑے ہوئے ہیں

اَعْوَانُهَا وَ زَبَانِیَتُهَا فَلَا یَدْرِیْ

قیدخانہ میں اس کی خبر نہیں کہ ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے

اَیُّ حَالٍ یُفْعَلُ بِهٖ وَ اَیُّ

گا اور کیا بدسلوکی روا

مُثْلَةٍ یُمَثَّلُ بِهٖ فَهُوَ فِیْ ضُرٍّ مِنَ

رکھی جائے گی، وہ تیرے بندے سختی

الْعَیْشِ وَ ضَنْكٍ مِنَ الْحَیٰوةِ

عیش اور تنگی حیات میں گرفتار ہیں

یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا یَسْتَطِیْعُ

وہ اپنے نفس کی طرف حسرت و یاس سے نگاہ کرتے

لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَ اَنَا خِلْوٌ مِنْ

ہیں اور نفع رسانی پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ضرر سے بچ سکتے

ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ

ہیں مگر میں تیرے جود و کرم کے صدقے میں ان تمام باتوں سے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

محفوظ ہوں، پس! کوئی معبود نہیں اور لائق پرستش نہیں سوائے تیرے، پاک

مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ وَ ذِیْ اَنَاةٍ لَا

ہے تو ایسا صاحب قدرت کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل کہ

یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

کبھی جلدی نہیں کرتا، درود نازل فرما محمد پر اور

مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِی لَكَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ

آل محمدؐ پر اور مجھے اپنے عبادت گزاروں میں شمار کر

وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ

اور اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں میں داخل کر

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ وَارْحَمْنِی

اور اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اور مجھ پر اپنی رحمت کے صدقے میں رحمت نازل فرمائے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مہربان

سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ وَ كَمْ مِنْ

اے میرے سردار! اے میرے مالک تیرے بہت سے ایسے بندے ہیں

عَبْدٍ اَمْسٰی وَ اَصْبَحَ قَدِ

کہ جنھوں نے صبح و شام ایسی حالت میں کی کہ گویا اس پر حکم قضا

اسْتَمَرَّ عَلَیْهِ الْقَضَاءُ وَ اَحْدَقَ

جاری ہوگیا ہے اور گویا اسے بلا نے گھیر لیا ہے

بِهِ الْبَلَاءُ وَ فَارَقَ اَوِدَّاءَهٗ وَ

اور اس نے اپنے دوستوں اور آشناؤں سے اور

اَحِبَّاءَهٗ وَ اَخِلَّاءَهٗ وَ اَمْسٰی

محبت کرنے والوں سے مفارقت کی ہے، اور وہ حقیر

اَسِيرًا حَقِيرًا ذَلِيلًا فِىْ اَيْدِى

قیدی ذلیل ہوگیا ہے ہاتھوں میں کافروں اور دشمنوں کے

الْكُفَّارِ وَالْاَعْدَآءِ يَتَدَاوَلُوْنَهٗ يَمِيْنًا

جو اسے لیے پھرتے ہیں داہنے اور بائیں اسے

وَشِمَالًا قَدْ حُصِرَ فِى الْمَطَامِيْرِ

تہہ خانوں میں قید کیا گیا ہے اور آہن میں

وَثُقِّلَ بِالْحَدِيْدِ لَا يَرٰى شَيْئًا مِنْ

گراں بار کیا گیا ہے یہ دنیا کی روشنی کو کچھ بھی

ضِيَاءِ الدُّنْيَا وَلَا مِنْ رَوْحِهَا

نہیں دیکھ سکتا اور نہ اس کی آسائش کو ایسے

يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيْعُ

لوگ اپنے نفس کی طرف حسرت و یاس سے نگاہ کرتے

لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ

ہیں اور نفع رسانی پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ضرر سے بچ سکتے

ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ

ہیں مگر میں تیرے جود و کرم کے صدقے میں ان تمام باتوں سے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

محفوظ ہوں، بس! کوئی معبود نہیں اور لائق پرستش نہیں سوائے تیرے، پاک

مُقتَدِرٍ لَا يُغلَبُ وَ ذِي اَناةٍ لَا

ہے تو ایسا صاحب قدرت کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل کہ

يَعجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ

کبھی جلدی نہیں کرتا، درود نازل فرما محمدؐ پر اور

مُحَمَّدٍ وَاجعَلنِي لَكَ مِنَ العَابِدِينَ

آل محمدؐ پر اور مجھے اپنے عبادت گزاروں میں شمار کر

وَلِنَعمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ

اور اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں میں داخل کر

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارحَمنِي

اور اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں شمار کر

بِرَحمَتِكَ يَا اَرحَمَ الرَّاحِمِينَ ○

اور مجھ پر اپنی رحمت کے صدقے میں رحمت نازل فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مہربان

وَعِزَّتِكَ يَا كَرِيمُ لَاَطلُبَنَّ مِمَّا

اور تجھے تیری عزت کی قسم ہے اے کریم میں ضرور

لَدَيكَ وَلَاُلِحَّنَّ عَلَيكَ وَلَاَمُدَّنَّ

طلب کروں گا ان نعمتوں کو جو تیرے پاس ہیں اور گڑ گڑاؤں گا تیرے

يَدِي نَحوَكَ مَعَ جُرمِهَا اِلَيكَ

حضور میں اور اپنے ہاتھ پھیلاؤں گا تیرے سامنے باوجودیکہ ان

يَا رَبِّ فَبِمَنْ اَعُوْذُ وَبِمَنْ اَلُوْذُ لَا

ہاتھوں سے تیرے جرم کیے ہیں اے میرے پروردگار! بجز تیرے کس سے پناہ

اَجِدُ لِي اِلَّا اَنْتَ اَفَتَرُدُّنِي وَ

مانگوں اور کس طرف پناہ چاہوں، میرے لیے کوئی نہیں ہے سوائے تیرے.

اَنْتَ مُعَوَّلِي وَ عَلَيْكَ مُتَّكَلِي

آیا کیا تو مجھے پھیر دے گا؟ حالانکہ تو ہی میری اُمید گاہ ہے، اور تجھ ہی

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي وَضَعْتَهُ

پر میرا بھروسہ ہے. میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں، اس نام پاک

عَلَى السَّمَاءِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ

کے ذریعہ جسے تو نے آسمانوں پر رکھا تو وہ ٹھہر گیا اور زمین پر رکھا

فَاسْتَقَرَّتْ وَ عَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَ

تو اسے قرار ہوا اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ بلند ہوئے اور رات

عَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَ عَلَى النَّهَارِ

پر رکھنے سے وہ تاریک ہوئی اور دن پر قائم کرنے سے

فَاسْتَنَارَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ

وہ روشن ہوا اور اے خدا تو درود نازل فرما محمّد پر اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَقْضِيَ لِي حَوَآئِجِي

آلِ محمّد پر اور میرے لیے میری تمام حاجتوں کو پورا فرما

كُلَّهَا وَ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا

اور میرے تمام گناہوں کو بخش دے وہ گناہ

صَغِيْرَهَا وَ كَبِيْرَهَا وَ تُوَسِّعَ عَلَيَّ

صغیرہ ہوں یا گناہان کبیرہ ہوں اور کشائش عطا

مِنَ الرِّزْقِ مَا تُبَلِّغُنِيْ بِهٖ شَرَفَ

فرما مجھ پر میرے رزق سے تا اینکہ اس سے

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○

مجھے شرافت دنیا و آخرت حاصل ہو اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مہربان

مَوْلَايَ بِكَ اسْتَعَنْتُ فَصَلِّ عَلٰى

اے میرے آقا! میں تجھ ہی سے مدد چاہتا ہوں، بس درود

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَعِنِّيْ وَبِكَ

نازل فرما محمد و آل محمد پر اور میں تجھ ہی

اسْتَجَرْتُ فَاَجِرْنِيْ وَاَغْنِنِيْ بِطَاعَتِكَ

سے طالب ہوں نیک اجر کا، اور مجھے غنی کر دے بسبب اپنی

عَنْ طَاعَةِ عِبَادِكَ وَ بِمَسْئَلَتِكَ

اطاعت کے اطاعت خلق سے اور بسبب سوال کرنے

عَنْ مَسْئَلَةِ خَلْقِكَ وَ انْقُلْنِيْ مِنْ

تیری جانب سوال کرنے سے تیری خلقت کے اور پھیر دے مجھ

ذُلِّ الْفَقْرِ اِلٰى عِزِّ الْغِنٰى وَمِنْ ذُلِّ

سے نقیری کی ذلت کو تونگری کی عزت کی طرف

الْمَعَاصِیْ اِلٰى عِزِّ الطَّاعَةِ فَقَدْ

اور گناہوں کی ذلت رسوائی سے اطاعت کی عزت کی طرف

فَضَّلْتَنِیْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ

بہ تحقیق تو نے نفیلت دی ہے مجھ کو اپنی بہت سی مخلوق پر

جُوْدًا مِنْكَ وَكَرَمًا لَا بِاسْتِحْقَاقٍ

بلحاظ اپنے سخی اور کریم ہونے کے نہ کہ میں مستحق تھا ان

مِنِّیْ اِلٰهِیْ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى

باتوں کا اے میرے معبود تیرے ہی لیے حمد سزاوار ہے۔

ذٰلِكَ كُلِّهٖ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

ان تمام باتوں پر درود نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ

اور مجھ کو اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں شمار

الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ

کر اور مجھ کو اپنے احسانات کا ذکر کرنے والوں میں

الذَّاكِرِيْنَ　　اب سجدے میں جائیے اور کہیے　　سَجَدَ

داخل فرما　　　　سجدہ کیا

وَجْهِیَ الذَّلِیْلُ لِوَجْهِكَ الْعَزِیْزِ

ہے میرے ذلیل چہرے نے تیری ذات غالب اور ذات

الْجَلِیْلِ سَجَدَ وَجْهِیَ الْبَالِی

بزرگ و برتر کو اور سجدہ کیا ہے میرے فنا اور پوشیدہ ہونے والے

الْفَانِیْ لِوَجْهِكَ الدَّآئِمِ الْبَاقِیْ

چہرے نے تیری ہمیشہ باقی رہنے والی ذات کو

سَجَدَ وَجْهِیَ الْفَقِیْرُ لِوَجْهِكَ

اور سجدہ کیا ہے میرے نادار چہرے نے تیری

الْغَنِیِّ الْكَبِیْرِ سَجَدَ وَجْهِیَ وَ

غنی اور بزرگ ذات کا، پس سجدہ کیا میرے چہرے نے،

سَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَ لَحْمِیْ وَ دَمِیْ

میرے کانوں نے، میری آنکھوں نے، میرے گوشت نے، میرے خون نے

وَ جِلْدِیْ وَ عَظْمِیْ وَمَا اَقَلَّتِ الْاَرْضُ

میری کھال نے، اور ان تمام اعضاء نے جو زمین پر ٹھہرے

مِنِّیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ عُدْ

ہوئے ہیں، یہ سجدہ خدائے عالمین کے لیے ہے، اے خدا!

عَلٰی جَهْلِیْ بِحِلْمِكَ وَ عَلٰی فَقْرِیْ

درگزر فرما میری جہالت سے بسبب اپنی عزت و دبدبہ کے،

بِغِنَاكَ وَ عَلٰى ذُلِّى بِعِزِّكَ وَسُلْطَانِكَ

اور میری تنگ دستی پر بسبب اپنی تونگری کے، اور میری ضعیفی اور کمزوری

وَعَلٰى ضَعْفِى بِقُوَّتِكَ وَ عَلٰى خَوْفِى

پر بسبب اپنی قوت کے، اور میرے خوف پر بسبب اپنے امن کے اور

بِاَمْنِكَ وَ عَلٰى ذُنُوْبِى وَخَطَايَاىَ

میرے گناہوں اور میری خطاؤں پر بسبب اپنی معافی (بخشش)

بِعَفْوِكَ وَ رَحْمَتِكَ يَا رَحْمٰنُ يَا

اور رحمت کے اے رحم کرنے والے مہربان اے بخشنے والے مہربان،

رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَدْرَءُ بِكَ فِى

اے خداوند! میں اس کا زیادہ سزاوار ہوں کہ تو فلاں ابن فلاں کی شر کو مجھ سے

نَحْرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَ اَعُوْذُبِكَ

دور زبادے، (یہاں اپنے دشمن اور اسکے باپ کا نام لیں) اور تیری ہی

مِنْ شَرِّهٖ فَاكْفِنِيْهِ بِمَا كَفَيْتَ بِهٖ

ذات سے پناہ چاہتا ہوں اس بدی سے پس مجھے بھی بچا اس طریقہ

اَنْبِيَآئَكَ وَ اَوْلِيَآئَكَ مِنْ خَلْقِكَ

سے کہ جس طرح تونے اپنے نبیوں کو بچایا۔ اور ولیوں کو بچایا

وَصَالِحِىْ عِبَادِكَ مِنْ فَرَاعِنَةِ

اور اپنی مخلوق کے صالحین اور عبادت گزاروں کو بچایا فرعون سے اور

خَلْقِكَ وَ طُغَاةِ عُدَاتِكَ وَ شَرِّ

اس کے شر سے، اور ان دشمنوں کی دشمنی سے اور ان کی سرکشیوں

جَمِيعِ خَلْقِكَ بِرَحْمَتِكَ يَاۤ اَرْحَمَ

سے جو تیری مخلوق سے تعلق رکھتی ہیں، پس اے سب سے زیادہ رحم کرنے

الرَّاحِمِينَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَ

والے تجھے تیری رحمت کا واسطہ بے شک تو ہر چیز

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

پر قادر ہے اور تیری وکالت میرے لیے کافی ہے

دُعائے کمیل کے اوصاف

کتاب اقبال میں سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں "ایک مرتبہ نصف ماہ شعبان کو مسجد بصرہ میں جناب امیرالمومنین علی ابن ابیطالب علیہ السّلام تشریف رکھتے تھے، کمیل ابن زیاد نخعی نے اپنے مولا سے عرض کی کہ "مجھ کو دعائے خضر علیہ السّلام تعلیم فرمادیجیے"۔ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص نیمہ شعبان کو شب بیداری کرے اور اس دُعا کو پڑھے اس کے بعد حق تعالیٰ سے اپنا مطلب بیان کرے حاجت اس کی برآئے گی۔ اے کمیل تم اس دُعا کو حفظ کرلو اور ہر شب جمعہ، اسے پڑھا کرو اگر ہر شب جمعہ کو نہ پڑھ سکو تو مہینہ میں ایک مرتبہ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو سال میں ایک مرتبہ اور یہ بھی نہ ہو سکے تو اپنی عمر میں ایک مرتبہ ہی پڑھ لو یہ دُعا دشمن کے شر سے محفوظ رکھتی ہے۔ اور اس سے روزی کشادہ ہوتی ہے اور کل گناہ صغیرہ و کبیرہ اس کی برکت سے بخش دیئے جاتے ہیں۔ نیز دین و دنیا کی تمام مرادیں پوری ہوتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
ابتدا، اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ
اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں

اَلَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ وَّ بِقُوَّتِكَ
جو ہر چیز سے بڑھی ہوئی ہے جس کی وجہ سے تو ہر چیز پر

اَلَّتِیْ قَهَرْتَ بِهَا كُلَّ شَیْءٍ وَّخَضَعَ
غالب ہے اور ہر چیز نے اس کے آگے

لَهَا كُلُّ شَیْءٍ وَّ ذَلَّ لَهَا كُلُّ شَیْءٍ
فروتنی کی ہے، اور ہر چیز اس سے پست ہے

وَّ بِجَبَرُوْتِكَ الَّتِیْ غَلَبْتَ بِهَا
اور تیری اس جبروت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جس کے سبب سے

كُلَّ شَیْءٍ وَّ بِعِزَّتِكَ الَّتِیْ لَا یَقُوْمُ
تو ہر چیز پر غالب آیا اور تیری اس عزت کا واسطہ

لَهَا شَیْءٌ وَّ بِعَظَمَتِكَ الَّتِیْ
دے کر سوال کرتا ہوں جس کے سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہرتی اور تیری اس عظمت کا واسطہ

مَلَأَتْ كُلَّ شَیْءٍ وَّ بِسُلْطَانِكَ
دے کر سوال کرتا ہوں جس سے ہر چیز پر نظر آتی ہے اور تیری اس سلطنت کا واسطہ

الَّذِیْ عَلَا کُلَّ شَیْءٍ وَّ بِوَجْهِكَ

دے کر سوال کرتا ہوں۔ جو ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے اور تیری اس ذات کا واسطہ دے کر

الْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَآءِ کُلِّ شَیْءٍ وَّ

سوال کرتا ہوں جو ہر شے کے فنا ہو جانے کے بعد باقی رہے گی اور

بِاَسْمَآئِكَ الَّتِیْ مَلَأَتْ اَرْکَانَ کُلِّ

ان مقدس ناموں کا واسطہ دے کر جن سے ہر چیز کے اعلیٰ حصے بھرے ہوئے

شَیْءٍ وَّ بِعِلْمِكَ الَّذِیْ اَحَاطَ

ہیں اور تیرے اس علم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے

بِکُلِّ شَیْءٍ وَّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ

ہے اور تیری ذات کے اس نور کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں،

اَضَآءَ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ یَا نُوْرُ

جس کی وجہ سے ہر چیز میں چمک دمک ہے۔ اے نور

یَا قُدُّوْسُ یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَ

اے سب سے زیادہ پاک و پاکیزہ، اے سب پہلوں سے پہلے

یَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیَ

اے تمام آخروں سے آخر، یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ

گناہ بخش دے جو ناموس میں بٹہ لگا دیتے ہیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو

تُنْزِلُ النِّقَمَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

نزول بلا کا باعث ہوتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُغَیِّرُ النِّعَمَ

گناہ بخش دے، جو نعمتوں کو بدل دیتے ہیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

یا میرے اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو دعاؤں کو

تَحْبِسُ الدُّعَآءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

درجہ مقبولیت تک پہنچنے سے روک دیتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَقْطَعُ الرَّجَآءَ

گناہ بخش دے جو امید کو پورا نہیں ہونے دیتے

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

یا اللہ میرے ان سب گناہوں کو بخش دے جن سے

تُنْزِلُ الْبَلَآءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ کُلَّ

بلا نازل ہوتی ہے یا اللہ میرے ان سب گناہوں

ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ وَکُلَّ خَطِیْٓئَةٍ

کو بخش دے جو میں نے کئے ہوں اور ہر اس خطا کو معاف کر دے

اَخطَاتُهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَتقَرَّبُ

جو مجھ سے سرزد ہوئی ہو ، یا اللہ میں تیری یاد کے ذریعہ سے تیری حضوری میں تقرب

اِلَیکَ بِذِکرِکَ وَ اَستَشفِعُ بِکَ

چاہتا ہوں اور تیری حضور میں تیرے ذکر اور تیری ہی ذات کو اپنا سفارشی

اِلٰی نَفسِکَ وَ اَسئَلُکَ بِجُودِکَ اَن

ٹھہراتا ہوں، اور تیرے جود و بخشش کو اور کرم کو

تُدنِیَنِی مِن قُربِکَ وَ اَن تُوزِعَنِی

ذریعہ گردان کر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے لیے اپنا قرب زیادہ کر اور مجھے اپنی نعمتوں

شُکرَکَ وَ اَن تُلهِمَنِی ذِکرَکَ

کا شکریہ بجالانے کی توفیق عطا فرما اور اپنی یاد میرے دل میں ڈال

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسئَلُکَ سُؤَالَ خَاضِعٍ

یا اللہ میں تجھ سے گڑگڑانے والے، عاجزی کرنے والے،

مُتَذَلِّلٍ خَاشِعٍ مُتَضَرِّعٍ

خضوع و خشوع کرنے والے، اور رونے پیٹنے والے کا سا سوال کرتا ہوں کہ

اَن تُسَامِحَنِی وَ تَرحَمَنِی وَ

تو میری خطاؤں سے چشم پوشی فرمائے اور مجھ پر رحم فرمائے اور جو کچھ تونے

تَجعَلَنِی بِقِسمِکَ رَاضِیًا قَانِعًا

میرا حصہ لگایا ہے اس پر میں راضی رہوں اور قناعت کروں

وَفِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ مُتَوَاضِعًا

اور ہر حالت میں تیرے (بندوں سے) متواضع پیش آؤں

اَللّٰھُمَّ وَ اَسْئَلُكَ سُؤَالَ مَنِ

یا اللہ میں تیری حضور میں اس شخص کا سا سوال کرتا ہوں

اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَ اَنْزَلَ بِكَ

جس پر فاقہ کے کڑاکے گزرتے ہوں مگر تیری ہی

عِنْدَ الشَّدَآئِدِ حَاجَتَهٗ وَعَظُمَ

بارگاہ میں اس نے سختیوں کی حالت میں اپنی حاجت پیش کی ہو

فِیْمَا عِنْدَكَ رَغْبَتُهٗ اَللّٰھُمَّ

اور جو کچھ تیرے خزانے میں ہو اس کے بارے میں اس کی خواہش بڑھی ہوئی ہو یا اللہ!

عَظُمَ سُلْطَانُكَ وَ عَلَا مَكَانُكَ

تیری دلیل بڑی قوی ہے اور تیرا رتبہ بہت بلند ہے

وَخَفِیَ مَكْرُكَ وَ ظَهَرَ اَمْرُكَ

اور تیرا بدلہ لینا سمجھ سے باہر ہے اور تیرا حکم ظاہر ہے

وَغَلَبَ قَهْرُكَ وَ جَرَتْ قُدْرَتُكَ

اور تیرا قہر غالب ہے اور تیری قدرت کا نظام چل رہا ہے

وَلَا یُمْكِنُ الْفِرَارُ مِنْ حُكُوْمَتِكَ

اور تیری حکومت سے بھاگ کر نکل جانا ناممکن ہے

اَللّٰهُمَّ لَآ اَجِدُ لِذُنُوْبِیْ غَافِرًا

یا اللہ میں تو اپنے گناہوں کے لیے بخش دینے والا اور

وَّلَا لِقَبَآئِحِیْ سَاتِرًا وَّلَا لِشَیْءٍ مِّنْ

برائیوں کے لیے پردہ پوشی کرنے والا

عَمَلِیَ الْقَبِیْحِ بِالْحَسَنِ مُبَدِّلًا

اور جو بھی میری بداعمالی ہو اس کو نیکی سے بدل دینے والا

غَیْرَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

تیرے سوا کسی کو نہیں پاتا۔ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے تو منزہ ہے

وَبِحَمْدِكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ

اور میں تیری تعریف کرتا ہوں میں نے اپنی ذات پر ظلم کیا

تَجَرَّأْتُ بِجَهْلِیْ وَ سَكَنْتُ اِلٰی

اور اپنی جہالت سے جری ہو گیا اور چونکہ تو ہمیشہ سے مجھ پر احسان کرتا رہا ہے

قَدِیْمِ ذِكْرِكَ لِیْ وَ مَنِّكَ عَلَیَّ

اور تیری یاد میرے دل میں بیٹھی ہوئی ہے اس سے اطمینان کر لیا ہے

اَللّٰهُمَّ مَوْلَایَ كَمْ مِّنْ قَبِیْحٍ

یا اللہ اے میرے مالک! تو نے میری کتنی برائیوں پر پردہ ڈالا ہے

سَتَرْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ فَادِحٍ مِّنَ

اور کتنی سخت سے سخت بلاؤں کو

الْبَلَآءِ اَقَلْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ عِثَارٍ

تو نے ٹال دیا ہے اور کتنی خطاؤں

وَّقَيْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ مَكْرُوْهٍ

سے تو نے بچا لیا ہے اور کتنی اذیتوں کو

دَفَعْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ ثَنَآءٍ جَمِيْلٍ

تو نے دفع فرما دیا ہے اور کتنی میری خوبیاں جن

لَّسْتُ اَهْلًا لَّهٗ نَشَرْتَهٗ اَللّٰهُمَّ

کا میں مستحق نہ تھا تو نے لوگوں میں مشہور کر دی ہیں۔ یا اللہ میری

عَظُمَ بَلَآئِیْ وَ اَفْرَطَ بِیْ سُوْٓءُ حَالِیْ

آزمائش اس وقت بڑھ گئی ہے اور میری بدحالی حد سے زیادہ

وَ قَصُرَتْ بِیْ اَعْمَالِیْ وَ قَعَدَتْ

گذر گئی ہے اور میرے نیک اعمال کم ہیں اور سخت تکلیفوں نے مجھے

بِیْ اَغْلَالِیْ وَ حَبَسَنِیْ عَنْ نَفْعِیْ

بٹھا دیا ہے اور میری امیدوں کی درازی نے مجھے

بُعْدُ اٰمَالِیْ وَ خَدَعَتْنِی الدُّنْیَا

نفع سے باز رکھا اور دنیا نے مجھ کو اپنی فریب دہی سے

بِغُرُوْرِهَا وَ نَفْسِیْ بِخِیَانَتِهَا وَ

دھوکے میں رکھا اور میرے نفس نے اپنی خیانت اور ٹال مٹول سے

مِطَالِی یَا سَیِّدِی فَاَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ

(مجھے) دھوکہ دیا اے آقا پس سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری عزت کا واسطہ دے کر کہ میری

اَنْ لَّا یَحْجُبَ عَنْکَ دُعَآئِی سُوْٓءُ

بدعملی اور میرے کردار میری دعا کو تیرے حضور میں

عَمَلِی وَ فِعَالِی وَلَا تَفْضَحْنِی بِخَفِیِّ

پہنچنے سے نہ روکیں اور میرے جن پوشیدہ

مَا اطَّلَعْتَ عَلَیْهِ مِنْ سِرِّی وَلَا

رازوں سے تو مطلع ہوگیا ہے (ان کو ظاہر کرکے)

تُعَاجِلْنِی بِالْعُقُوْبَةِ عَلٰی مَا

مجھے رسوا نہ کر اور میں اپنی غفلت ،

عَمِلْتُهٗ فِیْ خَلَوَاتِیْ مِنْ سُوْٓءِ

خواہشوں کی کثرت ، اپنی جہالت

فِعْلِی وَاِسَآءَتِی وَدَوَامِ تَفْرِیْطِی

اور نیکی کی طرف ہمیشہ کی کم رغبتی کے

وَجَهَالَتِی وَکَثْرَةِ شَهَوَاتِی وَ

سبب جو جو برائیاں چھپ چھپ کر کر چکا ہوں ان کی مجھے

غَفْلَتِی وَکُنِ اللّٰهُمَّ بِعِزَّتِکَ

سزا دینے میں جلدی نہ فرما ، اور اے اللہ تیری

لِی فِی کُلِّ الْاَحْوَالِ رَؤُفًا وَّ

عزت کا واسطہ　مجھ پر ہر حال میں مہربان رہ

عَلَیَّ فِی جَمِیعِ الْاُمُورِ عَطُوفًا اِلٰہِی

اور میرے تمام معاملات میں شانِ مہربانی دکھلا　اے میرے معبود !

وَ مَوْلَایَ وَ رَبِّی مَنْ لِی غَیْرُکَ

اور میرے پروردگار !　میرا تیرے سوا اور ہے کون جس

اَسْئَلُہٗ کَشْفَ ضُرِّی وَالنَّظَرَ

سے میں اپنی مصیبت کے دور کرنے کا　اور اپنے معاملہ میں غور کرنے کا

فِی اَمْرِی اِلٰھِی وَ مَوْلَایَ

سوال کروں　اے میرے معبود !　اے میرے مالک !

اَجْرَیْتَ عَلَیَّ حُکْمًا اِتَّبَعْتُ فِیْہِ

تو نے میرے لیے ایک　حکم جاری کیا جس میں

ھَوٰی نَفْسِی وَ لَمْ اَحْتَرِسْ فِیْہِ

میں نے اپنی خواہش نفسانی کی پیروی کی　اور اس کی کوئی نگرانی نہ کی

مِنْ تَزْیِینِ عَدُوِّی فَغَرَّنِی بِمَا

میرے دشمن نے اس خواہش نفسانی کو　میری نظر میں

اَھْوٰی وَ اَسْعَدَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ

زینت دے دی اس طرح جو خواہش　میرے دل میں پیدا ہوئی تھی اس کے

اَلْقَضَاۤءُ فَتَجَاوَزْتُ بِمَا جَرٰی

ذریعہ سے میرے دشمن نے مجھے دھوکہ دیا اور قضا و قدر نے اس معاملہ میں اس کی مساعدت

عَلَیَّ مِنْ ذٰلِكَ بَعْضَ حُدُوْدِكَ

کی اس طرح تیری مقرر کی ہوئی حدود سے

وَخَالَفْتُ بَعْضَ اَوَامِرِكَ فَلَكَ

اور تیرے جاری کیے ہوئے حکم سے کچھ تجاوز کر گیا اور تیرے بعض احکام کی

الْحَمْدُ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِكَ

مجھ سے مخالفت ہو گئی۔ بہر حال اس تمام معاملہ میں میرے ذمہ تیری حمد بجا لانا واجب ہے

وَلَا حُجَّةَ لِیْ فِیْمَا جَرٰی عَلَیَّ فِیْهِ

اور جس جس امر میں تیرا فیصلہ میرے برخلاف جاری ہوا

قَضَاۤؤُكَ وَاَلْزَمَنِیْ حُكْمُكَ وَ

اور تیرا حکم اور تیری آزمائش میرے لیے لازم ہوئی

بَلَاۤؤُكَ وَقَدْ اَتَیْتُكَ یَا اِلٰهِیْ

اس میں میری کوئی حجت نہیں ہے اور میرے معبود

بَعْدَ تَقْصِیْرِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی

بعد اپنی کوتاہی اور اپنے نفس پر زیادتی

نَفْسِیْ مُعْتَذِرًا نَادِمًا مُنْكَسِرًا

کرنے کے عذر کرتا ہوں اور ندامت کے ساتھ انکسار کی حالت میں

مُسْتَقِيلًا مُسْتَغْفِرًا مُنِيبًا

طلب مغفرت کرتا اور گڑگڑاتا

مُقِرًّا مُذْعِنًا مُعْتَرِفًا لَآ اَجِدُ

اقرار کرتا ہوا گناہوں کے ہونے کے یقین کے

مَفَرًّا مِمَّا كَانَ مِنِّىْ وَلَا

ساتھ تیری درگاہ میں حاضر ہوا ہوں اس لیے کہ

مَفْزَعًا اَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ فِىْ اَمْرِىْ

جو کچھ مجھ سے ہو گیا ہے اس سے نہ کہیں بھاگنے کا ٹھکانا پاتا ہوں نہ رونے پیٹنے کی جگہ

غَيْرَ قَبُوْلِكَ عُذْرِىْ وَ

کہ دور میں اپنا معاملہ پیش کروں سوائے اس کے

اِدْخَالِكَ اِيَّاىَ فِىْ سَعَةِ رَحْمَتِكَ

کہ تو میرا عذر قبول کرلے اور اپنی وسعتِ رحمت میں مجھے داخل کرلے

اَللّٰهُمَّ فَاقْبَلْ عُذْرِىْ وَارْحَمْ

یا اللہ اب میرا عذر قبول فرما، اور میری تکلیف کی

شِدَّةَ ضُرِّىْ وَ فُكَّنِىْ مِنْ

سختی پر رحم کر اور میری جکڑبندیوں کو دور کر

شَدِّ وَثَاقِىْ يَارَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ

اور میرے پروردگار! میرے جسم کی

بَدَنِیْ وَ رِقَّةَ جِلْدِیْ وَ دِقَّةَ

ناتوانی　اور میری جلد کے ہلکے پن　اور میری ہڈیوں

عَظْمِیْ یَا مَنْ بَدَأَ خَلْقِیْ وَ

کی کمزوری پر رحم کر،　اے وہ جس نے میرے وجود کا آغاز فرمایا

ذِکْرِیْ وَ تَرْبِیَتِیْ وَ بِرِّیْ وَ

میرا نام بھی نکالا میری پرورش کا سامان بھی کیا۔　میرے حق میں ہر طرح کی نیکی بھی کی

تَغْذِیَتِیْ هَبْنِیْ لِابْتِدَآءِ کَرَمِكَ وَ

اور مجھے غذا دینے کے اسباب بہم پہنچائے جیسے تو نے کرم کی ابتدار کی تھی اور جس طرح پہلے

سَالِفِ بِرِّكَ بِیْ یَا اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ

سے میرے حق میں نیکی کرتا آرہا ہے ویسے　ہی برقرار رکھ اے میرے سردار!

وَ رَبِّیْ اَتُرَاكَ مُعَذِّبِیْ بِنَارِكَ بَعْدَ

اے میرے پروردگار! بعد اس کے کہ میں تیری توحید کا مقر　ہوں

تَوْحِیْدِكَ وَ بَعْدَ مَا انْطَوٰی عَلَیْهِ

اور بعد اس　کے کہ میرا دل تیری محبت

قَلْبِیْ مِنْ مَعْرِفَتِكَ وَ لَهِجَ بِهٖ

سے سرشار ہو چکا　اور میری زبان تیری یاد میں

لِسَانِیْ مِنْ ذِکْرِكَ وَ اعْتَقَدَهٗ

چل رہی ہے　اور میرا دل تیری

ضَمِیرِیْ مِنْ حُبِّکَ وَ بَعْدَ

محبت کی گرہ باندھے ہے   اور بعد اس کے میں تجھے پروردگار

صِدْقِ اعْتِرَافِیْ وَ دُعَائِیْ

مان کر سچے دل سے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں   اور گڑگڑا کر تجھ سے دُعا مانگتا ہوں

خَاضِعًا لِرُبُوْبِیَّتِکَ هَیْهَاتَ

کیا تو اس کو پسند فرمائے گا کہ ؟   مجھے اپنے جہنم میں عذاب پاتا ہوا دیکھے

اَنْتَ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ تُضَیِّعَ

ایسا تو نہیں ہو سکتا تیرا کرم اس سے کہیں زیادہ ہے کہ   تو اس کو ضائع کر دے کہ

مَنْ رَبَّیْتَهٗ اَوْ تُبْعِدَ مَنْ اَدْنَیْتَهٗ

جس کو تو نے (خود) پرورش فرمایا ہو یا اس کو دور کر دے جس   کو (خود) قرب عطا

اَوْ تُشَرِّدَ مَنْ اٰوَیْتَهٗ اَوْ تُسَلِّمَ اِلَی

فرمایا ہو یا اس کو نکال دے جس کو تو نے (خود)   پناہ دی ہو یا اسے بلا کے حوالہ

الْبَلَاءِ مَنْ کَفَیْتَهٗ وَرَحِمْتَهٗ وَلَیْتَ

کر دے جس کے لیے تو نے (خود) کفایت فرمائی ہو اور جس   پر تو نے (خود)

شِعْرِیْ یَا سَیِّدِیْ وَ اِلٰهِیْ وَ

رحم فرمایا ہو،   اے میرے سردار !   اے میرے معبود !

مَوْلَایَ اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰی وُجُوْهٍ

اے میرے مولا! یہ   بات میری سمجھ میں تو آتی نہیں کہ تو آتش جہنم کو ان چہروں پر

خَرَّتۡ لِعَظۡمَتِكَ سَاجِدَةً وَّعَلٰى

مسلط فرمادے گا جو تیری عظمت کے لیے تیری حضوری میں سجدہ کر چکے ہوں

اَلۡسُنٍ نَطَقَتۡ بِتَوۡحِيۡدِكَ صَادِقَةً

اور ان زبانوں پر مسلط فرمادیگا جو سچائی کے ساتھ تیری توحید کے بارے میں گویا ہو

وَّبِشُكۡرِكَ مَادِحَةً وَّعَلٰى قُلُوۡبٍ

چکی ہوں اور تیرے شکر میں تیری مدح کر چکی ہوں اور ان دلوں پر (مسلط) فرمادے

اِعۡتَرَفَتۡ بِاِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً وَّعَلٰى

گا جو اظہار حقیقت کے طور پر تیرے معبود ہونے کا اعتراف کر چکے ہوں اور ان خیالات

ضَمَآئِرَ حَوَتۡ مِنَ الۡعِلۡمِ بِكَ حَتّٰى

پر (مسلط) فرمادے گا جنھیں تیرا علم اس قدر میسر ہوا کہ وہ تیری ہی

صَارَتۡ خَاشِعَةً وَّعَلٰى جَوَارِحَ

حضور میں پست ہوئے ہوں اور ان اعضاء و جوارح پر مسلط کردے گا جن کی

سَعَتۡ اِلٰى اَوۡطَانِ تَعَبُّدِكَ

باگ دوڑ اسی حد تک محدود رہی ہو کہ برضا و رغبت تیری فرمانبرداری

طَآئِعَةً وَ اَشَارَتۡ بِاسۡتِغۡفَارِكَ

کا اقرار کریں اور یقین کے ساتھ تجھ سے طلب مغفرت کرنے

مُذۡعِنَةً مَا هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ وَ

کی کوشش کریں اے صاحب کرم ! نہ تو تیری نسبت ایسا یقین ہے

ضَمِیرِی مِنْ حُبِّكَ وَ بَعْدَ

محبت کی گرہ باندھے ہے اور بعد۔ اس کے میں تجھے پروردگار

صِدْقِ اعْتِرَافِی وَ دُعَائِی

مان کر سچے دل سے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں اور گڑگڑا کر تجھ سے دُعا مانگتا ہوں

خَاضِعًا لِرُبُوبِیَّتِكَ هَیْهَاتَ

کیا تو اس کو پسند فرمائے گا کہ ؟ مجھے اپنے جہنم میں عذاب پاتا ہوا دیکھے

اَنْتَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ تُضَیِّعَ

ایسا تو نہیں ہو سکتا تیرا کرم اس سے کہیں زیادہ ہے کہ تو اس کو ضائع کردے کہ

مَنْ رَبَّیْتَهٗ اَوْ تُبْعِدَ مَنْ اَدْنَیْتَهٗ

جس کو تو نے (خود) پرورش فرمایا ہو یا اس کو دور کردے جس کو (خود) قرب عطا

اَوْ تُشَرِّدَ مَنْ اٰوَیْتَهٗ اَوْ تُسَلِّمَ اِلَی

فرمایا ہو یا اس کو نکال دے جس کو تو نے (خود) پناہ دی ہو یا اسے بلا کے حوالہ

الْبَلَاۗءِ مَنْ كَفَیْتَهٗ وَ رَحِمْتَهٗ وَ لَیْتَ

کردے جس کے لیے تو نے (خود) کفایت فرمائی ہو اور جس پر تو نے (خود)

شِعْرِی یَا سَیِّدِی وَ اِلٰهِی وَ

رحم فرمایا ہو، اے میرے سردار! اے میرے معبود!

مَوْلَایَ اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰی وُجُوْهٍ

اے میرے مولا! یہ بات میری سمجھ میں تو آتی نہیں کہ تو آتشِ جہنم کو ان چہروں پر

خَرَّتْ لِعَظَمَتِكَ سَاجِدَةً وَّعَلٰى

مسلط فرما دے گا جو تیری عظمت کے لیے تیری حضوری میں سجدہ کر چکے ہوں

اَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِيْدِكَ صَادِقَةً

اور ان زبانوں پر مسلط فرما دیگا جو سچائی کے ساتھ تیری توحید کے بارے میں گویا ہو

وَّبِشُكْرِكَ مَادِحَةً وَّعَلٰى قُلُوْبٍ

چکی ہوں اور تیرے شکر میں تیری مدح کر چکی ہوں اور ان دلوں پر (مسلط) فرما دے

اِعْتَرَفَتْ بِاِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً وَّعَلٰى

گا جو اظہارِ حقیقت کے طور پر تیرے معبود ہونے کا اعتراف کر چکے ہوں اور ان خیالات

ضَمَآئِرَ حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ حَتّٰى

پر (مسلط) فرما دے گا جنھیں تیرا علم اس قدر میسر ہوا کہ وہ تیری ہی

صَارَتْ خَاشِعَةً وَّعَلٰى جَوَارِحَ

حضور میں پست ہوئے ہوں اور ان اعضاء و جوارح پر مسلط کر دے گا جن کی

سَعَتْ اِلٰى اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ

باگ دوڑ اسی حد تک محدود رہی ہو کہ برضا و رغبت تیری فرمانبرداری

طَآئِعَةً وَّ اَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِكَ

کا اقرار کریں اور یقین کے ساتھ تجھ سے طلب مغفرت کرنے

مُذْعِنَةً مَا هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ وَ

کی کوشش کریں اے صاحب کرم! نہ تو تیری نسبت ایسا یقین ہے

لَا اُخْبِرْنَا بِفَضْلِكَ عَنْكَ يَا كَرِيْمُ

اور نہ تیرے فضل کے متعلق ہمیں ایسی خبر دی گئی

يَا رَبِّ وَ اَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفِي عَنْ

اے میرے پروردگار حالانکہ تو میری کمزوری کو جانتا ہے کہ

قَلِيْلٍ مِّنْ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَ عُقُوْبَاتِهَا

دنیا کی ذرا ذرا سی آزمائش اور اس کی چھوٹی چھوٹی سی تکلیفیں اور جو کروہات

وَ مَا يَجْرِيْ فِيْهَا مِنَ الْمَكَارِهِ

اہل دنیا پر گذرتی رہتی ہیں (انہیں میں برداشت نہیں کرسکتا) باوجودیکہ وہ آزمائش اور

عَلٰى اَهْلِهَا عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ بَلَاءٌ وَّ

وہ تکلیف دیرپا نہیں ہوتی اس کی مدت تھوڑی اور اس کی

مَكْرُوْهٌ قَلِيْلٌ مَّكْثُهٗ يَسِيْرٌ

بقا چند روزہ ہوتی ہے، تو بھلا پھر مجھ سے

بَقَاؤُهٗ قَصِيْرٌ مُّدَّتُهٗ فَكَيْفَ

آخرت کی بلا اور وہاں کی بڑی بڑی

احْتِمَالِيْ لِبَلَاءِ الْاٰخِرَةِ وَ جَلِيْلِ

کروہات کی برداشت کیوں کر ہو سکے گی۔

وُقُوْعِ الْمَكَارِهِ فِيْهَا وَ هُوَ بَلَاءٌ

حالانکہ وہاں کی بلا کی مدت طولانی اور قیام

تَطُولُ مُدَّتُهُ وَيَدُومُ مَقَامُهُ

اس کا دوامی ہوگا　اور جو اس میں پھنس جائیں گے

وَلَا يُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهِ لِاَنَّهُ لَا

ان کے عذاب میں کبھی تخفیف نہ کی　جائے گی اس لیے کہ

يَكُونُ اِلَّا عَنْ غَضَبِكَ وَ انْتِقَامِكَ

وہ عذاب تیرے غضب،　تیرے انتقام

وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لَا تَقُومُ لَهُ

اور تیرے غصہ کے سبب سے ہوگا　اور تیرے غصہ کو

السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ يَا سَيِّدِىْ

نہ آسمان برداشت کرسکتے ہیں　اور نہ زمین　اے میرے مولا

فَكَيْفَ لِىْ وَ اَنَا عَبْدُكَ

تو بھلا میری کیا حالت ہوگی　حالانکہ میں تیرا اک

الضَّعِيْفُ الذَّلِيْلُ الْحَقِيْرُ الْمِسْكِيْنُ

کمزور،　ذلیل،　حقیر،　مسکین

الْمُسْتَكِيْنُ يَا اِلٰهِىْ وَ رَبِّىْ وَ

اور عاجز بندہ ہوں　اے میرے معبود!　اے میرے پروردگار!

سَيِّدِىْ وَ مَوْلَاىَ لِاَىِّ الْاُمُوْرِ

اے میرے والی!　اے میرے مولا کن کن معاملات

اِلَیْكَ اَشْكُوْا وَ لِمَا مِنْهَا اَضِجُّ وَ

کی تیری حضوری میں شکایت کروں اور کن کن باتوں کے لیے

اَبْكِیْ لِاَلِیْمِ الْعَذَابِ وَ شِدَّتِهٖ

روؤں اور چلاؤں؟ دردناک عذاب اور اس کی سختی

اَمْ لِطُوْلِ الْبَلَآءِ وَ مُدَّتِهٖ فَلَئِنْ

کے باعث یا طولانی بلا اور اس کی طویل مدت کے

صَیَّرْتَنِیْ فِی الْعُقُوْبَاتِ مَعَ

باعث؟ پس اگر تو نے مجھے عذاب میں اپنے دشمنوں

اَعْدَآئِكَ وَ جَمَعْتَ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ

کے ساتھ شامل کر دیا اور جو عذاب

اَهْلِ بَلَآئِكَ وَ فَرَّقْتَ بَیْنِیْ

کے مستحق ہیں ان کا میرا اکٹھ جوڑ کر دیا

وَ بَیْنَ اَحِبَّآئِكَ وَ اَوْلِیَآئِكَ

نیز اپنے دوستوں اور محبت کرنے والوں میں اور مجھ

فَهَبْنِیْ یَا اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ

میں جدائی کر دی۔ تو اے میرے معبود! اور اے میرے سردار! اور میرے مولا!

وَ رَبِّیْ صَبَرْتُ عَلٰی عَذَابِكَ فَكَیْفَ

اور میرے پروردگار! مجھے اختیار ہے میں تیرے عذاب پر تو صبر کر لوں گا

اَصْبِرُ عَلٰی فِرَاقِكَ وَ هَبْنِیْ صَبَرْتُ

پر تیری رحمت سے جدائی پر کیوں کر صبر کروں گا اور معبود میں

عَلٰی حَرِّ نَارِكَ فَكَیْفَ اَصْبِرُ عَنِ

تیری آگ کی حرارت کو تو سہہ جاؤں مگر تیری نظرِ کرامت

النَّظَرِ اِلٰی كَرَامَتِكَ اَمْ كَیْفَ اَسْكُنُ

کے بدل جانے کو کیونکر برداشت کروں گا یا آتشِ جہنم میں کیوں کر

فِی النَّارِ وَ رَجَائِیْ عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ

رہ سکوں گا درآں حالیکہ مجھے تیرے عفو کی اُمید لگی ہوئی ہے

یَا سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ اُقْسِمُ صَادِقًا

پس اے میرے سردار! اور اے میرے مولا! تیری ہی عزّت کی قسم کھا کر عرض

لَئِنْ تَرَكْتَنِیْ نَاطِقًا لَاَضِجَّنَّ اِلَیْكَ

کرتا ہوں کہ اگر تو نے مجھے بولنے کا اختیار دے دیا تو میں اہلِ جہنم کے درمیان سے ضرور اسی

بَیْنَ اَهْلِهَا ضَجِیْجَ الْاٰمِلِیْنَ وَ

طرح سے تیرا نام لے کر چیخوں گا جس طرح امیدوار چیخا کرتے ہیں

لَاَصْرُخَنَّ اِلَیْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ

اور ضرور تیرے حضور میں ویسے ہی ہائے وائے کروں گا جیسے کہ فریادی کرتے ہیں

وَلَاَبْكِیَنَّ عَلَیْكَ بُكَاءَ الْفَاقِدِیْنَ

اور ضرور تیری رحمت کے فراق میں ویسے ہی روؤں گا جیسے کہ ناامید

وَلَاُنَادِیَنَّكَ اَیْنَ كُنْتَ یَا وَلِیَّ

ہو جانے والے رویا کرتے ہیں اور ضرور بار بار تجھے پکاروں گا

الْمُؤْمِنِیْنَ یَا غَایَةَ اٰمَالِ الْعَارِفِیْنَ

کہ اے مومنوں کے مالک اے معرفت رکھنے والوں

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا حَبِیْبَ

کی امید گاہ اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس، اے سچوں کے دلوں

قُلُوْبِ الصَّادِقِیْنَ وَ یَا اِلٰهَ

کو لبھانے والے اے تمام عالم کے معبود!

الْعَالَمِیْنَ اَفَتُرَاكَ سُبْحَانَكَ یَا اِلٰهِیْ

تو کہاں ہے؟ اے میرے معبود تیری ذات منزہ ہے،

وَبِحَمْدِكَ تَسْمَعُ فِیْهَا صَوْتَ عَبْدٍ

اور میں تیری ہی حمد کرتا ہوں، کیا یہ بات مجھ میں بھی آتی ہے کہ

مُسْلِمٍ سُجِنَ فِیْهَا بِمُخَالَفَتِهٖ وَ

تو اسی آگ میں سے ایک فرمانبردار بندہ کی آواز سُنے جو

ذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِیَتِهٖ

اپنی مخالفت کی پاداش میں قید کیا گیا ہو اور اپنی نافرمانی

وَحُبِسَ بَیْنَ اَطْبَاقِهَا بِجُرْمِهٖ وَ

کی سزا میں اس کے عذاب کا مزہ چکھ رہا ہو، اور اپنے جرم؛

جَرِيرَتِهِ وَ هُوَ يَضِجُّ اِلَيْكَ

خطا کے بدلے میں اس کی تہوں میں محبوس کیا گیا ہو اور وہ

ضَجِيجَ مُؤَمِّلٍ لِرَحْمَتِكَ وَ يُنَادِيكَ

تیری رحمت کے امید دار کی سی آواز سے تیرے حضور میں چیختا ہو

بِلِسَانِ اَهْلِ تَوْحِيدِكَ وَ يَتَوَسَّلُ

اور تیری توحید کے ماننے والوں کی سی زبان سے تجھے پکارتا ہو اور تیرے حضور میں تیرے

اِلَيْكَ بِرُبُوبِيَّتِكَ يَا مَوْلَايَ فَكَيْفَ

رب ہونے کا واسطہ دے کر تجھ ہی کو وسیلہ قرار دیتا ہو۔ اے میرے مالک پھر وہ

يَبْقَى فِي الْعَذَابِ وَ هُوَ يَرْجُو مَا

عذاب میں کیسے رہ سکے گا جب کہ اسے

سَلَفَ مِنْ حِلْمِكَ وَ رَأْفَتِكَ وَ

تیرے سابق حلم و رافت و

رَحْمَتِكَ اَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَ هُوَ

رحمت کی امید لگی ہوئی ہو یا اے آتش جہنم

يَأْمُلُ فَضْلَكَ وَ رَحْمَتَكَ اَمْ كَيْفَ

تکلیف کیسے پہنچائے گی جبکہ وہ تیرے فضل اور رحمت کی آس لگائے ہوئے ہو

يُحْرِقُهُ لَهِيبُهَا وَ اَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ

یا اس کو جہنم کا شعلہ کیونکر جلائے گا، جبکہ تو خود اس کی آواز سن رہا ہو

وَ تَرَىٰ مَكَانَهُ اَمْ كَيْفَ يَشْتَمِلُ

اور اس کی یہ جگہ دیکھ رہا ہو　یا اسے جہنم کی آواز پریشان کیوں کر کرے گی،

عَلَيْهِ زَفِيْرُهَا وَ اَنْتَ تَعْلَمُ

جبکہ تو اس کی کمزوری　سے آگاہ ہو،

ضَعْفَهُ اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ بَيْنَ

یا وہ اس کے طبقوں میں　حرکت کیوں کر کر سکتا ہے

اَطْبَاقِهَا وَ اَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ اَمْ

جبکہ تو اس کی سچائی　سے واقف ہو،

كَيْفَ تَزْجُرُهُ زَبَانِيَتُهَا وَ هُوَ

یا اس کے شعلے اس کو پریشان کیوں کر　کر سکتے ہیں جبکہ وہ برابر تجھ کو

يُنَادِيْكَ يَا رَبَّهُ اَمْ كَيْفَ يَرْجُوْ

پکار رہا ہو اے میرے پروردگار (میری خبر لے)، یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کہ وہ نور ہائی

فَضْلَكَ فِيْ عِتْقِهِ مِنْهَا فَتَتْرُكُهُ

کے بارے میں تیرے فضل کی امید رکھتا ہو اور تو اسے اسی میں پڑا رہنے دے ایسا

فِيْهَا هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ

ہو ہی نہیں سکتا　نہ تیری نسبت یہ گمان ہے

وَلَا الْمَعْرُوْفُ مِنْ فَضْلِكَ وَلَا

اور نہ تیرے کرم ہی سے ایسی کسی کو یہ صورت　پیش آئی

مُشْبِهٌ لِمَا عَامَلْتَ بِهِ الْمُوَحِّدِيْنَ

اور نہ اپنی نیکی و احسان کے باعث　　تو نے اہل توحید کے ساتھ کبھی

مِنْ بِرِّكَ وَ اِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِيْنِ

اس طرح کا معاملہ کیا۔　　پس میں تو یقین کے ساتھ

اَقْطَعُ لَوْلَا مَا حَكَمْتَ بِهِ مِنْ

عرض کرتا ہوں کہ اگر تو نے　　اپنے منکروں کو عذاب دینے کا حکم

تَعْذِيْبِ جَاحِدِيْكَ وَ قَضَيْتَ بِهِ

نہ لگا دیا ہوتا اور　　اپنے مخالف کو آتش جہنم میں

مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ لَجَعَلْتَ

دوامی سزا دینے کا فیصلہ　　نہ فرما دیا ہوتا تو آتش جہنم

النَّارَ كُلَّهَا بَرْدًا وَّ سَلَامًا وَّ مَا

کو بالکل سرد فرما دیتا اور وہ بھی اس طرح　　کہ سلامتی ہی سلامتی رہتی اور کسی ایک

كَانَ لِاَحَدٍ فِيْهَا مَقَرًّا وَّلَا مُقَامًا

کا بھی اس میں مقام اور جائے قیام　　مقرر نہ فرماتا

لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَاؤُكَ

لیکن خود تو نے کہ تیرے نام بھی　　مقدس ہیں

اَقْسَمْتَ اَنْ تَمْلَاَهَا مِنَ الْكَافِرِيْنَ

یہ قسم کھائی ہے کہ　　جہنم کو تمام نافرمان

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ وَ

جنوں اور آدمیوں سے پاٹ دیگا اور

اَنْ تُخَلِّدَ فِیْهَا الْمُعَانِدِیْنَ وَ اَنْتَ

اپنی ذات سے عناد رکھنے والوں کو ہمیشہ کے لیے اس میں ڈال دے گا اور

جَلَّ ثَنَاؤُكَ قُلْتَ مُبْتَدِئًا وَّ

تو کہ تیری تعریف جلیل و عظیم ہے تو پہلے ہی فرما چکا ہے اور

تَطَوَّلْتَ بِالْاِنْعَامِ مُتَكَرِّمًا اَفَمَنْ

از روئے تفضل و انعام و اکرام فرما چکا ہے

كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا

کہ کیا وہ شخص جو مومن (فرمان بردار) ہو اس کے مانند ہو سکتا ہے جو فاسق

لَا يَسْتَوُوْنَ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ

(نافرمان ہو) یہ کبھی برابر نہیں ہو سکتے، اے میرے معبود! اے میرے سردار!

فَاَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ قَدَّرْتَهَا

تو اب تجھے اس قدرت کا واسطہ دے کر جو تجھ کو حاصل ہے

وَ بِالْقَضِيَّةِ الَّتِیْ حَتَمْتَهَا وَ

اور اس فیصلہ کا واسطہ دے کر جو تو نے حتمی طور پر فرمایا ہے

حَكَمْتَهَا وَ غَلَبْتَ مَنْ عَلَيْهِ

اور جن پر تو نے ان کا اجراء فرمایا ان سب پر ان کا نفاذ

اَجْرَیْتَهَا اَنْ تَهَبَ لِیْ فِیْ هٰذِهِ

ہو گیا ہے تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں

اللَّیْلَةِ وَفِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ کُلَّ

کہ اس رات میں اور خاص کر اس وقت میں

جُرْمٍ اَجْرَمْتُهٗ وَ کُلَّ ذَنْبٍ

میرا ہر ایک وہ جرم جو مجھ سے ہو گیا ہو بخش دے اور ہر وہ گناہ جو

اَذْنَبْتُهٗ وَ کُلَّ قَبِیْحٍ اَسْرَرْتُهٗ

مجھ سے سرزد ہو گیا ہو معاف کر دے اور ہر وہ برائی جو میں نے چھپا کر کی

وَ کُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهٗ کَتَمْتُهٗ اَوْ

ہو اور ہر جہالت جس کو میں عمل میں لایا ہوں جس کو میں نے چھپایا ہو،

اَعْلَنْتُهٗ اَخْفَیْتُهٗ اَوْ اَظْهَرْتُهٗ وَ

یا ظاہر کیا ہو، یا پوشیدہ اس کا ارتکاب کیا ہو، یا علی الاعلان اور

کُلَّ سَیِّئَةٍ اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَا

ہر ایسی بدی جس کے اندراج کا تو نے

الْکِرَامَ الْکَاتِبِیْنَ الَّذِیْنَ

کراماً کاتبین کو حکم دیا ہو، معاف فرما دے،

وَکَّلْتَهُمْ بِحِفْظِ مَا یَکُوْنُ مِنِّیْ وَ

جن کو تو نے میرے ہی فعل کی نگرانی سپرد فرما دی ہے،

جَعَلْتَهُمْ شُهُوْدًا عَلَيَّ مَعَ جَوَارِحِيْ

اور میرے اعضا اور جوارح کے ساتھ ساتھ ان کو بھی تو نے میرے اعمال و

وَكُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيَّ مِنْ

افعال کا گواہ قرار دیا ہے اور ان کے ماوراتو خود میرے اعمال و افعال کا نگراں

وَّرَآئِهِمْ وَ الشَّاهِدَ لِمَا خَفِيَ

ہے اور ان چیزوں تک کا گواہ ہے جو ان سب کی نظر سے مخفی رہتی ہیں حالانکہ

عَنْهُمْ وَ بِرَحْمَتِكَ اَخْفَيْتَهٗ وَ

اپنی رحمت سے تو ان سب چیزوں کو چھپاتا رہتا ہے اپنے

بِفَضْلِكَ سَتَرْتَهٗ وَ اَنْ تُوَفِّرَ

فضل سے ان پر پردہ ڈالتا ہے اور یہ سوال

حَظِّيْ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَنْزَلْتَهٗ اَوْ

کرتا ہوں کہ ہر خیر و خوبی میں جو تو نازل فرمائے اور

اِحْسَانٍ فَضَّلْتَهٗ اَوْ بِرٍّ نَشَرْتَهٗ

ہر احسان میں جو تو اپنے فضل سے فرما دے اور ہر نیکی میں جسے تو پھیلائے

اَوْ رِزْقٍ بَسَطْتَهٗ اَوْ ذَنْبٍ

اور ہر رزق میں جس میں تو وسعت فرمائے اور ہر گناہ کی بخشش میں اور

تَغْفِرُهٗ اَوْ خَطَاءٍ تَسْتُرُهٗ يَا رَبِّ

ہر خطا کے پوشیدہ فرمانے میں میرا بھی بڑا حصہ لگا دے اے میرے پروردگار!

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اِلٰهِیْ وَ سَيِّدِيْ

اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے معبود! اے میرے سردار!

وَمَوْلَایَ وَ مَالِکَ رِقِّيْ يَا مَنْ

اے میرے مولا! اے میری آزادی کے مالک

بِيَدِهٖ نَاصِيَتِيْ يَا عَلِيْمًا بِضُرِّيْ وَ

اے وہ جس کے ہاتھ میری تقدیر ہے اے میرے نقصان اور میری مسکینی

مَسْكَنَتِيْ يَا خَبِيْرًا بِفَقْرِيْ

کی حالت جاننے والے، اے میرے فقر و فاقہ میں میری خبرگیری کرنے

وَ فَاقَتِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ

والے! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار!

اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ وَ قُدْسِكَ

میں تجھ سے تیرے حق کا واسطہ دے کر اور تیری قدوسیت کا واسطہ دے کر

وَ اَعْظَمِ صِفَاتِكَ وَ اَسْمَآئِكَ

اور تیری بڑی سی بڑی صفت اور بڑے سے بڑے نام کا واسطہ دے کر

اَنْ تَجْعَلَ اَوْقَاتِيْ فِي اللَّيْلِ

سوال کرتا ہوں، کہ میرے رات

وَ النَّهَارِ بِذِكْرِكَ مَعْمُوْرَةً وَ

اور دن کے اوقات کو اپنی یاد سے بھرپور کر دے

بِخِدْمَتِكَ مَوْصُوْلَةً وَّ اَعْمَالِیْ

اپنی خدمت میں لگے رہنے کی　　دھن لگادے اور میرے اعمال

عِنْدَكَ مَقْبُوْلَةً حَتّٰی تَكُوْنَ

کو اپنی حضور میں قابل قبول قرار دے　　تاکہ میرے کل

اَعْمَالِیْ وَ اَوْرَادِیْ كُلُّهَا وِرْدًا

اعمال اور میرے کل اوراد　　(وظائف) کی ایک ہی

وَّاحِدًا وَّ حَالِیْ فِیْ خِدْمَتِكَ

لے ہو جاوے اور　　مجھے تیری ہی خدمت کرتے رہنے

سَرْمَدًا یَا سَیِّدِیْ یَا مَنْ عَلَیْهِ

میں دوام حاصل ہو جاوے　　اے میرے سردار اے وہ جس کا مجھے اسرا ہے

مُعَوَّلِیْ یَا مَنْ اِلَیْهِ شَكَوْتُ اَحْوَالِیْ

اور جس کی حضور میں اپنی ہر حالت　　کی شکایت پیش کرتا ہوں،

یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ قَوِّ عَلٰی خِدْمَتِكَ

اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! میرے

جَوَارِحِیْ وَاشْدُدْ عَلَی الْعَزِیْمَةِ

ہاتھ پاؤں کو اپنی خدمت　　کے لیے مضبوط اور اسی ارادے کے

جَوَانِحِیْ وَ هَبْ لِیَ الْجِدَّ فِیْ

لیے میرے قلب کو مستحکم کردے اور مجھے　　یہ توفیق عطا فرما کہ

خَشْيَتِكَ وَ الدَّوَامَ فِي الْاِتِّصَالِ

تجھ سے ڈرتا رہوں، اور مدام تیری خدمت

بِخِدْمَتِكَ حَتّٰٓى اَسْرَحَ اِلَيْكَ

میں لگا رہوں تاکہ سبقت کرنے والوں

فِيْ مَيَادِيْنِ السَّابِقِيْنَ وَ اُسْرِعَ

کے میدانوں میں تیری حضوری حاصل کرنے کے لیے

اِلَيْكَ فِي الْمُبَادِرِيْنَ وَ اَشْتَاقَ اِلٰى

آگے بڑھتا رہوں اور تیری سرکار میں پہنچنے کے لیے جلدی کرنے والوں میں تیز تیز

قُرْبِكَ فِي الْمُشْتَاقِيْنَ وَ اَدْنُوَ

قدم اٹھاؤں اور تیرا قرب حاصل کرنے کا اشتیاق رکھنے والوں کا سا شوق مجھے

مِنْكَ دُنُوَّ الْمُخْلِصِيْنَ وَ اَخَافَكَ

بھی حاصل رہے اور تیری جناب میں اخلاص رکھنے والوں کی سی نزدیکی مجھے بھی

مَخَافَةَ الْمُوْقِنِيْنَ وَ اَجْتَمِعَ فِيْ

حاصل ہو جائے اور تیری ذات والاصفات پر یقین رکھنے والوں کی طرح میں

جِوَارِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ

بھی ڈرتا رہوں اور تیری بارگاہ میں ایمان رکھنے والوں کے ساتھ مجھے بھی شامل ہونے

وَمَنْ اَرَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ فَاَرِدْهُ وَ

کا موقع میسر آئے یا اللہ اور جو شخص میرے ساتھ کسی طرح کی بدی کرنے کا ارادہ

مَنْ كَادَنِىْ فَكِدْهُ وَاجْعَلْنِىْ مِنْ

کرے تو تو ویسا ہی ارادہ اس کے حق میں کر اور جو شخص مجھ سے چال چلے تو تو ویسا

اَحْسَنِ عَبِيْدِكَ نَصِيْبًا عِنْدَكَ

ہی بدلہ اس سے لے اور اپنے ان بندوں میں قرار دے جو حصہ پانے میں تیرے

وَ اَقْرَبِهِمْ مَنْزِلَةً مِّنْكَ وَ

نزدیک اچھے ہوں اور تیرا قرب حاصل کرنے میں بڑی سے بڑی منزلت رکھتے

اَخَصِّهِمْ زُلْفَةً لَّدَيْكَ فَاِنَّهٗ

ہوں اور تیری حضوری میں ان کو خاص خصوصیت حاصل ہو اس لیے کہ یہ رتبہ

لَا يُنَالُ ذٰلِكَ اِلَّا بِفَضْلِكَ

بغیر تیرے خاص فضل　کے نہیں مل سکتا

وَجُدْلِىْ بِجُوْدِكَ وَاعْطِفْ عَلَىَّ

اور اپنی خاص دین　سے مجھے بہرہ ور فرما

بِمَجْدِكَ وَاحْفَظْنِىْ بِرَحْمَتِكَ

اور اپنی شان کے مطابق مجھ پر مہربانی فرما اور اپنی خاص رحمت مبذول فرما کر میری حفاظت فرما

وَاجْعَلْ لِّسَانِىْ بِذِكْرِكَ لَهِجًا

اور میری زبان کو　اپنی یاد میں چلتا رکھ

وَّقَلْبِىْ بِحُبِّكَ مُتَيَّمًا وَّ مُنَّ عَلَىَّ

اور میرے دل کو اپنی　محبت میں مستغرق فرما

بِحُسْنِ اِجَابَتِكَ وَ اَقِلْنِی عَثْرَتِی

اور میری دعا خوبی کے ساتھ قبول فرما کر مجھ پر احسان کر اور میری برائیاں دور فرما

وَاغْفِرْلِی زَلَّتِی فَاِنَّکَ قَضَیْتَ

دے اور میری لغزشیں بخش دے اس لیے کہ تو نے اپنے بندوں کے بارے

عَلٰی عِبَادِکَ بِعِبَادَتِکَ وَ

میں یہ طے فرما دیا ہے کہ وہ تیری عبادت کیا کریں اور ان کو تو نے یہ حکم دے دیا

اَمَرْتَهُمْ بِدُعَائِكَ وَضَمِنْتَ لَهُمْ

ہے کہ تجھ ہی سے دُعا مانگا کریں اور ان کی خاطر سے قبولیت دُعا کی خود تو نے ضمانت

اَلْاِجَابَةَ فَاِلَیْكَ یَا رَبِّ نَصَبْتُ

فرمائی ہے اے میرے پروردگار! میں نے تجھ ہی

وَجْهِی وَاِلَیْكَ یَا رَبِّ مَدَدْتُ

سے لو لگائی اور اے میرے پروردگار! تیری حضور میں

یَدِی فَبِعِزَّتِکَ اسْتَجِبْ لِی

اپنے ہاتھ پھیلا دیئے پس اپنی عزت کے صدقہ میں میری یہ دُعا قبول فرمالے

دُعَائِی وَ بَلِّغْنِی مُنَایَ وَلَا تَقْطَعْ

اور میری منتہائے آرزو تک مجھے پہنچا دے اور

مِنْ فَضْلِکَ رَجَائِی وَ اکْفِنِی

اپنے فضل و کرم سے مجھے ناامید نہ کر،

شَرَّ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ مِنْ اَعْدَآئِیْ

اور جنوں اور آدمیوں سے جتنے بھی میرے دشمن ہوں ان سب کی شر سے

یَا سَرِیْعَ الرِّضَا اِغْفِرْ لِمَنْ لَّا

مجھے بچا لے اے سب سے جلدی راضی ہونے والے　اے بخش دے

یَمْلِکُ اِلَّا الدُّعَآءَ فَاِنَّکَ فَعَّالٌ

جس کا دعا کرنے کے سوا بس نہیں چلتا اس لیے کہ تو جو چاہے　اے بے

لِّمَا تَشَآءُ یَا مَنِ اسْمُہٗ دَوَآءٌ

دھڑک کر گزرتا ہے اے وہ کہ جس کا نام (ہر جسمانی مرض کی دوا) اور جس

وَّ ذِکْرُہٗ شِفَآءٌ وَّ طَاعَتُہٗ غِنًی

کی یاد (ہر روحانی مرض کے لیے) شفا اور جس کی اطاعت بے نیازی کی

اِرْحَمْ مَنْ رَّاْسُ مَالِہِ الرَّجَآءُ وَ

شان پیدا کر دینے والی ہے اس شخص پر رحم کر جس کی پونجی امید ہے اور

سِلَاحُہُ الْبُکَآءُ یَا سَابِغَ النِّعَمِ

جس کے ہتھیار رونا (اور پیٹنا) ہیں اے نعمتوں کو گوارا بنانے والے

یَا دَافِعَ النِّقَمِ یَا نُوْرَ

اے بلاؤں کے دفع کرنے والے، اے اندھیروں میں گھبرانے

الْمُسْتَوْحِشِیْنَ فِی الظُّلَمِ یَا عَالِمًا لَّا

والوں کو روشنی پہنچانے والے، اے اس کا سا علم رکھنے والے

يُعَلَّمُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

جس کو کوئی تعلیم نہیں دی جاتی، تو محمدؐ اور آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّ افْعَلْ بِيْ مَآ اَنْتَ

پر رحمت بھیج، اور میرے حق میں وہ کر جو تیری شان

اَهْلُهٗ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ

میں زیبا ہے اور اے اللہ! اپنے رسول پر اور ان کی اولاد

الْاَئِمَّةِ الْمَيَامِيْنِ مِنْ اٰلِهٖ

میں جو صاحب برکت امام ہیں ان پر رحمت اور

وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ط

ایسا سلام بھیج جیسا بھیجنے کا حق ہے بہت بہت سلام

دعائے مشلول کی اہمیت

سید ابن طاؤس علیہ الرحمۃ نے کتاب مہج الدعوات میں حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ حضرت فرماتے ہیں کہ ایک شب میں اپنے پدر بزرگوار علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ہمراہ طواف خانہ کعبہ میں مصروف تھا اور وہ شب بہت تیرہ و تاریک تھی، اور سوائے میرے اور میرے پدر بزرگوار کے اور کوئی اس وقت طواف نہیں کر رہا تھا بلکہ اکثر خلائق خواب استراحت میں تھی کہ ناگاہ میں نے ایک فریادی کی آواز سنی جو دردناک لہجے میں یہ اشعار پڑھ رہا تھا۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ دُعَاءَ الْمُضْطَرِّ فِى الظُّلَمِ

اے وہ کہ مستجاب کرتا ہے دُعا مضطر کی تاریکی میں

اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ بِحَقِّكَ وَ بِحَقِّ

آپ خدائے کریم سے ہماری سفارش کردیجیے! آپ کو اپنے حق اور اپنے

جَدِّكَ وَ بِحَقِّ اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ

جدامجد کے حق اور اپنے پاک و پاکیزہ والد گرامی کے حق کا واسطہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ زِدْ وَ بَارِكْ

اے اللہ! درود اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر

عَلَى السَّيِّدِ الْكَرِيْمِ وَ الْاِمَامِ الْحَلِيْمِ

اور پر سردار صاحب بخشش
اور امام بردبار

وَ سَمِيِّ الْكَلِيْمِ الصَّابِرِ الْكَاظِمِ

اور ہمنام موسیٰ کلیم اللہ پر　　صبر کرنے والے　　غصہ روکنے والے،

صَاحِبِ الْعَسْكَرِ وَ الْجَيْشِ الْمَدْفُوْنِ

لشکر اور فوج کے مالک
جو دفن کیے

بِمَقَابِرِ قُرَيْشٍ صَاحِبِ الشَّرَفِ

گئے مقبرۂ قریش میں اے صاحبِ شرف

الْاَنْوَرِ وَ الْمَجْدِ الْاَظْهَرِ وَالْجَبِيْنِ

روشن اور بزرگی ظاہر

الْاَزْهَرِ وَ النُّوْرِ الْاَبْهَرِ الْاِمَامِ

تابندہ جبیں نور درخشاں

بِالْحَقِّ اَبِیْ اِبْرَاهِيْمَ مُوْسَى بْنِ

امام برحق یعنی ابی ابراہیم

جَعْفَرٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ

موسیٰ بن جعفر اللہ کی رحمت

عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا

اور سلام ہو ان پر، درود اور سلام ہو آپ پر

اِبْرَاهِيْمَ يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ اَيُّهَا

اے ابو ابراہیم اے موسیٰ ابن جعفر،

الْكَاظِمُ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ يَا بْنَ

اے کاظم! اے نیک بندے

رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا بْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے رسول خدا کے فرزند ارجمند اور اے امیر المومنین کے بیٹے،

يَا حُجَّةَ اللهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

کائنات کے لیے اللہ کی واضح دلیل، ہمارے مالک،

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

ہمارے مختار! آپؑ کی خدمت میں حاضر ہیں، آپ کی دستگیری کے طالب

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

اور آپؑ کے توسّل کے گرویدہ۔ ہم نے اپنے مقاصد میں کامیاب ہونے کیلیے

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي الدُّنْيَا

آپؑ کے سائے میں پناہ لی ہے۔ اللہ نے آپ کو سرافراز فرمایا ہے۔ آپؑ

وَالْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللهِ اشْفَعْ

عالم فانی اور عالم بقا، دونوں عالموں میں ایزدمتعال سے ہماری

لَنَا عِنْدَ اللهِ بِحَقِّكَ وَ بِحَقِّ

سفارش کر دیجیے۔ آپ کو آپ کے حق اور آپ کے

جَدِّكَ وَ بِحَقِّ اٰبَآئِكَ الطَّاهِرِيْنَ

جدِ امجد کے حق اور آپ کے پاک و پاکیزہ والد گرامی کے حق کا واسطہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ زِدْ وَ بَارِكْ

اے خداوند متعال! درود اور سلام بھیج بہت زیادہ بہت افزائش کیساتھ

عَلَى السَّيِّدِ الْمَعْصُوْمِ وَ الْاِمَامِ

سردار پر، اور معصوم پر اور امام

اَلْمَظْلُوْمِ الشَّہِیْدِ الْمَسْمُوْمِ وَ الْغَرِیْبِ

ظلم رسیدہ پر اور شہید پر اور زہر دیئے گئے، مسافر،

اَلْمَغْمُوْمِ وَالْقَتِیْلِ الْمَحْرُوْمِ الْعَالِمِ

اندوہناک اور قتل کئے گئے محروم رہنما پر جو عالم ہیں

بِالْعِلْمِ الْمَکْتُوْمِ الْبَدْرِ فِی النُّجُوْمِ

علم پوشیدہ کے، ماہ کامل ہیں ستاروں کے،

وَشَمْسِ الشُّمُوْسِ وَاَنِیْسِ النُّفُوْسِ

آفتاب ہیں آفتابوں کے، اور دوست ہیں نفسوں کے

اَلْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ طُوْسِ الرَّضِیِّ

دفن کئے گئے ارض طوس میں مقبول

اَلْمُرْتَضٰی الْمُجْتَبٰی الْمُقْتَدٰی الرَّاضِیْ

اور پسندیدہ خدا کے، اور برگزیدہ، مقتدا، اور راضی بہ قضا

بِالْقَدْرِ وَ الْقَضَآءِ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ

و قدر امام برحق

اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُوْسَی الرِّضَا

ابی الحسن علی بن موسیٰ رضا

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ اَلصَّلٰوۃُ

رحمت خدا کی اور سلام ہو ان پر

وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا

رحمت اور سلام آپ پر اے ابوالحسن

عَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى اَيُّهَا الرِّضَا يَا بْنَ

اے علی فرزند موسیٰ اے رضا

رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا بْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے رسول خدا کے فرزند ارجمند اے امیرالمومنین کے بیٹے.

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے ساری مخلوق کے لیے اللہ کی حجت! اے ہمارے مقتدا! اے ہمارے

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

بزرگوار! آپ کے آگے سر خمیدہ ہیں! آپ کی اعانت کے ملتجی ہیں، آپ

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

کے توسط کے محتاج، اپنی بگڑی بنانے کے لیے آپ ہی کو یاور بنایا

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي الدُّنْيَا

ہے۔ اے ساحت عظمت الٰہی کی باکرامت ہستی!

وَالْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ

دنیا اور آخرت میں، آپ رب العالمین سے ہماری

لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ بِحَقِّكَ وَ بِحَقِّ

سفارش کر دیجیے! آپ اپنے ذاتی حق اور اپنے جد امجد

جَدِّكَ وَ بِحَقِّ اٰبَآئِكَ الطَّاهِرِيْنَ

کے حق اور اپنے پاک و پاکیزہ والد گرامی قدر کے حق کا واسطہ،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ زِدْ وَ بَارِكْ

اے اللہ! درود اور سلام بھیج اور زیادہ کر اور افزائش کر اس

عَلَى السَّيِّدِ الْعَادِلِ الْعَالِمِ الْعَابِدِ

سردار عادل، عالم، عابد،

اَلْفَاضِلِ الْكَامِلِ الْبَاذِلِ الْاَجْوَدِ

فاضل، کامل، اور سخی، اور سب سے

اَلْجَوَادِ الْعَارِفِ بِاَسْرَارِ الْمَبْدَءِ

بڑے کرم گستر بر پہچاننے والے رازہائے آغاز

وَ الْمَعَادِ وَ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ

اور انتہائے دنیا کو ہر قوم کی ہدایت کرنے والے

مَنَاصِ الْمُحِبِّيْنَ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ

قیامت میں! دوستوں کی جائے پناہ

اَلْمَذْكُوْرِ فِى الْهِدَايَةِ وَ الْاِرْشَادِ

جو مذکور ہیں ہدایت اور ارشاد کے ساتھ

اَلْمَدْفُوْنِ بِاَرْضِ بَغْدَادَ السَّيِّدِ

جو دفن کئے گئے سرزمین بغداد میں جو سردار ہیں

الْعَرَبِیِّ وَ الْاِمَامِ الْاَحْمَدِیِّ وَالنُّوْرِ

عرب کے، 　　اور امام فرزند احمدی اور

الْمُحَمَّدِیِّ الْمُلَقَّبِ بِالتَّقِیِّ الْاِمَامِ

نور محمدی 　　جن کا لقب 　　تقی ہے

بِالْحَقِّ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ

امام برحق 　　ابو جعفر محمد بن علی

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَ سَلَامُہٗ عَلَیْہِمَا

رحمت اللہ کی 　　اور سلام ہو ان دونوں پر

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

درود اور سلام 　　ہو آپ پر

اَبَا جَعْفَرٍ یَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ

اے اباجعفر 　　اے محمد فرزند علی کے

اَیُّهَا التَّقِیُّ الْجَوَادُ یَا بْنَ

اے تقی صاحب بذل و سخا! 　　اے صاحب جود و عطا!

رَسُوْلِ اللّٰہِ یَا بْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

اے رسول خدا کے فرزند ارجمند 　　اے امیر المومنین کے بیٹے

یَا حُجَّةَ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ یَا سَیِّدَنَا

خلق خدا کے لیے دلیل حق۔ اے امیر امم۔ اے قائد محترم!

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

اس باعث کہ ہماری دُعا قبول ہو اور ہماری حاجت پوری

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

ہوجائے، کمال ادب اور انتہائے خلوص کے ساتھ آپ

بَيْنَ يَدَیْ حَاجَاتِنَا فِی الدُّنْيَا

کی خدمت میں حاضر ہیں۔ اللہ نے آپ کے درجے بلند فرمائے

وَالْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ

ہیں۔ دنیا اور آخرت میں، اس رؤف و رحیم سے

لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ بِحَقِّكَ وَ بِحَقِّ

ہماری سفارش کر دیجیے۔ اے سرکار! آپ کو آپ کے حق اور آپ

جَدِّكَ وَ بِحَقِّ اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ

کے جدِ امجد کے حق اور آپ کے پاک و پاکیزہ والد گرامی کے حق کا واسطہ،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ زِدْ وَ بَارِكْ

اے خداوند متعال! درود اور سلام بھیج بہت زیادہ اور بہت افزائش کے ساتھ

عَلَى الْاِمَامَيْنِ الْهُمَامَيْنِ التَّمَامَيْنِ

دونوں اماموں پر　　صاحبانِ قدرت:　　صاحبانِ علم

السَّيِّدَيْنِ السَّنَدَيْنِ الْفَاضِلَيْنِ

اور دونوں سرداروں پر　　دونوں مستند ترین پر　　دونوں فاضلوں پر

الْكَامِلَيْنِ الْبَاذِلَيْنِ الْعَادِلَيْنِ

دونوں کاملوں پر　دونوں سخیوں پر　دونوں عادلوں پر

الْعَالِمَيْنِ الْعَامِلَيْنِ الْاَوْرَعَيْنِ

دونوں عالموں پر،　دونوں عاملوں پر　دونوں صاحبان تقویٰ پر،

الْاَظْهَرَيْنِ الْاَطْهَرَيْنِ الشَّمْسَيْنِ

دونوں برجستہ ذوات مقدسہ پر　دونوں آفتابوں پر

الْقَمَرَيْنِ الْكَوْكَبَيْنِ النُّوْرَيْنِ

دونوں درخشاں ماہتابوں پر،　دونوں چمکدار ستاروں پر　دونوں چمکتے ہوئے نوروں پر،

النَّيِّرَيْنِ الْاَسْعَدَيْنِ وَارِثَيِ

دونوں تابناک نیّروں پر،　دونوں خوش بختوں پر،　دونوں وارثان

الْمَشْعَرَيْنِ وَاَهْلَيِ الْحَرَمَيْنِ كَهْفَيِ

مشعرین پر　اور صاحبان ہر دو حرم پر،

التُّقٰى غَوْثَيِ الْوَرٰى بَدْرَيِ الدُّجٰى

پرہیزگاروں کی دونوں پناہ گاہوں پر ہر دو فریاد رسان خلق پر،　ہر دو معتمدان

طَوْدَيِ النُّهٰى عَلَمَيِ الْهُدٰى

صاحب عقل پر،　ہر دو نشان ہدایت پر،

الْمَدْفُوْنَيْنِ بِسُرَّ مَنْ رَّاٰى

جو دونوں دفن کئے　گئے سُر من رائے ہیں

كَاشِفَي الْبَلْوٰى وَ الْمِحَنِ صَاحِبَيِ

ہر درد کو دور کرنے والے بلاؤں اور رنج کے،

الْجُودِ وَ الْمِنَنِ الْاِمَامَيْنِ بِالْحَقِّ

ہر دو صاحبان بخشش و احسان پر آئمہ برحق

اَبِى الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ النَّقِيِّ

یعنی ابی الحسن علی بن محمد نقی

وَ اَبِى مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ

اور ابی محمد الحسن بن علی

الْعَسْكَرِيِّ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ

عسکری رحمت خدا کی اور سلام

عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكُمَا

ان دونوں پر درود اور سلام ہو آپ دونوں پر

يَا اَبَا الْحَسَنِ وَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ وَ يَا

اے ابوالحسن اے ابی محمد

عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّ يَا حَسَنَ بْنَ

اور اے علی ابن محمد اور اے حسن بن علی

عَلِيِّ اَيُّهَا النَّقِيُّ الْهَادِىُّ وَ اَيُّهَا

اے نقی اے ہادی

الزَّکِیُّ الْعَسْکَرِیُّ یَا بُنَیْ رَسُوْلِ

اے ذکی عسکری اے رسول خدا کے

اللّٰہِ یَا بُنَیْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا

دونوں فرزندان ارجمند اور امیر المومنین کے عظیم بیٹو!

حُجَّتَیِ اللّٰہِ عَلَی الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ

عالم خلقت پر آپ دونوں حضرات حجت خدا ہیں!

یَا سَیِّدَیْنَا وَ مَوْلَیَیْنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ

آپ دونوں ہی ہمارے مولا اور ہمارے آقا ہیں! آپ ہی سے تمام امیدیں

اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِکُمَا اِلَی اللّٰہِ

وابستہ ہیں آپ ہی ہماری کشتی کو کنارے لگا سکتے ہیں۔ آپ ہی ہمیں خدا

وَ قَدَّمْنَا کُمَا بَیْنَ یَدَیْ حَاجَاتِنَا فِی

سے قریب کرنے کا واسطہ ہیں۔ اور ہماری حاجت روائی بھی آپ ہی کی وجہ

الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ یَا وَجِیْهَیْنِ

سے ممکن ہے۔ اے خدا کی برگزیدہ ہستیو! اس دنیا میں اور

عِنْدَ اللّٰہِ اشْفَعَا لَنَا عِنْدَ اللّٰہِ

آخرت میں آپ پاک پروردگار سے ہماری سفارش کر دیجیے

بِحَقِّکُمَا وَ بِحَقِّ جَدِّ کُمَا وَ

آپ دونوں حضرات کے طفیل سے اور آپ دونوں کے جد امجد کے

بِحَقِّ اٰبَآئِكُمَا الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ

طفیل سے اور آپ دونوں کے انتہائی پاک والدِگرامی کے طفیل سے، اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ وَزِدْ وَبَارِكْ عَلٰى

درود اور سلام بھیج اور زیادہ سے زیادہ بھیج اور افزائش کے ساتھ بھیج،

صَاحِبِ الدَّعْوَةِ النَّبَوِيَّةِ وَالصَّوْلَةِ

صاحب دعوت نبویہ پر، صاحب دبدبہ

الْحَيْدَرِيَّةِ وَالْعِصْمَةِ الْفَاطِمِيَّةِ

حیدریہ پر، اور صاحب عصمت فاطمیہ پر

وَالْحِلْمِ الْحَسَنِيَّةِ وَالشُّجَاعَةِ

اور صاحب حلم حسنیہ پر، اور صاحب شجاعت

الْحُسَيْنِيَّةِ وَالْعِبَادَةِ السَّجَّادِيَّةِ

حسینیہ پر، اور صاحب عبادت سجادیہ پر،

وَالْمَاٰثِرِ الْبَاقِرِيَّةِ وَالْاٰثَارِ الْجَعْفَرِيَّةِ

اور صاحب علوم باقریہ پر اور صاحب نشان جعفریہ پر،

وَالْعُلُوْمِ الْكَاظِمِيَّةِ وَالْحُجَجِ الرَّضَوِيَّةِ

اور صاحب علوم کاظمیہ پر، اور حجت ہائے رضا پر،

وَالْجُوْدِ التَّقَوِيَّةِ وَالنَّقَاوَةِ النَّقَوِيَّةِ

اور صاحب بخشش تقی پر، اور صاحب پاکی نقی پر

وَالْهَيْبَةِ الْعَسْكَرِيَّةِ وَالْغَيْبَةِ

اور صاحب دبدبہ عسکری پر ، اور صاحب

الْاِلٰهِيَّةِ الْقَائِمِ بِالْحَقِّ وَالدَّاعِيْ

غیبت الٰہیہ جو قائم ہے ساتھ حق کے اور بلانے

اِلَى الصِّدْقِ الْمُطْلَقِ كَلِمَةِ اللّٰهِ

والا طرف راستی محض کے ، جو کلمہ ہے خدا کا ،

وَاَمَانِ اللّٰهِ وَحُجَّةِ اللّٰهِ الْقَائِمِ

اور امان ہے خدا کی ، اور حجت خدا ہے ،

بِاَمْرِ اللّٰهِ الْمُقْسِطِ لِدِيْنِ اللّٰهِ

قائم ہے ساتھ حکم خدا کے ، عدالت کرنے والا دین خدا کے

الْغَالِبِ بِاَمْرِ اللّٰهِ وَالذَّابِّ عَنْ

لے غالب امر خدا میں اور حافظ

حَرَمِ اللّٰهِ اِمَامِ السِّرِّ وَالْعَلَنِ

حرم خدا کا ، پوشیدہ اور ظاہر

دَافِعِ الْكَرْبِ وَالْمِحَنِ صَاحِبِ

دفع کرنے والا سختی اور رنج کا

الْجُوْدِ وَالْمِنَنِ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ

صاحب بخشش اور احسان امام برحق

اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ

ابوالقاسمؑ محمد بن حسنؑ

صَاحِبِ الْعَصْرِ وَالزَّمَانِ وَ خَلِیْفَةِ

صاحب عصر امام زماں، اور خلیفہ خدا

الرَّحْمٰنِ وَ مُظْهِرِ الْاِیْمَانِ وَ قَاطِعِ

اور ظاہر کرنے والے ایمان کے، اور قطع کرنے

الْبُرْهَانِ وَ شَرِیْكِ الْقُرْاٰنِ وَ سَیِّدِ

والے دلیلوں کے، شریک قرآن کے،

الْاِنْسِ وَ الْجَانِّ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ وَ

اور سردار انس و جن کے، اللہ کی رحمت اور

سَلَامُهٗ عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

سلام اس کا ان پر اور ان سب پر،

اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَصِیَّ

درود و سلام ہو آپ پر اے نائب

الْحَسَنِ وَ الْخَلَفِ الصَّالِحِ یَا اِمَامَ

امام حسن عسکری کے، اور فرزند صالح،

زَمَانِنَا اَیُّهَا الْقَائِمُ الْمُنْتَظَرُ الْمَهْدِیُّ

اے امام ہمارے زمانہ کے اے قائم اے مهدی منتظر!

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا بْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے رسول خدا کے فرزند ارجمند　　اے امیرالمومنین کے بیٹے

يَا اِمَامَ الْمُسْلِمِيْنَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے امام تمام مسلمانوں کے ! اے تمام مخلوقات پر

عَلَى الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ يَا سَيِّدَنَا

اللہ کی روشن دلیل ! اے ہمارے سردار !

وَ مَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے امام ہمام رہبروالا مقام ! آپ ہی کے لیے ہم زرش راہ ہیں.

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

آپ ہی کی امداد کے طالب اور آپ ہی سے توسل کے خواستگار ہیں. خداوند عالم

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا فِي الدُّنْيَا وَ

سے اپنی حاجتیں مانگنے کے لیے آپ ہی پر ہم آنکھیں لگائے ہیں اے بارگاہ خدائے متعال

الْاٰخِرَةِ يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ

کی مکرم و محترم شخصیت ! دنیا کی حاجتوں کے حصول اور روز حشر ہماری مغفرت کے لیے

لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ بِحَقِّكَ

اللہ عزوشانہ سے ہماری سفارش کر دیجیے. اے ہمارے آقا اور مولا! آپ کو

وَ بِحَقِّ جَدِّكَ وَ بِحَقِّ اٰبَآئِكَ

اپنے ذاتی حق اور اپنے اجداد محترم اور اپنے پاک و پاکیزہ والد گرامی کے حق کا واسطہ

الطَّاهِرِيْنَ پس اپنی حاجت بیان کرے، اور ہاتھوں

کو اُٹھا کر کہے يَا سَادَاتِيْ وَيَا مَوَالِيَّ اِنِّيْ

اے ہمارے سردار، اے ہمارے آقا بہ تحقیق

تَوَجَّهْتُ بِكُمْ اَنْتُمْ اَئِمَّتِيْ وَ عُدَّتِيْ

توجہ کی میں نے آپ کے وسیلہ سے کہ آپ ہیں. میرے پیشوا اور میرے

لِيَوْمِ فَقْرِيْ وَ فَاقَتِيْ وَ حَاجَتِيْ اِلَى

مددگار میری احتیاج کے اور حاجت کے دن طرف خدا کے

اللّٰهِ وَتَوَسَّلْتُ بِكُمْ اِلَى اللّٰهِ وَاسْتَشْفَعْتُ

اور وسیلہ پکڑا میں نے ساتھ آپ کے خدا کی طرف اور شفاعت چاہی میں

بِكُمْ اِلَى اللّٰهِ وَبِحُبِّكُمْ وَ بِقُرْبِكُمْ

نے ساتھ آپ کے اللہ سے اور آپ کی دوستی کے ساتھ اور آپ کی نزدیکی کے ساتھ

اَرْجُو النَّجٰوةَ مِنَ اللّٰهِ فَكُوْنُوْا

امید کرتا ہوں نجات کی میں اللہ سے پس آپ خدا کے

عِنْدَ اللّٰهِ رَجَائِيْ يَا سَادَاتِيْ يَا

نزدیک میری امید ہیں اے میرے سردار!

اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

اے خدا کے دوستو! درود اللہ کا آپ سب پر!

اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ

اے خداوندا میں سوال کرتا ہوں

هٰؤُلَآءِ الْاَئِمَّةِ الْمَعْصُوْمِيْنَ

ان امام معصوم،

الْمَظْلُوْمِيْنَ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ

ومظلوم، ہادی، اور ہدایت یافتہ

الْمُطَهَّرِيْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ

پاک وپاکیزہ اماموں کے طفیل سے! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تو میرے تمام گناہ معاف

ذُنُوْبِیْ وَ تُوْصِلَنِیْ اِلٰی مُرَادِیْ وَ

کردے، اور میری مراد

مَطْلُوْبِیْ وَادْفَعْ عَنِّیْ شَرَّ جَمِيْعِ

مطلوب تک پہنچا، اور مجھ سے جمیع خلائق

خَلْقِكَ بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ وَ

کے شر کو اپنی رحمت، کرم

عَفْوِكَ وَ اِحْسَانِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ

معافی اور احسان کے ساتھ دور کر، اے ذی الجلال

وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

والاکرام، اے ارحم الرحمین، خداوندا!

إِنَّ هٰؤُلَاءِ أَئِمَّتُنَا وَ سَادَتُنَا وَ

بہ تحقیق کہ یہ امام ہیں ہمارے، اور سردار ہیں ہمارے،

قَادَتُنَا وَ كُبَرَآؤُنَا وَ شُفَعَآءُنَا بِهِمْ

اور پیشوا ہیں ہمارے، اور بزرگ ہیں ہمارے، اور شفاعت کنندہ ہیں ہمارے،

أَتَوَلَّىٰ وَ مِنْ أَعْدَآئِهِمْ أَتَبَرَّءُ فِي

ہم ان کے ساتھ دوستی کا دم بھرتے ہیں، اور ان کے دشمنوں سے بیزاری کا اعلان

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ

کرتے ہیں دنیا و آخرت میں! خداوندا دوست رکھ

وَالَاهُمْ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُمْ وَانْصُرْ

ان کو جو ان کو دوست رکھے اور دشمن رکھ ان کو جو ان سے دشمنی رکھے! نصرت کر ان

مَنْ نَصَرَهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُمْ

کی جو ان کی مدد کریں ان کو چھوڑ دے جو ان کو چھوڑ دیں

وَانْصُرْ شِيْعَتَهُمْ وَالْعَنْ عَلَىٰ مَنْ

اور ان کے شیعوں کی مدد کر، اور ان پر ظلم

ظَلَمَهُمْ وَاغْضَبْ عَلَىٰ مَنْ جَحَدَهُمْ

کرنے والوں پر لعنت بھیج جو ان کے حق کا انکار کریں ان پر غضب نازل کر،

وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَ اَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ

ان کے ظہور میں جلدی فرما، اور جن و انس میں سے

مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ

ان کے دشمنوں کو ہلاک کر خواہ وہ اولین سے ہوں

وَ الْاٰخِرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ اٰمِیْنَ

یا آخرین سے تاقیامت "آمین"

یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا

اے دو جہان کے پالنے والے پروردگار ہمیں دنیا میں

فِی الدُّنْیَا زِیَارَتَهُمْ وَ فِی الْاٰخِرَةِ

ان کی زیارت سے مشرف فرما، اور آخرت میں ان کی شفاعت

شَفَاعَتَهُمْ وَ زِدْنَا مُحَبَّتَهُمْ

سے نجات عطا کر، اور ان کی محبت ہمارے دلوں میں زیادہ کر،

وَ احْشُرْنَا مَعَهُمْ وَ فِیْ زُمْرَتِهِمْ

ہمارا حشر ان کے ساتھ کر، اور ان کے زمرہ میں

وَ تَحْتَ لِوَآئِهِمْ وَلَا تُفَرِّقْ

ان کے علم کے نیچے کر، اور قیامت کے دن

بَیْنَنَا وَ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

ہمارے اور ان کے درمیان کسی قسم کی جدائی نہ ڈال،

وَاغْفِرْ وَارْحَمْ بِمَنِّكَ وَ كَرَمِكَ

اور اپنے احسان کے ساتھ ہمارے

يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِيْنَ وَيَا أَرْحَمَ

گناہ بخشش دے، اور رحم کر اے سب سے زیادہ رحم

الرَّاحِمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

کرنے والے، اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے مخصوص ہیں جو دونوں جہانوں کا پالنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

والا ہے: بار الٰہا درود نازل فرما حضرت محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَ فَرِّجْ عَنَّا بِهِمْ كُلَّ غَمٍّ

اور آل محمدؐ (علیہم الصلوٰۃ والسّلام) پر، اور ان کے توسل سے ہر ایک غم دور کردے!

وَاكْشِفْ عَنَّا بِهِمْ كُلَّ هَمٍّ وَاقْضِ

اور ان کے وسیلے سے ہر رنج و ملال کو

لَنَا بِهِمْ كُلَّ حَاجَةٍ مِّنْ حَوَآئِجِ

ختم فرمادے! دنیا و آخرت کی ضرورتوں میں ہماری

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہر ایک حاجت کو برلا! خداوندا

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَعِذْنَا بِهِمْ

محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر درود نازل فرما، اور ان کے طفیل سے ہمیں

مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خلائق کے شر سے محفوظ رکھ بار الٰہا!

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاحْفِظْ بِهِمْ

محمد و آل محمد پر درود نازل کر　　اور ان کے وسیلہ سے

عِزَّتَنَا وَاسْتُرْ بِهِمْ عَوْرَتَنَا وَاكْفِنَا

ہماری عزت کی محافظت فرما،　　اور ہماری برہنگی کی پردہ پوشی فرما،

بِهِمْ بَغٰى مَنْ بَغٰى عَلَيْنَا وَانْصُرْنَا بِهِمْ

اور ہماری کفایت فرما اس سے جو ہم پر بغاوت کرے　　اور ان کے طفیل سے ہماری مدد کر

عَلٰى مَنْ عَادٰينَا وَ اَعِذْنَا بِهِمْ مِّنْ

اور کامیاب فرما، ان لوگوں پر جو ہم سے دشمنی کریں　　اور ان کے وسیلہ سے

شَرِّ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ جَوْرِ

شیطان راندہ کے شر سے ہمیں بچا　　اور سرکش سلطان

السُّلْطَانِ الْعَنِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کے شر سے ہمیں بچا!　　خدایا محمد و آل محمد پر

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنَا بِهِمْ

درود نازل فرما　　اور ان کے وسیلہ

فِىْ سِتْرِكَ وَ فِىْ حِفْظِكَ وَ فِىْ

سے ہمیں اپنی　　حفاظت میں لے لے!

كَنَفِكَ وَ فِىْ حِرْزِكَ وَفِىْ اَمَانِكَ

اور اپنے جوار و پناہ　　اور اپنی امان میں داخل کر

عَزَّ جَارُكَ وَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَ لَآ اِلٰهَ

تیرا ہمسایہ عزت والا ہے، تو عزت والا ہے تو بزرگ ہے تعریف والا ہے

غَيْرُكَ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ

اور تیرے سوا کوئی خدا نہیں، میں نے ایک ایسے زندہ پر توکل کیا

لَا يَمُوْتُ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ

ہے جس کو کبھی موت نہیں آئے گی، اور جملہ تعریفیں اس ذات

يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ

کے لئے ہیں جس کے کوئی اولاد نہیں، اور اس کے ملک میں

فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ

کوئی دوسرا شریک نہیں، اور نہ کوئی اس کو ذلیل

مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا وَّ

کرنے پر قادر ہے، اور وہ سب سے بڑا بزرگ ہے،

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَ الصَّلٰوةُ

اور ہمیں کافی ہے اللہ کی اکیلی ذات درود اور سلام

وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ

ہو بہترین خلائق محمدؐ اور ان کی جملہ

اٰلِهٖ وَ عِتْرَتِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ سَلَّمَ

آل و عترت پر اور سلام ہو جو سلام کا حق ہے

تَسْلِيمًا كَثِيرًا كَثِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

کثرت کے ساتھ بے شمار　　اور جملہ تعریفیں ہیں

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اللہ پرورش کنندہ خلائق کے لیے۔

دُعائے توسّل کی کرامت

شیخ ابوجعفر طوسیؒ نے اپنی کتاب مصباح المتہجد میں روایت کی ہے کہ ۲۵۵ھ میں ابو محمد نام کا ایک شخص حضرت امام حسن عسکری علیہ السّلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی یابن رسول اللہ اپنے آبارکرام پر درود بھیجنے کا طریقہ مجھے تعلیم فرمائیے۔ پس حضرت نے اس کی استدعا قبول کی اور یہ صلوٰۃ اس کے واسطے تحریر فرمائی یہ درود جمیع مطالب دینی و دنیوی کے لیے نافع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ

بارِالہا! تیرے در کا سوالی بن کر اور تیرے ہی نبیؐ،

بِنَبِيِّكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى

پیغمبر رحمت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ کے سہارے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ يَا اَبَا الْقَاسِمِ

تیری بارگاہ عالی میں بندگی کے سجدے بجانے چلا ہوں۔ اے ابو القاسم

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَآ اِمَامَ الرَّحْمَةِ

اے اللہ کے رسولؐ! اے خیر و برکت والے پیشوا!

يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ

اے خواجۂ عالم، اے سب کے والی! آپ ہی سے ہم آس لگائے ہوئے ہیں،

اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ

آپ ہی کی شفاعت درکار ہے اور خدا تک رسائی کیلیے آپ ہی ہمارا وسیلہ ہیں

وَ قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا يَا

نیز حاجت روائی کے سلسلے میں بھی آپ ہی ہمارا سب سے بڑا آسرا ہیں

وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

اے بارگاہ احدیت میں عزت پانے والے! آپ اللہ سے ہماری سفارش کر دیجیے۔

يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے ابوالحسن! .... امیرالمومنین!

يَا عَلِىَّ بْنَ اَبِيْطَالِبٍ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے علی ابن ابی طالبؑ! اے ساری خلقت کے لیے

عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا

خالق یکتا کی حجت! اے ہمارے آقا! ہمارے مولا! ہم آپ

تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا

ہی پر نظریں جمائے ہوئے ہیں۔ آپ ہی شفاعت کرنے والے اور آپ ہی ہمارا

بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ بَیْنَ یَدَیْ

ذریعہ ہیں نیز اپنی مشکلوں کو آسان کرنے کے لیے آپ کا دامن تھامے ہوئے ہیں

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ

اے خدا رسیدہ بزرگ! اس آفریدگار مطلق کے حضور ہماری

لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ یَا فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ یَا

سفارش کر دیجیے............ اے فاطمہ زہرا

بِنْتَ مُحَمَّدٍ یَا قُرَّةَ عَیْنِ الرَّسُوْلِ

اے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کی صاحبزادی، اے رسولؐ کی آنکھوں کی ٹھنڈک

یَا سَیِّدَتَنَا وَ مَوْلَاتَنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے سیدۂ عالم، اے ہماری ملکۂ عالیہ! آپ ہی کی چوکھٹ پر ہم

وَ اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِكِ اِلَى اللّٰهِ

سر نہوڑائے ہوئے ہیں، درگاہ قاضی الحاجات تک پہونچنے کی غرض سے ہمیں آپ

وَ قَدَّمْنَاكِ بَیْنَ یَدَیْ حَاجَاتِنَا

ہی کی مدد چاہیے، آپ ہی ہمارا وسیلہ ہیں اور مدعا پانے کے خیال سے آپ کے

یَا وَجِیْهَةً عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعِیْ لَنَا

آگے اپنی جھولی رکھ دی ہے۔ اے حریم قدس الٰہی کی بلند مرتبہ خاتون!

عِنْدَ اللّٰهِ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ یَا حَسَنَ

آپ داور حشر سے ہماری سفارش کر دیجیے!... اے ابو محمدؑ! اے حسنؑ

بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا الْمُجْتَبٰى يَا بْنَ

ابن علیؑ ! اے مجتبیٰ ! اے رسول خدا کے فرزند !

رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

اے دنیا جہان کے لیے اللہ کی حجت !

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے ہمارے سرور ! اے ہمارے سردار ! ہم آپ ہی کے

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ

آستان اقدس پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں اور بس ! آپ ہی ہمارے

وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ حَاجَاتِنَا

شفاعت کار ہیں نیز قرب الٰہی کی خاطر آپؑ ہی کا سہارا لیا ہے اور بارگاہ احدیت سے اپنے

يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ

مقاصد کی تکمیل کے لیے آپؑ کو واسطہ قرار دیا ہے۔ اے خدا کے نزدیک آبرو رکھنے والے !

اللّٰهِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا حُسَيْنَ بْنَ

آپؑ مالک دو جہاں سے ہماری سفارش کر دیجیے ! اے ابو عبداللہ ! اے حسینؑ بن

عَلِيٍّ اَيُّهَا الشَّهِيْدُ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

علیؑ ! اے جام شہادت نوش کرنے والے ! اے فرزند رسولؐ !

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے خلق خدا کے لیے، خدا کی دلیل ! اے ہمارے پیشوا !

وَمَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سرپرست! ہم نے آپؑ کے در پر ماتھا رکھ دیا ہے۔ آپ کی شفاعت چاہی

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ

اور آپ ہی کا وسیلہ مطلوب ہے۔ اپنی حاجتوں کے سلسلے میں ہم نے آپؑ

بَيْنَ يَدَیْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا

ہی پر بھروسہ کیا ہے۔ قدرت کی نظر میں آپؑ کی بڑی

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

قدر و منزلت ہے۔ آپ معبود مطلق سے ہماری سفارش کر دیجیے

يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِیَّ بْنَ الْحُسَيْنِ

اے ابو الحسنؑ! .... اے علی ابن الحسینؑ!

يَا زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے عبادت گزاروں کی زینت! اے رسولؐ خدا کے بیٹے!

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے اللہ کی مخلوق کے لیے نشان راہِ حق! اے ہمارے سید و سالارؑ

وَمَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

ہم دامن پھیلا کر آپ کی طرف بڑھے ہیں۔ آپ کی شفاعت کے خواستگار ہیں!

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ

خدا کے واسطے آپ سے متوسل ہوئے ہیں اور اس توقع پر کہ اُمیدیں

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ

برآئیں گی آپ کے قدم لیے ہیں، اللہ نے آپ کو شرف بخشا ہے

اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا

آپ خدا سے ہماری سفارش کر دیجئے۔ اے

جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا الْبَاقِرُ

ابو جعفر! اے محمدؑ ابنِ علیؑ! اے مملکت علم کو وسعت عطا فرمانے والے!

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

سبطِ نبیؐ! اے دین الٰہی کی زندہ جاوید علامت!

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے ہم پر اختیار رکھنے والے! اے ہمارے فرماں روا! ہم آپکی طرف دیکھ

وَاسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ

رہے ہیں۔ خدا کے حضور آپؑ ہی سے کمک کی التجا ہے۔ آپ ہی ہمیں اس کے دربار

وَ قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا

تک پہونچانے والے ہیں اور ہم اپنی ہر آز و نیاز کیلیے آپ سے لو لگائے بیٹھے ہیں،

يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ

پاک پروردگار نے آپؑ کو بہت اونچا مرتبہ دیا ہے۔ آپ اُس پالنے والے سے ہماری

اللّٰهِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا جَعْفَرَ بْنَ

سفارش کر دیجیے۔ اے ابو عبد اللہ! اے جعفرؑ ابن محمدؑ!

مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الصَّادِقُ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے سچائی کے پیکر! اے رسول اللہ کے بیٹے!

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے خدا کی سچی نشانی! اے ہمارے راس و رئیس!

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

اے سب کے سرکار! ہم نے آپؑ کے قدموں میں آنکھیں بچھادی ہیں اور خدا سے

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

اپنی مرادیں حاصل کرنے لیے آپ کی مدد کے خواہاں ہیں۔ آپ

بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا

ہی ہمیں رب کریم تک پہونچانے کا ذریعہ ہیں۔ اے دربار خالق یکتا

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا

میں بلند و بالا حیثیت رکھنے والے، آپؑ خدائے کریم سے ہماری سفارش کر دیجیے!

اَبَا الْحَسَنِ يَا مُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ

اے ابوالحسنؑ ! ---------- اے موسیٰ ابنِ جعفرؑ!

اَيُّهَا الْكَاظِمُ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے نفس کی کیفیت پر پوری گرفت رکھنے والے! فرزند رسولؐ!

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

کائنات کے لیے اللہ کی واضح دلیل، ہمارے مالک،

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

ہمارے مختار! آپؑ کی خدمت میں حاضر ہیں آپ کی دستگیری کے طالب

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

اور آپؑ کے توسّل کے گرویدہ۔ ہم نے اپنے مقاصد میں کامیاب ہونے کیلیے

بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا

آپؑ کے سائے میں پناہ لی ہے۔ اللہ نے آپ کو سرافراز فرمایا ہے۔ آپؑ

عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا

ایزد متعال سے ہماری سفارش کر دیجیے!

اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى اَيُّهَا

اے ابو الحسن! .... اے علی ابنِ موسیٰ!

الرِّضَا يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ

اے راضی برضا! اے رسولؐ خدا کے فرزند! اے ساری مخلوق

اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا

کے لیے اللہ کی حجت! اے ہمارے مقتدا! اے ہمارے بزرگوار!

اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا

آپؑ کے آگے سر خمیدہ ہیں۔ آپ کی اعانت کے ملتجی ہیں۔ آپ کے

بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ

توسط کے محتاج۔ اپنی بگڑی بنانے کے لیے آپؑ ہی کو یاور بنایا

يَدَیْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ

ہے اے ساحت عظمت الٰہی کی باکرامت ہستی!

اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا

آپؑ رب العالمین سے ہماری سفارش کر دیجیے!

اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

اے ابو جعفرؑ! - - - - - - - - - - اے محمد ابن علیؑ!

اَيُّهَا التَّقِيُّ الْجَوَادُ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے تقویٰ کی مثال! اے دریا دلی کا معیار! رسولؐ اللہ کے فرزند!

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

خلق خدا کے لیے دلیل حق اے امیر امم اے قائدِ محترم!

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

اس باعث کہ ہماری دُعا قبول ہو اور ہماری حاجت پوری

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

ہو جائے، کمال ادب اور منتہائے خلوص کے ساتھ آپؑ

بَيْنَ يَدَیْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا

کی خدمت میں حاضر ہیں اللہ نے آپ کے درجے بلند فرمائے

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

ہیں اس رؤف و رحیم سے ہماری سفارش کر دیجیے

يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ

اے ابو الحسنؑ ! .... اے علی ابن محمدؑ

اَيُّهَا الْهَادِي النَّقِيُّ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے ہادی برحق ! اے فکر وعمل کی طہارت کے مظہر اتم ! اے فرزند رسولؐ !

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے حجت خدا ! .... اے ہمارے سردار !

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سردار ! آپ ہی سے تمام امیدیں وابستہ ہیں آپ ہی ہماری

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

کشتی کو کنارے لگا سکتے ہیں آپ ہی ہمیں خدا سے قریب کرنے کا واسطہ ہیں ،

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا

اور ہماری حاجت روائی بھی آپ ہی کی وجہ سے ممکن ہے ! اے خدا کی برگزیدہ

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

ہستی ! آپ پاک پروردگار سے ہماری سفارش کر دیجیے !

يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا

اے ابو محمدؑ ! .... اے حسن ابن علیؑ !

الزَّكِيُّ الْعَسْكَرِيُّ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے خیر و خوبی اور جرأت و شہامت کی تفسیر ! اے رسولؐ خدا کے فرزند !

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا

اے جہاں پناہ .... اے سیادت مآب!

وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا

آپؑ ہی کی خاک پا کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنایا ہے آپؑ ہی ہمارے

وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ قَدَّمْنَاكَ

یار و مددگار ہیں۔ آپؑ ہی کے سبب اللہ ہماری سنے گا، اور آپؑ

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا

ہی کے صدقے میں ہماری امیدیں بر آئیں گی اللہ نے آپ

عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا

کو وجاہت بخشی ہے آپؑ اس خالق یکتا سے ہماری سفارش کر دیجیے!

وَصِيَّ الْحَسَنِ وَ الْخَلَفَ الْحُجَّةَ

اے حسن عسکریؑ کے جانشین! اے معصوم رہنما کے نائب! اے خدا کی حجت!

اَيُّهَا الْقَائِمُ الْمُنْتَظَرُ الْمَهْدِيُّ

اے قائم منتظر! .... اے مہدی موعود!

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

اے خاتم الانبیاء کے نور نظر! اے اللہ کی روشن دلیل!

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے امام ہمام! اے رہبر والا مقام! آپ ہی کے لیے ہم فرش راہ ہیں۔

وَ اسْتَشْفَعْنَا وَ تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ

آپ ہی کی امداد کے طالب اور آپ ہی سے توسل کے خواستگار ہیں. خداوند عالم

وَ قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا

سے اپنی حاجتیں مانگنے کے لیے آپ ہی پر ہم آنکھیں لگائے ہیں اے بارگاہ خدائے متعال

يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

کی مکرم و محترم شخصیت۔ اللہ عزّ شانہٗ سے ہماری سفارش کر دیجیے۔

اب اللہ سے جو دُعا مانگنا چاہتے ہیں وہ مانگیئے! اس کے بعد کہیے:

يَا سَادَاتِىْ وَ مَوَالِىَّ اِنِّىْ تَوَجَّهْتُ

اے ہمارے آقاؤں، اے ہمارے سرداروں! آپ ہی سے ہم نے تمام

بِكُمْ اَئِمَّتِىْ وَ عُدَّتِىْ لِيَوْمِ فَقْرِىْ وَ

امیدیں باندھ رکھی ہیں۔ اے ہماری حیات و کائنات کے رہنماؤں اور نہوست کے دنوں کا ذخیرہ!

حَاجَتِىْ اِلَى اللّٰهِ وَ تَوَسَّلْتُ بِكُمْ اِلَى اللّٰهِ

اے ہماری بے مائگی میں کام آنے والو! اللہ کے لیے تم ہی کو وسیلہ بنایا

وَ اسْتَشْفَعْتُ بِكُمْ اِلَى اللّٰهِ فَاشْفَعُوا لِىْ

ہے آپ ہی کو اپنا شفیع مانا ہے۔ آپ خدا کی بارگاہ میں

عِنْدَ اللّٰهِ وَ اسْتَنْقِذُوْنِىْ مِنْ ذُنُوْبِىْ

ہماری شفاعت کر دیجیے۔ ہمارے گناہوں کو بخشوا دیجیے

عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنَّكُمْ وَسِيْلَتِىْ اِلَى اللّٰهِ

آپ ہی ہمیں نجات دلانے کا ذریعہ ہیں،

وَبِحُبِّكُمْ وَبِقُرْبِكُمْ اَرْجُو النَّجٰوةَ

اور آپ ہی کی محبت اور قربت سے ہم رستگاری کی توقع رکھتے

مِنَ اللّٰهِ فَكُوْنُوْا عِنْدَ اللّٰهِ رَجَائِىْ

ہیں۔ ہم نے آپ سے آس لگائی ہے۔ قیامت میں مایوس نہ ہونے

يَاسَادَاتِىْ يَا اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ صَلَّى

دیجیے گا۔ اے ہمارے سرداروں اے اللہ کے دوستو!

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَلَعَنَ اللّٰهُ

تم سب پر اس کا درود سلام! اور تم پر ستم

اَعْدَآءَ اللّٰهِ ظَالِمِيْهِمْ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ

ڈھانے والے تمام دشمنان خدا پر شروع

وَالْاٰخِرِيْنَ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

سے آخیر تک اللہ کی لعنت۔ آمین رب العالمین!

دُعائے سمات کی وسعت

یہ دعائے شبور بھی کہلاتی ہے۔ نہایت مشہور و مقبول دُعا ہے۔ شیخ طوسی نے مصباح میں اور کفعمی نے اپنے تحقیقی ذخیرے میں سرکار امام زمان عجل اللہ فرجہ کے نائب خاص محمد ابن عثمان کے حوالے سے اس دُعا کو قلم بند کیا ہے۔ اس کی روایت کا سلسلہ

حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام تک پہونچتا ہے۔
علامہ مجلسی نے بحار الانوار میں بھی اسے ترقیم فرمایا ہے۔
بہتر ہے کہ یہ دعا جمعہ کو دن کی آخری ساعتوں میں پڑھی جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِیْمِ
بارالٰہا! تیرا وہ نام جو بہت بڑا ہے، بے حد عظیم نہایت

الْاَعْظَمِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ الَّذِیْ
باعزت اور کمال درجے کا اسم گرامی ہے، اسی کے واسطے سے عرض گزار ہوں،

اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلٰی مَغَالِقِ اَبْوَابِ
تیرا وہ نام نامی جس کے ذریعے اگر آسمان کے بند دروازوں کے کھلنے

السَّمَآءِ لِلْفَتْحِ بِالرَّحْمَةِ انْفَتَحَتْ وَ
کی دُعا مانگی جائے تو رحمت و برکت کے ساتھ وہ کھل جائیں، اور

اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلٰی مَضَآئِقِ اَبْوَابِ
جو یہ نام لے کر تیرے حضور گذارش پیش ہو

الْاَرْضِ لِلْفَرَجِ انْفَرَجَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ
کہ زمین کا سکڑا ہوا دامن پھیل جائے تو نہ مشکل کی

بِهٖ عَلَی الْعُسْرِ لِلْیُسْرِ تَیَسَّرَتْ وَاِذَا
کوئی تہہ رہے اور نہ صعوبت کی کوئی شکن دکھائی دے نیز اگر یہ دشواریوں

دُعِيتَ بِهٖ عَلَى الْاَمْوَاتِ لِلنُّشُوْرِ

کو آسان بنانے کے لیے لیا جائے تو ہر وقت سہولت کا رنگ اختیار کرلے، اسی طرح

انْتَشَرَتْ وَ اِذَا دُعِيتَ بِهٖ عَلٰى كَشْفِ

اگر مُردوں کو دوبارہ زندگی دلانے کی خاطر اس پرشکوہ نام کا سہارا لیا جائے تو مرنے والے جی

الْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ انْكَشَفَتْ وَ بِجَلَالِ

اٹھیں اور جو غم واندوہ اور رنج و مصیبت سے بچنے کے لیے اسے واسطہ بنائیں تو

وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَكْرَمِ الْوُجُوْهِ وَ

نہ دکھ کی گھٹا اٹھے اور نہ درد کے بادل چھائیں، نیز تیری باکرامت ذات

اَعَزِّ الْوُجُوْهِ الَّذِىْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ

کے جلال وعظمت کی قسم! ہاں! تیری وہ ذات اقدس جو صحن امکاں میں

وَخَضَعَتْ لَهُ الرِّقَابُ وَخَشَعَتْ لَهٗ

سب سے بزرگ اور عالم ہست وبود میں ہر ایک سے افضل ہے، جس کے آستانے

الْاَصْوَاتُ وَ وَجِلَتْ لَهُ الْقُلُوْبُ

پر ہر سر برآوردہ کا ماتھا جھکا ہوا اور سب کی گردنیں خمیدہ نظر آتی ہیں، نیز

مِنْ مَخَافَتِكَ وَبِقُوَّتِكَ الَّتِىْ بِهَا

جس کے حریم کبریائی میں آواز کی موجیں دم سادھے ہوئے اور دل کی دنیا پر

تُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ

خوف و ہراس طاری رہتا ہے۔ اور معبود! تیری اس قدرت و توانائی کی سوگند جو آسمان

إِلَّا بِإِذْنِكَ وَ تُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ

کو زمین پر گرنے سے بچائے ہوئے ہے، اور وہ بھی جب تک تو چاہتا ہے،

الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَ بِمَشِيَّتِكَ

ہاں! تیری اسی قوت و طاقت کی قسم جس کے باعث نظام فلکی کے ساتھ نظم گیتی بھی

الَّتِيْ دَانَ لَهَا الْعَالَمُوْنَ وَ بِكَلِمَتِكَ

برقرار ہے۔ اور تیری اس مشیت کا واسطہ جو تمام جہانوں کو گرفت میں رکھتی ہے،

الَّتِيْ خَلَقْتَ بِهَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

نیز تیرے اس لفظ "کن" کے ذریعے جس سے تو نے سپہر بریں اور

وَ بِحِكْمَتِكَ الَّتِيْ صَنَعْتَ بِهَا

خاکدانِ عالم کی تخلیق فرمائی۔ مالک! تیری اس حکمت و دانائی کے نام پر جس سے

الْعَجَائِبَ وَ خَلَقْتَ بِهَا الظُّلْمَةَ وَ

تو نے دنیا کے عجائب کو وجود کا جامہ عطا فرمایا، اندھیرے کو نمود دی،

جَعَلْتَهَا لَيْلًا وَّ جَعَلْتَ اللَّيْلَ سَكَنًا

پھر تاریکی کو رات میں ڈھال دیا، اور رات کو لوگوں کے آرام کے لیے مختص فرما دیا،

وَخَلَقْتَ بِهَا النُّوْرَ وَ جَعَلْتَهٗ نَهَارًا

نیز اپنی اسی تدبیر سے تو نے روشنی پیدا کی اور روشنی کو دن بنا دیا۔

وَّجَعَلْتَ النَّهَارَ نُشُوْرًا مُّبْصِرًا وَّ

دن کو دیکھ بھال کر ضروریات زندگی فراہم کرنے کا وقت قرار دیا۔

خَلَقْتَ بِهَا الشَّمْسَ وَجَعَلْتَ الشَّمْسَ

اور اپنی حکمت کاملہ سے تونے سورج کو خلعت ہستی بخشا اور پھر اسے

ضِيَاءً وَّخَلَقْتَ بِهَا الْقَمَرَ وَجَعَلْتَ

ضیا بار کر دیا۔ چاند کی آفرینش بھی تیری ہی منشا سے ہوئی، تو ہی نے

الْقَمَرَ نُوْرًا وَّخَلَقْتَ بِهَا الْكَوَاكِبَ

اسے تابانی عنایت فرمائی۔ ستارے تیری صنعت گری کی چمکتی ہوئی نشانیاں ہیں،

وَجَعَلْتَهَا نُجُوْمًا وَّبُرُوْجًا وَّمَصَابِيْحَ

ان ہی کے دامن میں ستارے ٹانکے، ان کو برجوں کا پیرایہ دیا، یہی تیرے حکم سے چراغاں کا کام

وَزِيْنَةً وَّرُجُوْمًا وَّجَعَلْتَ لَهَا مَشَارِقَ

کرتے ہیں، ان ہی سے بزم امکان کو سجایا، اور ان ہی کو شہاب ثاقب بنایا۔

وَمَغَارِبَ وَجَعَلْتَ لَهَا مَطَالِعَ وَ

جتنے کواکب ہیں انہیں تیرے ہی کمال صناعی سے طلوع و غروب کی جہت

مَجَارِيَ وَجَعَلْتَ لَهَا فَلَكًا وَّمَسَابِحَ

نصیب ہوئی، ظہور و نمود کے مقامات ملے گزرگاہیں میسر آئیں۔ اس کے

وَقَدَّرْتَهَا فِي السَّمَآءِ مَنَازِلَ فَاَحْسَنْتَ

علاوہ تونے ان کی حرکت کے لئے فلک اور گردش کے واسطے مدار بنائے۔ نیز آسمان

تَقْدِيْرَهَا وَصَوَّرْتَهَا فَاَحْسَنْتَ تَصْوِيْرَهَا

پر سب کی منزلیں مقرر فرمائیں۔ پھر کس خوبی اور نپے تلے انداز میں یہ کام انجام پذیر ہوا

وَاَحْصَيْتَهَا بِاَسْمَآئِكَ اِحْصَاءً وَّدَبَّرْتَهَا

تو نے ہی ان سب کی صورت گری کی کتنے پیارے نقش ابھارے۔ اس کے

بِحِكْمَتِكَ تَدْبِيْرًا وَّ اَحْسَنْتَ تَدْبِيْرَهَا

علاوہ تو نے اپنے اسمائے گرامی کی برکت سے انھیں شمار و قطار میں رکھا

وَسَخَّرْتَهَا بِسُلْطَانِ اللَّيْلِ وَسُلْطَانِ

رات کے راج، دن کی ریاست وقت کے انضباط اور ماہ و

النَّهَارِ وَالسَّاعَاتِ وَعَدَدَ السِّنِيْنَ وَ

سال کے حساب سے کارگاہِ سپہر کو ایک بندھا ٹکا نظام عطا فرمایا۔ نیز تو نے اپنے اس

الْحِسَابِ وَجَعَلْتَ رُؤْيَتَهَا لِجَمِيْعِ

شاہکار کی نمائش اور دیکھنے دکھانے کے معاملے میں سب کے لیے ایک جیسا برتاؤ

النَّاسِ مَرْئًى وَّاحِدًا وَّ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ

رکھا جو چاہے اور جب تک چاہے آنکھیں سینکتا رہے۔ پروردگارا! تیری اس بزرگی

بِمَجْدِكَ الَّذِىْ كَلَّمْتَ بِهٖ عَبْدَكَ

اور برتری کے سہارے عرض ہے، جس سے تو سراپا مقدس فرشتوں کے

وَرَسُوْلَكَ مُوْسَى بْنَ عِمْرَانَ عَلَيْهِ

سامنے اپنے خاص بندے اور نبی موسیٰ ابن عمران علیہ السّلام سے ہمکلام ہوا۔

السَّلَامُ فِى الْمُقَدَّسِيْنَ فَوْقَ اِحْسَاسِ

تیری وہ باتیں مقرب ملائکہ کی سمجھ سے بالاتر اور نور کے بقعوں پر جلوہ ریز تھیں۔

الْكَرُوْبِيْنَ فَوْقَ غَمَآئِمِ النُّوْرِ فَوْقَ

نیز آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون، کے علم و عرفان سے

تَابُوْتِ الشَّهَادَةِ فِىْ عَمُوْدِ النَّارِ وَفِىْ

بھرے ہوئے اس متبرک صندوق سے بھی اور جس کے

طُوْرِ سَيْنَاءَ وَفِىْ جَبَلِ حُوْرِيْثَ فِىْ

آگے آگے طور سینا، کوہ حوریث، مقدس وادی

الْوَادِ الْمُقَدَّسِ فِى الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ

اور مبارک خطے میں فروزاں مشعلیں، اجالا کرتی تھیں،

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ مِنَ الشَّجَرَةِ

اور اس فضا میں بھی جہاں طور کی داہنی جانب سے تو نے درخت کے ذریعے

وَفِىْ اَرْضِ مِصْرَ بِتِسْعِ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ

موسیٰ سے خطاب فرمایا اور پھر مصر کی زمین پر جھلملاتی ہوئی نو نشانیوں سے جلوہ نمائی کی

وَيَوْمَ فَرَقْتَ لِبَنِىْ اِسْرَآئِيْلَ الْبَحْرَ

اور جس دن تو نے بنی اسرائیل کے لیے چادر آبِ رواں کو چیر کر رودِ نیل پر راستہ بنایا

وَفِى الْمُنْبَجِسَاتِ الَّتِىْ صَنَعْتَ بِهَا

اور یہ تیری ہی قدرت کا کرشمہ تھا کہ پتھر کے کلیجے سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے

الْعَجَآئِبَ فِىْ بَحْرِ سُوْفٍ وَعَقَدْتَ

جن سے تو نے دریائے سوف میں حیرت انگیز کرشمے دکھائے

مَآءَ الْبَحْرِ فِیْ قَلْبِ الْغَمْرِ كَالْحِجَارَةِ

کہ بہتے پانی کو بھرپور ندی کی گہرائیوں میں سنگ وخشت بنا کر رکھ دیا

وَ جَاوَزْتَ بِبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ الْبَحْرَ وَ

نیز اسرائیل کی اولاد کو دریا کی لہروں پرسے گزار دیا

تَمَّتْ كَلِمَتُكَ الْحُسْنٰى عَلَيْهِمْ بِمَا

اور اس عنوان سے ان کے حق میں تیرا وعدۂ خیر پورا ہوگیا کیوں کہ

صَبَرُوْا وَ اَوْرَثْتَهُمْ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

انھوں نے صبر سے کام لیا تھا پھر انہیں مشرق و مغرب کے علاقوں کا

وَ مَغَارِبَهَا الَّتِیْ بَارَكْتَ فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ

وارث بنا دیا۔ جنھیں تونے تمام جہانوں کے لیے برکتوں سے مالا مال فرما دیا تھا اس کے

وَ اَغْرَقْتَ فِرْعَوْنَ وَ جُنُوْدَهٗ وَ

علاوہ تونے فرعون، اس کے لشکر اور اس کی سواریوں کو

مَرَاكِبَهٗ فِی الْيَمِّ وَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ

غرقاب کردیا۔ نیز تیرے اس نہایت بزرگ، بہت عزیز اور انتہائی

الْاَعْظَمِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

پُرجلال اسمِ گرامی کی قسم اور اس نورِ مجد و عظمت کا واسطہ جس کے

وَ بِمَجْدِكَ الَّذِیْ تَجَلَّيْتَ بِهٖ

پردے میں تونے اپنے کلیم حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے لیے

لِمُوسٰی کَلِیْمِكَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ

طور سینا پر تجلی فرمائی اور اس سے پہلے تو اپنے

طُوْرِ سَیْنَاءَ وَلِاِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

دوست ابراہیم علیہ السلام کو مسجد خیف

خَلِیْلِكَ مِنْ قَبْلُ فِیْ مَسْجِدِ الْخَیْفِ

میں اپنا جلوہ دکھا چکا تھا۔

وَلِاِسْحٰقَ صَفِیِّكَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ

اسی طرح اپنے خاص بندے اسحٰق علیہ السلام کے لیے ان کی عبادت گاہ

بِئْرِ شَیْعٍ وَلِیَعْقُوْبَ نَبِیِّكَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

چاہ شیع پر اور اپنے نبی یعقوب علیہ السلام کے لیے

فِیْ بَیْتِ اِیْلٍ وَاَوْفَیْتَ لِاِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ

حرم ایل (بیت المقدس) میں ضیا باری کی نیز تیری اسی بزرگی و برتری کا واسطہ

السَّلَامُ بِمِیْثَاقِكَ وَلِاِسْحٰقَ بِحَلْفِكَ

جس سے تو نے ابراہیم کے ساتھ کئے ہوئے وعدے کی تکمیل فرمائی، اسحٰق کے لیے

وَلِیَعْقُوْبَ بِشَهَادَتِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ

اپنی قسم پوری کی، یعقوب کے حق میں گواہی دی اور تمام مومنین سے ایفائے عہد

بِوَعْدِكَ وَلِلدَّاعِیْنَ بِاَسْمَائِكَ

فرمایا۔ نیز جن لوگوں نے بھی اور جب کبھی تیرے عظیم ناموں سے تجھے پکارا ان کی دعاؤں

فَاَجبْتَ وَ بِمَجْدِكَ الَّذِیْ ظَهَرَ

کو تونے شرف قبول عطا فرمایا۔ مالک! تیری اس شان و شوکت

لِمُوْسَی بْنِ عِمْرَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

کے صدقے جس کی ایک جھلک تو نے قبۂ رُمّان میں

عَلٰی قُبَّةِ الرُّمَّانِ وَ بِاٰیٰاتِكَ الَّتِیْ

موسیٰ ابن عمران کو دکھائی نیز تیری ان نشانیوں کے

وَقَعَتْ عَلٰی اَرْضِ مِصْرَ بِمَجْدِ

وسیلے سے عرض ہے جو سرزمین مصر پر ظہور پذیر ہوئیں۔

الْعِزَّةِ وَ الْغَلَبَةِ بِاٰیٰاتٍ عَزِیْزَةٍ وَّ

ہاں، وہ معجزہ آگیں نشانیاں جنہیں عزت و جلال و

بِسُلْطَانِ الْقُوَّةِ وَ بِعِزَّةِ الْقُدْرَةِ

والا جاہی کی مثال اور قدرت و تمکنت و جہاں پناہی کی دلیل

وَ بِشَأْنِ الْكَلِمَةِ التَّامَّةِ وَ بِكَلِمَاتِكَ

کہنا چاہئے اور اس کامل لفظ (کُن) کے فیض سے

الَّتِیْ تَفَضَّلْتَ بِهَا عَلٰی اَهْلِ السَّمٰوٰتِ

نیز ان کلمات کے طفیل جس سے تونے آسمان کے باسیوں

وَ الْاَرْضِ وَ اَهْلِ الدُّنْیَا وَ اَهْلِ

زمین کے باشندوں اور دنیا ہو کہ آخرت، دونوں

الْاٰخِرَةِ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ مَنَنْتَ

جہاں سے تعلق رکھنے والوں کو اپنے لطف وکرم سے نوازا، اور تیری اس رحمت کا

بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِاسْتِطَاعَتِكَ

صدقہ جس کی وسعتوں سے تو نے اپنی پوری مخلوق کو رہین منت قرار دیا، نیز تیری اس

الَّتِیْ اَقَمْتَ بِهَا عَلَی الْعَالَمِیْنَ

رحمت کا واسطہ جس سے تو نے جگ جگ کی رکھوالی کی

وَبِنُوْرِكَ الَّذِیْ قَدْ خَرَّ مِنْ فَزَعِهٖ

اور تیرے اُس نور کی سوگند جس کی تجلی سے دہل کر طور سینا زمین پر آرہا۔

طُوْرُ سَیْنَاءَ وَبِعِلْمِكَ وَجَلَالِكَ

بار الہا! تجھے اپنے اس علم و جلال و کبریائی اور عزت و

وَكِبْرِیَآئِكَ وَعِزَّتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ

جبروت کا واسطہ جس کے آگے

الَّتِیْ لَمْ تَسْتَقِلَّهَا الْاَرْضُ وَانْخَفَضَتْ

عرصۂ گیتی بے ثبات کا خ فلک زمین گیر اور جس کے

لَهَا السَّمٰوٰتُ وَانْزَجَرَ لَهَا الْعُمْقُ

رعب سے سمندر کی اتھاہ گہرائی تلاطم در کنار

الْاَكْبَرُ وَرَكَدَتْ لَهَا الْبِحَارُ وَالْاَنْهَارُ

ہاں! ڈر کے مارے ندی ساگر دم بخود۔

وَخَضَعَتْ لَهَا الْجِبَالُ وَ سَكَنَتْ لَهَا

اونچے اونچے پہاڑ سرنگوں
خوف کی شدت سے

الْاَرْضُ بِمَنَاكِبِهَا وَاسْتَسْلَمَتْ لَهَا

دھرتی چپ سادھے ہوئے،
ہر پست و بلند پر سناٹا چھایا ہوا

الْخَلَائِقُ كُلُّهَا وَخَفَقَتْ لَهَا الرِّيَاحُ

اور ساری خلقت گردنیں ڈالے ہوئے ہے،
نیز جس کے سامنے ہوا

فِيْ جَرَيَانِهَا وَ خَمِدَتْ لَهَا النِّيْرَانُ

کے جھونکوں میں چلنے کی سکت نہیں رہتی اور بھڑکتے ہوئے آتش کدوں پر پالا پڑ جاتا

فِيْ اَوْطَانِهَا وَ بِسُلْطَانِكَ الَّذِيْ عُرِفَتْ

ہے۔ میرے مالک! تیرے اس
اقتدار اعلیٰ کے طفیل جس کے غلبے

لَكَ بِهِ الْغَلَبَةُ دَهْرَ الدُّهُوْرِ وَحُمِدْتَ

اور گرفت کی ہمہ گیری ہر دور
اور ہر زمانے پر روشن ہے

بِهِ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَبِكَلِمَتِكَ

تیری اس خوبی سے آسمان و زمین تیرے ستائش گر
اور سپاس گزار ہیں۔ نیز تیرے

كَلِمَةِ الصِّدْقِ الَّتِيْ سَبَقَتْ لِاَبِيْنَا

اس حرف رحمت کے وسیلے سے جو کمال صداقت کا
مظہر اور جس کی برکت سے ہمارے

اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ ذُرِّيَّتِهِ بِالرَّحْمَةِ

مورث اعلیٰ حضرت آدم علیہ السّلام
اور ان کی ذریت
موجب لطف و کرم قرار پائی

وَ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَتِكَ الَّتِیْ غَلَبَتْ

پھر تیرے اس کلمے کے سہارے سوالی ہوں جو دنیا جہاں کی

كُلَّ شَیْءٍ وَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ

ہر چیز پر غالب ہے۔ نیز تیری ذات اقدس کے اس نور کا واسطہ

تَجَلَّيْتَ بِهٖ لِلْجَبَلِ فَجَعَلَهٗ دَكًّا

جس کی تجلی سے طور کا پہاڑ چکنا چور ہوگیا۔ اور موسیٰ غش کھاکر

وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا وَ بِمَجْدِكَ الَّذِیْ

فرش زمین پر آرہے۔ نیز مجھے اس بزرگی و برتری کی قسم جس کا

ظَهَرَ عَلٰى طُوْرِ سِيْنَآءَ فَكَلَّمْتَ بِهٖ

ظہور کوہ سینا پر ہوا اور پھر جس کے توسط سے تو نے

عَبْدَكَ وَ رَسُوْلَكَ مُوْسَى بْنَ

اپنے بندے اور رسول موسیٰ عمران ؑ سے گفتگو فرمائی

عِمْرَانَ وَ بِطَلْعَتِكَ فِیْ سَاعِيْرَ وَ

نیز تیرے اس جلوے کا واسطہ جس سے عیسیٰ ؑ کا عبادت خانہ ساعیر

ظُهُوْرِكَ فِیْ جَبَلِ فَارَانَ بِرَبَوَاتِ

جگ مگانے لگا اور جس کی تابش سے فاران کے نشیب و فراز دمک اٹھے تیرے اس

الْمُقَدَّسِيْنَ وَ جُنُوْدِ الْمَلٰٓئِكَةِ الصَّآفِّيْنَ

جمال کے طفیل جس نے سراپا تقدس فرشتوں کے پرے، قطار در قطار

وَخُشُوْعِ الْمَلَآئِكَةِ الْمُسَبِّحِيْنَ وَ

ہمہ جاں خضوع وخشوع اور صف بستہ تسبیح خواں ملائکہ کے

بِبَرَكَاتِكَ الَّتِيْ بَارَكْتَ فِيْهَا

جھرمٹ میں جوت جگائی ! نیز تیری ان برکتوں

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

کے صدقے جو تونے اپنے دوست ابراہیم علیہ السّلام

فِيْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کے ذریعے امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ کو ارزاں کیں

وَاٰلِهٖ وَبَارَكْتَ لِاِسْحٰقَ صَفِيِّكَ

اور اپنے برگزیدہ بندے اسحٰق کے باعث

فِيْ اُمَّةِ عِيْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَ

جناب عیسیٰ علیہما السّلام کی قوم کو عطا فرمائیں

بَارَكْتَ لِيَعْقُوْبَ اِسْرَآئِيْلِكَ فِيْ اُمَّةِ

پھر اپنے خاص الخاص بندے یعقوب کے وسیلے تیری قدرت

مُوْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَبَارَكْتَ لِحَبِيْبِكَ

سے یہ برکتیں حضرت موسیٰ کی ملت کو مرحمت ہوئیں اور بالآخر ان تمام

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فِيْ

برکات کو تونے اپنے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے سبب

عِتْرَتِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ وَ

ان کی عترت، ذریت اور امت کا مقوم بنادیا، بارالہا!

كَمَا غِبْنَا عَنْ ذٰلِكَ وَلَمْ نَشْهَدْهُ وَ

تیری ان نوازشوں اور عنایتوں کے ہنگام ہم تو تھے نہیں! چنانچہ وہ بہار لطف وکرم ہم

اٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهُ صِدْقًا وَ عَدْلًا

اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ سکے مگر ان تمام ان دیکھی حقیقتوں پر ایمان ہے اور دیدار سے محروم

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

رہنے کے باوجود ہم سچائی اور انصاف کے ساتھ ان پر یقین رکھتے ہیں اب تجھ سے استدعا

وَاَنْ تُبَارِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

ہے کہ تو اپنے وتیرے کے مطابق محمد وآل محمد پر درود بھیج ان پر اپنی برکتیں نازل فرما۔

وَتَرَحَّمَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور رحمت کا سایہ برقرار رکھ محمد پر اور ان کی اولاد پر

كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ

جس طرح تو نے ابراہیم اور ابراہیم کی

وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ

آل کو بہتر سے بہتر انداز میں درود وبرکت

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ فَعَّالٌ

و رحمت سے نہالوں نہال کر دیا۔ بے شک!

لِمَا تُرِيدُ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

تو لائق ستائش بڑی شان و شوکت کا مالک اپنے ارادے کو پورا کرنے والا اور ہر چیز

قَدِيرٌ اب اپنی حاجت بیان کیجئے اور کہئے اَللّٰهُمَّ

پر تجھے قدرت حاصل ہے، پروردگارا!

بِحَقِّ هٰذَا الدُّعَآءِ وَ بِحَقِّ هٰذِهِ

اس دعا اور ان اسمائے گرامی کا واسطہ

الْاَسْمَآءِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُ تَفْسِيْرَهَا

جن کی حقیقی تفسیر اور واقعی مفہوم کو تیرے سوا

وَلَا يَعْلَمُ بَاطِنَهَا غَيْرُكَ صَلِّ عَلٰى

اور کوئی نہیں جانتا محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ

پر تیرا درود! اور معبود! مجھ سے وہ سلوک فرما

مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِيْ مَا

جو تیرے شایانِ شان ہے، وہ طریق کار روانہ رکھنا

اَنَا اَهْلُهٗ ط وَاغْفِرْ لِيْ مِنْ ذُنُوْبِيْ

جس کا میں سزاوار ہوں، یا اللہ! تو میرے

مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَاَخَّرَ وَ وَسِّعْ

پچھلے گناہوں کو معاف کر دے اور آئندہ کی لغزشوں سے بھی درگزر فرمانا،

عَلَیَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَاكْفِنِیْ

نیز میرے دامن طلب کو رزق حلال سے بھر دے، اس کے

مُؤْنَةَ اِنْسَانٍ سَوْءٍ وَجَارٍ سَوْءٍ وَ

علاوہ تو مجھے برے آدمیوں، ناہنجار پڑوسیوں

قَرِيْنٍ سَوْءٍ وَ سُلْطَانٍ سَوْءٍ اِنَّكَ

بدرفتار ہم نشینوں اور غلط کار حاکموں کا نیازمند ہونے سے محفوظ رکھ بے شک تو

عَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ وَ بِكُلِّ شَیْءٍ

سب کچھ کر سکتا ہے، اور ہر بات سے آگاہ

عَلِيْمٌ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ بعض نسخوں

ہے، اے رب العالمین! تو میری دُعا کو قبول فرمالے۔

کے مطابق وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ

اور ہر چیز پر تجھے قدرت حاصل ہے

کے بعد حاجت طلب کیجیے، اور اس طرح کہیے يَا اَللّٰهُ

اے اللہ!

يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ

اے چاہنے والے! اے کرم گستر! اے آسمان اور زمین

وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

کے خالق! اے جلال و عظمت کے مالک!

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ

اے سب سے بڑے مہربان! اے اللہ! اس دُعا

هٰذَا الدُّعَاۤءِ تا آخر----------------!

کی حرمت کا واسطہ!

